NAQLIYAT E HAZRAT BANDAGI MIYAN ABDUR RASHEED RZ | TRANSLATED AND EXPLICATED

TAUZIHAAT توضیحات

TYPED/GRAPHICS:

FAQUEER SYED SAYEEDUL HAQ

SHAHEEN TASHREEFULLAHI

BY

FAZILUL ASAR ASAD-UL-ULOMAHAZRAT MIYAN ABU SAYEED SYED MAHMOOD RH

حصۂ توضیحات

از

فاضل العصر اسعد العلماء حضرت فقیر ابو سعید سید محمود تشریف اللّٰہی

نعت در شانِ مہدیٔ موعود علیہ السلام

مِنْ خَاتِمِ الْوِلَايَةِ ضَوْءُ الْهُدٰى انيس
صَارَالْقُلُوبُ تَلْمَعُ كَالشَّمْسِ وَالْقَمَرْ
لَمَّا رَاَى الْكِرَامُ اِلٰى نُوْرِ وَجْهِهٖ
قَالُوا ثِنِىً مُحَمَّدُ الْمُصْطَفٰى ظَهَرْ

اُستاذنا علامتہ العصر مولانا محمد سعادت اللہ خاں ہوشؔ مندوزی سابق پرنسپل دارالعلوم کالج بلدہ حیدرآباد دکن

ترجمہ:- خاتم الولایت کے ذریعہ ہدایت کی روشنی پھیلی قلوب شمس و قمر کی طرح منور ہوگئے صاحبِ حال اُن کے رخِ انور کو دیکھ کر کہنے لگے کہ محمد مصطفیٰؐ نے دوبارہ ظہور پایا ہے۔

منظوم تاریخ

از

خان علامہ مولانا محمد سعادۃ اللہ خاں صاحب ہوشؔ مندوزی

اسعدِ علماء نے لکھی شرح نقول و مرویات

ہے جو باعثِ شرح الصدر نام ہے جس کا توضیحات

اچھی نیت اچھے کام اَلاعمال بالنیات

ہوشؔ نے یوں تاریخ کہی انجم گوہر توضیحات

1950 عیسوی

فہرستِ مضامینِ حصۂ توضیحات

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
نعت در شانِ مہدیٔ موعود علیہ السلام		جو اُمور تواتر سے ثابت ہوں اُن سے قطعی و یقینی علم حاصل ہوتا ہے جن کا انکار نقل و عقل کے خلاف ہے	
لمعات (تمہید)		ابنِ خلدون نے احادیثِ بعثتِ مہدیٔ موعودؑ سے جو اختلاف کیا اُصولِ محدثین کے خلاف ہے	
لمعۂ اول حمد وصلوٰۃ		احادیثِ متواترہ میں راویوں کے ضعف و قوت سے بحث کی ضرورت نہیں ہے	
لمعۂ دوم بعثتِ مہدیٔ موعود		یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ خلفائے بنی عباس کے زمانہ احادیثِ مہدیٔ موعودؑ پر پروپگنڈے کے لیے وضع ہوئی ہیں	
خلیفۃ اللہ کی بعثت صرف منشاء و مصلحتِ خدائے تعالیٰ پر منحصر ہے		لمعۂ سوم	
وحی "الہام" و کشف کا فرق		بخاری و مسلم میں مہدیٔ موعودؑ کا ذکر نہ ہونا	
وحی اور اس کے اقسام کی توضیح		امام بخاریؒ کا زمانہ اور اُن کی مشکلات	
وہ احادیث جن میں مہدی علیہ السلام کی بعثت کا ذکر ہے۔		اُصولِ حدیث کے تحت صحیح بخاری کی حدیث پر بحث	
مہدیٔ موعودؑ آلِ رسول ﷺ سے ہوں گے		صحیح بخاری کو اصح الکتب کہنے کا مطلب	
مہدیٔ موعودؑ اور اُن کے والد کا نام حضرت رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے والد کا نام پر ہو گا		علمِ دین کا انحصار صرف بخاری و مسلم پر نہیں ہے	
قیامت اُس وقت تک نہ ہو گی جب تک کہ مہدیٔ موعودؑ کی بعثت نہ ہو جائے		مسائلِ حنفیہ کی بنیاد جن احادیث پر ہے اُن میں کی اکثر احادیث بخاری و مسلم میں موجود نہیں ہیں	
مہدیٔ موعودؑ وسطِ امتِ محمدیہ میں ظہور پائیں گے		بخاری و مسلم اور موطا امام مالک میں مناسبت	
مہدیٔ موعودؑ خلیفۃ اللہ ہیں اور اُن کی بیعت فرض ہے مہدیٔ موعودؑ معصوم عن الخطا ہوں گے		امام بخاری نے چھ لاکھ صحیح حدیثیں نکالی جن میں سے احادیثِ صحیحہ کا کثیر حصہ صحیح بخاری میں درج نہیں ہوا ہے	
مہدیٔ موعودؑ آنحضرتؐ کے نقشِ قدم پر چلیں گے			
مہدیٔ موعودؑ اور مجتہد کا فرق			
جب مہدیٔ موعودؑ کی بعثت ہو گی تو آپؑ سے قبل کے مجتہدین کے تمام مذاہب کی تقلید بالعمل باطل ہو جائے گی			
مہدیٔ موعودؑ کی بعثت کے مسئلہ میں جتنی کثیر احادیث وارد ہوئی ہیں اتنی کثرت کسی اور مسئلہ کے متعلق نہیں پائی جاتی۔			

احادیثِ بعثتِ مہدیٔ موعودؑ کو اکابر علمائے اہلِ سنت نے متواتر المعنی تسلیم کیا ہے

لمعۂ چہارم

مہدیؑ و عیسیٰؑ ایک زمانہ میں نہ ہونے کی بحث

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وقتِ واحد میں دو خلیفے بیعت لیں تو ایک کو قتل کر ڈالو

امام نوویؒ نے بیان کیا کہ ایک زمانے میں دو خلیفے جمع نہ ہونے کے بارے میں سلف نے اجماع کیا ہے

بخاری و مسلم کی بعض روایتوں میں جیشؔ، امیرؔ امامؔ وغیرہ الفاظ سے بعض لوگوں نے مہدیٔ موعودؑ جو مراد لی ہے صحیح نہیں ہے

علامہ قاضی منتخب الدین جونیریؒ نے ثبتِ مہدیتِ امامنا علیہ السلام پر "مخزن الدلایل" ایک کتاب عربی زبان میں لکھی ہے جس میں عیسیٰؑ و مہدیؑ ایک زمانہ میں ہونے کے خیال کو دلائلِ قطعیہ سے باطل قرار دیا ہے

جب یہ بات تسلیم ہے کہ بخاری و مسلم میں مہدیؑ کا ذکر نہیں ہے تو پھر صحیح بخاری و مسلم میں جیشؔ، امیرؔ، امامؔ وغیرہ الفاظ جن حدیثوں میں آئے ہیں اُن سے مہدیٔ موعودؑ مراد نہیں لی جاسکتی بلکہ اُس سے کوئی اور شخص مراد ہو گا۔

علامہ تفتازانیؒ نے شرح مقاصد میں تحریر فرمایا ہے کہ عیسیٰؑ کا مہدیؑ کی اقتداء کرنا یا مہدیؑ کا عیسیٰؑ کی اقتداء کرنا ایک لایعنی بے اصل بات ہے جس کی کوئی سند نہیں۔ عیسیٰؑ و مہدیؑ ایک زمانہ میں ہونے کے بارے میں کوئی صحیح حدیث موجود نہیں ہے

لمعۂ پنجم

قرآنِ مجید میں لفظِ مہدیؑ کا ذکر کیوں نہیں ہے

ایک شخص کی بعثت کا ذکر قرآن میں پایا جاتا ہے

احادیثِ بعثتِ مہدیٔ موعودؑ اِن آیات ہی کی تفسیر ہیں

قرآن میں جس شخص کی بعثت کا ذکر ہے حضرت رسول اللہ ﷺ نے اُس کو لفظِ "مہدیؑ" سے مخاطب فرمایا ہے

لمعۂ ششم

بخاری و مسلم میں بعثتِ مہدیٔ موعودؑ کی حادیث نہ ہونے کے باوجود علمائے اکابر اہلِ سنت نے مسئلہ مہدیٔ موعودؑ کو داخلِ اعتقاد بات قرار دیا اور عقاید کی کتابوں میں اس کا ذکر ضرور کیا ہے

نویں دسویں صدی ہجری کے حالات ضرورتِ بعثت جو لوگ امامناؑ کی تصدیق سے مشرف ہوئے اُنھوں نے آپؑ کی صداقت کو اِسی معیار پر پایا جن اُصولِ معیار پر انبیاء کی صداقت کو ثابت کیا جاسکتا ہے

اپنے پرائے سب آپؑ کے تقدس مآب خلاق و عادات کے معترف رہے ہیں

عبادات کی تین قسم ہیں، جسمانی، مالی، قلبی، فقہانے جسمانی و مالی عبادات کے مسائل کی خوب موشگافی کی ہے لیکن قلبی عبادات کا اِس میں کوئی ذکر نہیں

رائے دلپت اور سلطان حسین شرقی کی جنگ میں امامناؑ کی شرکت اور غیر معمولی قوت کا ظہور رائے دلپت کے قلب پر اُس بت کی تصویر نظر آئی جس کی وہ پوجا کرتا تھا۔

دماغ مقامِ تصور ہے دل مقامِ تصدیق

امامناؑ پر جذبۂ حقانی نمودار ہو گیا اور یہ بارہ سال رہا ہے۔ سات سال ایسے گزرے کہ کچھ کھایا نہ پیا۔

عدم تعدی کے بارے میں مشہور و معروف علمائے معقول کے شواہد

جذبہ کے عالم میں بھی کوئی خلافِ شرع فعل تو کیا صادر ہوتا نماز تک قضا نہ ہونے پائی۔

امامناؑ نے طریقت و معرفت کی تعلیم اس نہج پر دی کہ کسی حال اور کسی مقام میں بھی شرک نہ ہونے پائے۔ اور آدابِ شریعت کی پابندی لازم قرار دے کر دھوکہ اور فریب کے راستے بند کر دیے، اقرب الطریق یعنی نزدیک کے راستہ کی توضیح

مختصر حالات و خلاصۂ احکام

مسلمانوں کا کوئی فرقہ اکابرِ اہلِ سنت کا اتنا موافق نہ مل سکے گا جتنا مہدویہ کا مسلک ہے

میت کی زیارت چوتھے دن جو کی جاتی ہے اُس کے متعلق احادیث

ہماری حقانیت و کتاب و سنت کی موافقت کو عمیق انتہائی محتاط نظر سے جانچنے کی ضرورت ہے

عموماً دھوکہ یہ ہوتا ہے کہ حنفیہ ہی اہلِ سنت ہیں حالانکہ چاروں ائمہؒ اہلِ سنت میں داخل ہیں

موافقتِ اہلِ سنت کی توضیح

امامناؑ کا دعویٰ کتاب اللہ و سنتِ رسول اللہ ﷺ کی موافقت پر تھا

حضرت سید محمدؒ جونپوری کی ذات "مہدیٔ موعودؑ" مسلم ہونے کی وجہ ہم اُنھیں عقائد کے پابند ہیں جو مہدیٔ موعودؑ کی نسبت ہونے چاہیں

مہدویوں نے حدیث فقہ و کلام کی کتابیں علٰحدہ مرتب نہیں کی ہیں۔ اِن کا استدلال اُن کتابوں سے ہوتا ہے جو اکابرِ اہلِ سنت نے مرتب کیں اور اِن میں معتبر و مسلم رہی ہیں

آمدِ مہدیؑ کے بارے میں جو لوگ معترض ہیں اُن میں کے اکثر کا ماخذ، ابنِ خلدون کے خیالات ہیں اور مذہبِ مہدویہ پر جو لوگ اعتراض کی جسارت کرتے ہیں اِس کی وجہ زیادہ تر "ہدیہ مہدویہ" مولفۂ زماں خاں شاہجہانپوری یا اِس سے استفادہ کی ہوئی کتابوں کا مطالعہ ہے

مولفِ ہدیہ مہدویہ کے واقعہ قتل سے دو سال قبل ہی ہدیۂ مہدویہ کے جوابات نکل چکے تھے

کلامِ خصم کی بنا پر بغیر تحقیق کسی جماعت کو یا کسی فرد کو موردِ الزام نہیں کیا جا سکتا

استدلال کا ایک اصول یہ ہے کہ فریقِ مقابل کے مسلمات سے اپنا ثبوت مہیا کیا جائے۔ اِس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اِس کے تمام مسلمات ہمارے مسلمات ہو جائیں۔ قرآن و حدیث و اولیائے کرام سے جو بھی استفادہ کرے گا اُس کا کلام مذہبِ مہدویہ سے زیادہ تر موافق پایا جائے گا

نفس کے مطالبات کی توضیح

لا رھبانیۃ فی الاسلام کی صحیح اتباع کیساتھ انبیاء، صحابہؓ و کاملین کی زندگی جلایۃ رکرنے کا طریقہ تعلیمات امامناؑ سے معلوم ہو سکتا ہے

توضیح روایت (1)، (2)، (265) دربیانِ صحت

نقلیات، مبارکہ:-

اُصولِ حدیث و اُصولِ رجال کی بحث

جو روایات محض راویوں کے غیر ثقہ یا تفرد کی وجہ محدثین کے پاس قابلِ استناد قرار نہ دی گئی ہوں اور ضعیف ہونے کی وجہ استخراجِ مسائل میں اُن کو ناقابلِ استفادہ قرار دیا گیا ہو اور حقیقتہً وہ روایات صحیح ہیں تو مہدیٔ موعود کی بعثت کے بعد ان روایات کی صحت کی تصدیق یقیناً ممکن ہے

توضیح روایات دربیانِ ثبوتِ مہدیت

تفسیر آیۂ شریفہ "اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ" بعثتِ مہدیٔ موعودؑ کا مہتم بالشان مسلہؑ قرآن میں مذکور نہ ہونا صحیح نہیں ہے

اِن احادیث کی تطبیق بالقرآن سے یہ معلوم کرنا آسان ہو جاتا کہ وہ احادیث کن آیات کی تفسیر واقع ہوئی ہیں

آیت مذکورہ کی تفسیر میں "مَنْ" کی ذات خاص خلیفۃ اللہ سے متعلق ہے

"مَنْ" اور اس کے متعلقہ ضمائر

"مَنْ" کا صاحبِ بینہ ہونا

آیات و بینات کا استعمال قرآنِ مجید میں صرف اُن اُمور سے متعلق ہوا ہے جو طاقتِ بشری سے خارج ہوں عام ازیں کہ وہ اُمور انبیاء کی نبوت پر دال ہوں یا خاص قدتِ الٰہیہ پر دال ہوں

جنگِ بدر کا واقعہ

(اختتامِ مضمونِ تمہید)

توضیحات

ولایت کے متعلق دیگر علماء کے اقوال

مولفِ ہدیۂ مہدویہ کی غلط بیانی

"بینہ" سے مراد اتباعِ ولایتِ مصطفیٰ ﷺ ہے

امامناعلیہ السلام کا صاحبِ ولایت ہونا ان لوگوں نے بھی تسلیم کیا ہے جنھوں نے آپؑ کے دعوئے مہدیت کی تصدیق نہیں کی

قولاً، فعلاً، حالاً بے خطا اتباع صرف خلیفۃ اللہ سے ممکن ہے

"یَتْلُوْہ" کی ضمیر کی تخصیص

"اُولٰئِکَ یُؤْمِنُوْنَ بِہٖ" کی تفسیر

اِس سے "مَنْ" کی ذات داخلِ ایمانیات قرار پاتی ہے اور اُمتِ رسولؐ میں بجز حضرت عیسیٰ و مہدیٔ موعود علیہما السلام کے کوئی فرد ایسا نہیں جس پر ایمان لانا فرض ہو

"وَمَنْ یَّکْفُرْبِہٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدَّۃ" کی تفسیر

اِس سے "مَنْ" کا انکار کفر اور اُس کی تعزیر دوزخ ثابت ہوتی ہے

جب اس کا انکار کفر ہے تو وہ خلیفۃ اللہ ہی ہو سکتا ہے

"فَلَا تَکُ فِیْ مِرْیَۃٍ مِّنْہُ" کی تفسیر

"اِنَّہُ الْحَقُ مِنْ رَّبِکَ" اور "اَکْثَرَ النَّاسِ لَایُؤْمِنُوْنَ" صاف دلالت کر رہے ہیں کہ اِس "مَنْ" سے خلیفۃ اللہ "وَ مفْتَرِضَ الطَّاعَۃَ وَالْاِیْمَانْ" فرد مراد ہے

توضیح روایت (9)،(280)

امامناؑ نے فرمایا "بندہ کو روزنہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلاواسطہ تعلیم ہوا کرتی ہے"

وحی بالتوسط و بلاتوسط کی توضیح

امامناؑ کو وہبی علم حاصل تھا۔

معرفتِ ذات و صفات نورِ ولایت کے بغیر ممکن نہیں اس لیے ہر نبی کو پہلے ولایت حاصل ہوتی ہے۔

"وَلٰکِنَّ جَعَلْنَاہُ نُوْراً" آئیہ شریفہ کی تفسیر حضرت شاہِ قاسم مجتہدِ گروہؒ نے جو تحریر فرمائی ہے ولایتِ مصطفیٰؐ کی توضیح جو حضرت موصفؒ نے بیان فرمائی ہے۔

سات سال کی عمر میں کلام اللہ حفظ فرمایا بارہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہو گئے۔ تمام علماء نے "اسد العلماء" کا خطاب دیا

آپؑ کے استاد سے جو عقدے حل نہ ہو سکتے تھے آپؑ نے حل فرمادیے۔ اور اکثر ایک ہی جواب میں مطلب ادا ہو جاتا تھا

حضرت خواجہ خضر کا امامناؑ کو امانت سپرد کرنے کا اہم واقعہ

امامناؑ کا اپنے استاد کے علم پر فوقیت رکھنا حیرت کی بات نہیں داؤد و سلیمان علیہما السلام کا ایک مقدمہ میں اہم فیصلہ بارہ سالہ عمر کے اندر اندر علم کسبی سے جو تعلق رہا وہ صرف اظہارِ اعجاز کے لیے تھا

توضیح روایت (10)

"ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَہٗ" کی تفسیر

مولف ہدیۂ مہدویہ کا اعتراض و جواب

لفظ "فارقلیط" کی تحقیق

اسلام۔ ایمان۔ احسان کی توضیح

توضیح روایت (11)

امامناؑ کا منجانب اللہ بعض امورِ مغیبہ پر آگاہ رہنا

مولفِ ہدیۂ مہدویہ کا اعتراض و جواب

علمِ غیب کی تعریف و توضیح آیات و احادیث کی روشنی میں

توضیح روایت (12)

ولاتِ باسعادت کا اہم واقعہ کہ جب تک کپڑے نہ پہنائے گئے آپؑ نے شرمگاہ پر دونوں ہاتھ رکھ لیتے تھے

امامناؑ کی تسمیہ خوانی کا اہم واقعہ

شاہ دانیلؒ کے مدرسہ میں تعلیم پانا

توضیح روایات دربیانِ معجزات

نشانی یا دلیل طلب کرنا انسان کی فطری خصوصیت ہے

خلیفۃ اللہ ایسی نشانیاں دِکھاتا ہے جو قدرتِ بشری سے خارج ہوں

معجزہ۔ کرامت۔ اور سحر کا فرق

امامناعلیہ السلام کے بعض اخبارِ مغیبہ جن کو آپؑ نے بطورِ تحدی و حجتِ مہدیت بیان فرمایا

توضیح روایات دربیانِ پسخوردہ

حضرت رسول اللہ ﷺ کا پسخوردہ اور اُس کی تاثیر

پسخوردہ کی تاثیر محض صالحیت و لطفِ الٰہی سے پیدا ہوتی ہے

حضرت بندگی میاں شاہِ نعمتؒ کا واقعہ

دائرہ میں کتا رہنے پر مولفِ ہدیۂ مہدویہ کا اعتراض اور اُس کا جواب

توضیح روایات دربیانِ انکارِ مہدیؑ

نکارِ مہدیؑ کفر ہونے کے وجوہ

اِس کا یہ مطلب نہیں کہ آدمی آدمی کو کافر کہتے پھریں

قلت و کثرت قابلِ لحاظ نہیں، احکامِ شرع قابلِ لحاظ ہیں

مخالفین کی صحبت سے بچنے کی ہدایات

امام مہدیؑ کا ظہور ہو تو فقہا و علماء ہی دشمن ہونے کی پیشگوئی

توضیح روایات دربیانِ عشق

عشق کی ایک اہم نوعیت کی توضیح

خاتمینؑ کی خصوصیت یہ ہے کہ حبِ ذاتی اور عشقِ حقیقی کے اکمل مظاہر ہیں

مہدیٔ موعودؑ اور اُن کے والدِ ماجد کے نام کے بارے میں علماء کا سوال امامنا علیہ السلام کا جواب مولفِ ہدیۂ مہدویہ کا اعتراض اور اُس کا جواب

عبداللہ کی توضیح

توضیح روایات (26)،(27)

امامناعلیہ السلام کی حیاتِ طیبہ میں حق کی تاثیر ہر روز ترقی پا رہی تھی

امامناؑ کی صحبت میں بعض ہستیاں وہبی عشق سے بھی سرفراز تھیں

اس کی پیشگوئی حدیثِ شریف میں بھی ہے

عشق و محبتِ الٰہی فی الحقیقت بدنِ اسلام کی روح ہے امامناعلیہ السلام کی تعلیمات، بے روح علمیت کے خلاف ایک جہادِ عظیم ہیں

بیعت شیخ بھی ضروریاتِ عشق میں داخل ہے

دورِ نبوت میں بھی بیعت کا عمل تھا دورِ ولایت میں بھی جاری ہے

آیات و احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ جب صالحین و راشدین کا وجود ختم ہو جائے گا تو وہی قیامت کو وقوع کا وقت ہو گا

فرایضِ ولایت

امامناؑ کے احکام، احکامِ شرعیہ کے مماثل ہیں

جن مسائل کو ائمہِ مجتہدینؒ نے مستحب قرار دیا ہو اُن کو فرض قرار دینے سے نسخ لازم نہیں آتا

شریعت و طریقت کی توضیح

ظاہر و باطن کے مسائل کی حقیقت

توضیح روایات دربیانِ طلبِ دیدارِ خدا

اللہ تعالیٰ کے وجود اور اُس کی وحدانیت پر ایمان و اعتقاد کے بعد اُس کی طلب پیدا ہونا فطری لازمہ ہے

جذبۂ طلب کا صحیح یا غلط استعمال

دنیا میں کوئی خدا کا منکر نہیں اصطلاحات و تصوارت کا فرق ہے

"كُنْتُ نَبِيًّا وَاٰدَمَ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ" حدیثِ شریف کی تشریح

خاتمِ ولایتِ محمدیہؐ کہنے کا مطلب

نفوس ناطقہ کے لحاظ سے صفتِ عشق کی توضیح

توضیح روایات دربیانِ ترغیبِ عشق

عشقِ کسبی اور وہبی کا فرق

اللہ تعالیٰ کا دیدار چشمِ سر یا چشمِ دل یا خواب ہونا مسلماتِ اہلِ سنت میں داخل ہے

مسئلہ دیدارِ خدا سے متعلق ایک آئیہ شریفہ پر نہایت بادلیل بحث

شرعی ضابطہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جس امر کا حکم دے اور جس امر سے منع کرے اور اس کی خلاف ورزی کی سزا دوزخ قرار دے تو اُس کی اتباع اور امر ممنوع کو ترک کرنا فرض ہو گا

دیدار سے متعلق آیتِ قرآن کے لفظِ "لقاء" کی تحقیق

متقدمین، متکلمین کے طرزِ استدلال کی خصوصیت

رویتِ باری تعالیٰ کے بارے میں مادی جسم کی رویت کی شرائط ولوازم کے اُصول پر بحث کرنا غلطی ہے

جو حکم قرآن وحدیثِ متواتر سے ثابت ہو اس پر ایمان لانا فرض ہے خواہ ہماری عقل اِس کو سمجھنے سے قاصر ہو

آیتِ قرآنِ مجید جس میں "دیدار" کی آرزو نہ کرنے والے کا ٹھکانہ دوزخ قرار دیا گیا ہے

فرمانِ امامناعلیہ السلام میں بینائی کی تشریح

رویتِ مطلقہ ورویتِ مقیدہ کی توضیح

توضیح دربیانِ رموزِ حقیقت

آنچہ دربیان می آید ہمہ شریعت است۔ طریقت دربیان نمی آید"۔ کی تشریح

"ولایت" بھی اللہ تعالیٰ کی ذات کی ایک خصوصیت ہے

ولایت کی حقیقت بیان میں نہ آسکنا اور ہے دیدارِ الٰہی وسیر ولایت اور

بعض لوگ صرف ظاہری عبادات ومعاملات کی حد تک مظاہرۂ محبت واطاعت پر اکتفا کرتے ہیں اور بعض کے جذباتی عنصر میں اتنا انقلاب پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ اِن حدود سے اوپر ترقی چاہتے ہیں

اللہ تعالیٰ کے وجود کا تصور جتنا زیادہ قریب الصفت ہو گا اقرارِ توحید کی منازل میں اُس کا مقام آگے ہو گا

طلبِ دیدارِ خدا کی فرضیت اور مولفِ ہدیۂ مہدویہ کے اعتراضات کی بحث

ائمہ مجتہدینؒ صرف عبادات ومعاملات کے مسائل کی کاوشوں میں منہمک رہے۔ عشق ومحبتِ الٰہی کے لوازم سے متعلق رکھنے والے مسائل میں اُنھوں نے موشگافی نہیں کی

بعض آیاتِ قرآن میں دنیا کی مذمت اور دوزخ کی سزا کا بیان

"ترکِ دنیا" اور "توکل" کے مسائل کا فرق

"حیاتِ دنیا" اور "متاعِ حیاتِ دنیا" سے متعلق امامناعلیہ السلام کا فرمان

"متاعِ حیاتِ دنیا" کی توضیح

دنیا میں منہمک ومشغول ہونا منع ہے صاحبِ زن وفرزند ہونا منع نہیں۔

"رہبانیت" اور تعلیماتِ امامناعلیہ السلام کا فرق

"لِلْفُقَرَاءُ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ" کا فرق

اصحابِ صفہؓ کی اہم خصوصیات

"اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ" کا مطلب

"لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ" کی تفسیر

فقرِ اضطراری واختیاری کا فرق

مومن کے لیے کسب ممنوع نہیں ہے

"تَعَفُّفْ" یعنی استغناء سوال سے بچنے کی خصوصیت

سوال حرام ہونے کی توضیح

توضیح دربیانِ ترکِ دنیا

"رُہبَانِیَة" کا ترجمہ "ترکِ دنیا" کرنا غلط اور اصول اسلام کے مغائر ہے

قرآنِ مجید میں لفظِ "دنیا" کے استعمال کی خصوصیت

احادیث میں "ترکِ دنیا" کے لفظ اور اُس کی فضیلت پائی جاتی ہے

"ربہانیتہ" اور "زہد" کے فرق کی توضیح

"زُہَدْ فِی الدُّنْیَا" اور "ترکِ دنیا" بالکل ہم معنی ہیں

ترکِ دنیا کی ظاہرہ صورت، ترکِ محبتِ متاعِ حیاتِ دنیا ہے اور اِس کی باطنی صورت، ترکِ ہستی و خودی

حیاتِ دنیا کی توضیح

ترکِ شرک کا کمال یہ ہے کہ ترکِ خودی بھی ہو جائے

حیاتِ طیبہ کی توضیح

اضطراری موت اور اختیاری موت کا فرق

ترکِ خودی سے دیدارِ خدا نصیب ہو سکتا ہے

آیتِ قرآن کے لفظ "عَمَلِ صَالح" کی تفسیر

طریقۂ مہدویہ کے لحاظ سے ایک اور نوعیت کی توضیح

ترکِ دنیا سے متعلق مولفِ ہدیۂ مہدویہ کے اعتراضات اور اُس کے جواب

توضیحِ روایات دربیان ذکر اللہ

جن آیات میں "ذکر اللہ" کا بیان ہے اس پر بعض لوگوں نے جو تاویل کی ہے اُس پر تنقید

بعض آیات جن میں معرفتِ توحید پر زور دیا گیا ہے قرآنِ مجید کے مضامین بھی آیاتِ الٰہی ہیں

بعض آیات جن میں ذکرِ اسمِ الٰہی کی ہدایات ہیں

امامناؑ کی بعثت کا مقصد عشق و محبتِ الٰہی کی تعلیم ہے اِس لیے آپؑ کی تعلیمات کا موضوع طلبِ دیدارِ خدا ہے اور طلب کا لازمہ ذکر و توجہ بھی ہے

تعرفھم بسیماھو کی تفسیر

کسی فقیر کو پہچاننا ہر شخص کے بس کی بات نہیں

"اَللّٰہُ غَنِیٌ اَنْتُمُ الْفُقِیرا" اور لِلْفُقَرَاءِ الَّذِیْنَ اَحْصَرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کا فرق

امامناؑ نے ترکِ محبتِ متاعِ حیاتِ دنیا کی ہی تعلیم پر اکتفا نہیں فرمایا بلکہ یہ بھی کہ مومن آخرت کے ثواب پر بھی نظر نہ رکھے

حصولِ دیدارِ خدا ہی عین جنت ہے

مہدویت کا مرکز صرف خدائے تعالیٰ کی ذات ہے

"سُلْطَانُ اللَّیْلُ، سُلْطَانُ النَّہَارُ" کی توضیح

حضرت سید محمود سید نجی خاتم المرشدینؓ کا حکم تعلیماتِ امامناؑ کے خلاف نہیں ہو سکتا

ذکرِ "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" کے بعض مراتب کا بیان

ذکرِ "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" کی تاثیر

مراقبہ و مشاہدہ

ذکرِ خفی، تمام اذکارِ مراتبی میں افضل ترین ہے اس لیے فقرائے مہدویہ میں اورادِ وظایف اور "تسبیح" کے دانوں یا انگلیوں کی گنتی پر عمل نہیں رہا ہے

ذکرِ پاسِ انفاس کی توضیح جو حضرت بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ نے بیان فرمائی ہے

ذکرِ خفی میں بجز ذاتِ باری تعالیٰ کے کوئی اور تعلق نہیں ہو سکتا لیکن "اوراد" و "وظایف" میں غیر اللہ کا تعلق ہو سکتا ہے

"لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" کی توضیح جو حضرت مہدی علیہ السلام نے بیان فرمائی

ذکرِ الٰہی اور عبادات میں خیالِ ماسوی اللہ کا شمہ برابر بھی دخل باعثِ خلل تصور کیا جائے

ترکِ خیالِ ماسوی اللہ کے متعلق ایک اہم روایت

بعض لوگوں نے "ذکر" سے مراد نماز جو بیان کی ہے اُس کی حقیقت آیات و احادیث کی روشنی میں۔

آیتِ قرآن سے "ذکر" کی فرضیت کا ثبوت "نماز" اور "ذکر" کا فرق

"ذکر اللہ" سے غفلت موجبِ عتاب وعذاب ہے تو اُس کی فرضیت کو تسلیم کرنا اُصولِ شرعیہ میں داخل ہے

قرآن کے الفاظ میں "اُلُوالْاَلْبَابُ" کی خصوصیت جو بیان ہوئی ہے مہدویہ جماعت میں اُس کی مطابقت پائی جاتی ہے

عالیت وعزیمت اور رخصت کا فرق

حضرت بندگی ملک الہٰدادؒ کی انتہائے احتیاطِ تقویٰ کا ایک واقعہ

حلال طیب کی شرط کی حفاظت کے متعلق ایک اہم روایت

تعلیمِ توکل میں سوال سے بچنے کی زیادہ اہمیت پائی جاتی ہے

سفر خراسان میں امامنا علیہ السلام کی مناجات آپؑ نے صرف سوال ہی کو توکل کے منافی نہیں قرار دیا بلکہ صوتِ سوال سے بھی صریح طور پر منع فرمایا ہے

بعض روایات جن سے توکل کی خصوصیات ظاہر ہوتی ہیں

حضرت بی بی الہٰدادی رضی اللہ عنہا وفات پائیں تو اُن کی دامنی سے سونے کا ایک تنکہ نکلا۔ امامناؑ نے فرمایا گرم کرکے اُن کی پیشانی پر داغ دو

آیت وحدیث میں بھی داغ دیے جانے کا ذکر ہے

جو لوگ لاہوتی مقام پر ہوتے ہیں بغیر حلال طیب کسی اور طریقہ وتدبیر کی غذا کو اپنے لیے حرام سمجھتے ہیں

توکل کے باب میں امامناؑ کی تعلیمات میں رخصت کی حد رکھنے والے احکام بھی موجود ہیں

حضرت سید محمود سید نجی خاتم المرشدینؓ نے "رسا یندۂ خدا دو وقت کردہ بخورید" جو حکم فرمایا وہ حکمِ مہدیؑ کے تحت ہے

حضرت بندگی میاں سید محمود سید نجی رضی اللہ عنہٗ کے عمل سے توکل کی ایک اور اعلیٰ مثال کا علم ہوتا ہے

بعض روایات سے کاسبین کے گھر پر دعوت میں جانے کا حکم بھی پایا جاتا ہے

توضیح روایات دربیانِ توکل

آیات سے استدلال

توکل کو ایمان کی شرط قرار دیا گیا ہے اِس لیے ہر مومن پر توکل فرض ہو جاتا ہے خواہ یہ کتنا ہی کم درجہ کا ہو

رازقِ حقیقی کا بیان۔

توکل کا انتہائی مرتبہ یہ ہے کہ تمام ذاتی کاروبار کو خدا پر سونپ دے

آنحضرت ﷺ کی سیرتِ طیبہ میں توکل کی خصوصیت

حلال اور حلال طیب کا نازک فرق جو امامناؑ نے بیان فرمایا

اللہ تعالیٰ نے حلال چیزیں امتحان کے لیے پیدا کی ہیں

کسب وتجارت کی خصوصیت کیا ہونی چاہیے امامناؑ نے بیان فرمائی ہے

ہر انسان اپنے حدود وصلاحیت رسے آگے خدا پر بھروسہ کرنے پر مجبور ہے

روٹی کا مقصد بقائے صحت وتوانائی ہے صحت و توانائی کا مقصد ذکر و عبادتِ الٰہی ہے تاکہ باطن کھل جائے

ایک فرمانِ امامناؑ سے توکل کے اعلیٰ ترین مفہوم کا علم ہوتا ہے

رزق کی نسبت سے خدا پر بھروسہ کرنا بھی ایک گونہ غیر اللہ سے وابستگی کا حکم رکھتا ہے

فقرائے مہدویہ کی خدمت میں کوئی چیز پیش کی جاتی ہے تو اللہ کی طرف منسوب کرنے کی نیت سے "اللہ دیا" کہا جاتا ہے۔ اس کی توضیح آیاتِ قرآنِ مجید کی روشنی میں

توضیح روایات دربیانِ صحبتِ صادقاں

آئیہ شریفہ "كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ" کی تفسیر

"اتقوا اللہ" کی تفسیر

جس طرح تقویٰ ہر مومن پر فرض ولازم ہے۔ اُسی طرح صحبتِ صادقاں بھی فرض ہے

ایک روایت جس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ فقر و توکل زہد و تقویٰ کو مہدویوں کے شعار کی حیثیت سے کس قدر شہرت ہو چکی تھی

فقراء کے لیے بھائی بیٹے وغیرہ قریبی قرابتداروں کی کمائی سے استفادہ بھی منافی توکل قرار دیا گیا

ایک روایت کی توضیح جو حضرت امامناؑ نے ایک دفعہ روٹی ہاتھ میں پکڑ کر فرمایا کہ "بندہ اور خدا کے درمیان یہی پردہ ہے"

زندگی کا مقصد صرف روٹی نہیں قرار دیا جا سکتا

ہر تخلیق و ایجاد کا ایک مقصد ہوتا ہے غور کرنا چاہیے کہ انسان کی پیدائش کا مقصد کیا ہے

حق تو یہ ہے کہ اگر ہجرت کی تعلیم اور اُس کی اہمیت تعلیماتِ امامناؑ میں موجود نہ ہوتی تو یقیناً دعویٰ مہدیت کی صداقت متاثر ہو جاتی

امامناؑ نے اپنی صحبت سے مستفید ہونے والوں کی نسبت فرمایا جو شخص صبح میں ہجرت کر کے دائرہ میں آچکا ہو وہ اُس شخص کا مرشد ہے جو شام میں آئے

آئیہ شریفہ " لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ " کی تفسیر

یہاں مولفِ ہدیۂ مہدویہ کا اعتراض کہ اِس تفسیر مہدیؑ اور اُن کے صحابی سید خوندمیرؓ کی قرآن فہمی معلوم ہوتی ہے

اِس کا تحقیقی اور مسکت جواب

نازک تفہیم کو قرآن فہمی کے خلاف کہنا خود معترض کے مقامِ علم کا مظہر ہے

آیتِ قرآن میں ترکِ ہجرت کی سزا دوزخ قرار دی گئی ہے اِس لیے ہجرت از روئے اُصول فرض ہے

ہجرتِ ظاہری و باطنی کا فرق

حضرت سید محمود سید نجی خاتم المرشدینؓ کے حکم کی توضیح

آئیہ شریفہ " لَنْ تَرَانِي " کی تفسیر و تحقیق

بُری صحبت کا اثر مومن کے ایمان کو بھی متاثر کر سکتا ہے

فقراء کی خصوصیت اور بعیت کی اہمیت

مرشد کی صحبت کے گیارہ آداب اور اُن پر آیتِ قرآنِ مجید سے استدلال

توضیح روایات دربیانِ ہجرت

ہجرت کے بارے میں قرآن و حدیث سے استدلال

ہجرت و اخراج کا فرق

مولفِ ہدیۂ مہدویہ کے اعتراضات اور اُس کے جواب

آنحضرت ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ کی ہجرت

" لاهجرة بعد الفتح " کی تحقیق

علم اور عالم کے فضائل میں آیات و احادیث

تعلیماتِ امامناؑ میں علم کی اجازت و ممانعت دونوں پائی جاتی ہیں اس مسئلہ کی تحقیق

علم کی لغوی و اصطلاحی بحث

اُمی مہدوی غیر مہدوی عالم پر کسطرح غالب آتے تھے

علمِ دین کی خصوصیت اور صوفیہ و محققین کی اُس بارے میں تشریح

امامناؑ کی صحبت کی اہمیت اور اس کا اثر

ممانعتِ تحصیلِ علم یا مطالعۂ کتاب کی حقیقت

امامناؑ نے علومِ شرعیہ کی تحصیل سے بھی منع نہیں فرمایا

بعض اہم روایات کی توضیح

ایک روایت پر مولفِ ہدیۂ مہدویہ کی غلط فہمی کا ثبوت

اُن روایات کا بیان جن میں ضرورتِ علم پر زور دیا گیا ہے

جن صحابہؓ کو امامناؑ نے پہلے مطالعۂ کتب سے منع فرمایا تھا بعد میں خود آپؑ نے اجازت مرحمت فرمائی

فقرائے مہاجرین کا "ترکہ "اُن کے ایسے ورثاء کو نہیں دیا گیا جنھوں نے ہجرت نہ کی

اِس پر یہ خیال کرنا غلط ہے کہ مہدویوں کے پاس آیتِ مواریث کے مطابق " متروکہ " تقسیم نہیں کیا جاتا

ناسخ و منسوخ کے بارے میں مہدویوں کا نقطۂ نظر

تقسیمِ ترکہ کے بارے میں جو روایات زیرِ بحث ہیں وہ آیتِ قرآنِ مجید کے بالکل مطابق ہیں

آنحضرت ﷺ کے بلغِ قدک کا مشہور واقعہ

ہجرتِ ظاہری ہو یا باطنی ہر صورت میں کتاب اللہ و سنتِ رسول اللہؐ کے خلاف کوئی حیثیت مذہبِ مہدویہ میں موجود ہی نہیں ہے

توضیح روایات دربیانِ علمِ خواندن

بیان ہوئی ہیں

اِس پر ہدیۂ مہدویہ کا اعتراض اور اس کا جواب آیتِ قرآنِ مجید کی روشنی میں

" فَسَوْفَ يَأْتِي اللهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ" آیتِ قرآن کی تفسیر اور حدیثِ زیرِ بحث کی تطبیق

نہ صرف حضرت مہدی علیہ السلام ہی موعودِ خدا و رسولؐ ہیں بلکہ آپؑ کی قوم بھی موعودِ خدا و رسولؐ ہے

سیر انبیاء کی بشارات کی تحقیق

"توضیح روایات دربیان " قاتلوا و قتلوا"

سلسلۂ روایات جس سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ کے قتال اور بدلۂ ذات ہونے کی روایت سے کتنے جلیل القدر صحابہؓ کا بحیثیتِ راوی تعلق رہا ہے

پہلی دفعہ جب حاضر ہوئے تو بندگی میاں پر مکاشفات ہوئے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اُن کے سرِ مبارک کی قربانی مع ایک صد سر کے قبول فرمائی

آیت " قَاتَلُوْا وَ قُتِلُوْا " پر اور حاملِ بارِ امانت پر امامناؑ کا اہم بیان

علمِ لدنی کی تحصیل کے لیے رہبر کے احکام و ہدایات کی پابندی اور اُس کے بتلائے ہوئے مشاغل میں انہماک لازم و ضروری ہوتا ہے

توضیح روایات دربیانِ فضائل صحابہؓ

سوانح صحابہ مہدیٔ موعودؑ میں رضا و تسلیم، صبر و توکل اور فنا و نیستی کی اعلیٰ مثالیں پائی جاتی ہیں

حضرت سید خوندمیرؓ کا فرمان کہ دوسروں پر اپنی فضیلت جتلانا ہستی کی صفت ہے جو تعلیماتِ امامناؑ کے بالکل مغائر ہے

سیدین کی خصوصیت کی ایک اہم روایت

سیر نبوت و سیر ولایت کے فرق کی توضیح

بعض دیگر صحابہؓ کو سیر انبیاء کی بشارات

ایک حدیثِ شریف جس میں قومِ مہدیٔ موعودؑ کی خصوصیات شرط و مشروط اور آیت و حجت کا استدلالی فرق

اتمامِ حجتہ تک دعویٰ مہدیت کے مشتبہ رہنے کا شبہ غلط ہے

قرآنِ مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ایک اہم واقعہ

آیت "فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ" کی عمومیت و خصوصیت کی بحث

اسبابِ جنگ و مختصر حالات

واقعاتِ جنگ اور ہم عصر مورخین

اسبابِ جنگ کے بارے میں بعض صحابہؓ کا اختلاف

یا مشورہ یعنی بعض صحابہؓ کے کتبات (تحریرات) جو بندگی میاں سید خوندمیرؓ کی تیاریِ جنگ کے خلاف مشہور ہیں اُن کی تحقیقی بحث

یہ اختلاف ویسا نہ تھا جیسا کہ صحابہؓ نبوت میں پایا جاتا ہے اور جس طرح وہاں کسی کے متعلق عقیدت کی ذراسی کمی خسارۂ ایمان و آخرت کا باعث ہو سکتی ہے یہاں بھی دل میں شبہ اور دامنِ خیال پر دبہہ نہ آنا چاہیے

حضرت بندگی میاں شاہِ نعمتؓ کے ذریعہ حضرت بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے حاملِ بارِ امانت کون ہے معلوم کرنا چاہا۔ امامناؑ کا جواب

اِس روایت پر ایک غلط استدلال کا ازالہ

بدلۂ ذات ہونے کی بشارات مہدی علیہ السلام نے بحکمِ خدائے تعالیٰ بیان فرمائی ہیں

یہ ثابت ہے کہ خبرِ شہادت کا علم حضرت سید خوندمیرؓ کے سوائے دوسرے صحابہؓ کو بھی تھا۔ اِس لیے یہ خبرِ واحد نہیں بلکہ خبرِ مشہور و قطعی الصدور و قطعی الدلالت کی شان رکھتی ہے

خبرِ قتال حجتِ مہدیؑ ہونے کی بحث

پہلی جنگ اِس خصوصیت کی مقتضی تھی کہ امراء و روساء شریک نہ ہونے پائیں۔

دوسری جنگ اس امر کی مقتضی تھی کہ صحابہؓ سے شریک نہ ہوں

متقدمین و متاخرینِ مہدویہ نے بلا اختلاف برِ قتال کو بلا حجت مہدیت تسلیم کیا ہے

وہ خبر مشہور و قطعی الصدور و قطعی الدلالت جو امامناؑ نے بیان فرمائی پوری پوری صادق آئی خبرِ متواتر کا حکم رکھتی ہے جس کی قطعیت کا انکار نقلاً، عقلاً جائز نہیں

توضیح روایات در بیانِ امتناعِ تاویل و تحویل

مولفِ ہدیۂ مہدویہ کا اعتراض اور اِس کا جواب

عباتِ قرآنی میں بعض جگہ تاویل درست ہونے کا دعویٰ غلط ہے

"محکم" و "متشابہ" کی لغوی و اصطلاحی تحقیق

"محکم" و "متشابہ" کے بارے میں چند احادیثِ شریفہ کا بیان

"محکم" و "متشابہ" کے بارے میں فقہاء کا مسلک

راسخین کے بارے میں فقہا کے اختلاف کی تطبیق

جس طرح قرآن میں محکمات و متشابہات ہیں اسی طرح احادیث و نقلیاتِ مبارکہ میں بھی ہیں

کُل نقلیات کو محکم کہنے کی تحقیق

صحابہؓ کا باہم اخلاص اور بندگی میاںؓ کا شرفِ بیانِ قرآن

بندگی میاںؓ کا بیانِ قرآن وہی ہوتا تھا جو حضرت امامناؑ سے سنا اور سمجھا ہو

کتباتِ اختلاف کا وقوع مقدر اور منشاء خداوندی کے مطابق تھا

اِن کتبات کا تعلق خبرِ قتال سے نہیں ہے بلکہ اسباب و موقع و محل سے متعلق ہے جس کو مشورہ سے بھی تعبیر کیا جاسکتا ہے

کتبات میں جو امورِ معترضہ ہیں اُن کی تحقیق اور بندگی میاںؓ کے موقف کی حقیقت

وقوعِ جنگ کے کچھ عرصہ بعد جن حضراتؓ نے کتبات روانہ کیے تھے بندگی میاںؓ کے حق بجانب ہونے کو تسلیم کر لیا ہے

یہ اختلاف، اختلاف امنی رحمة حدیثِ شریف کے مصداق رحمت ثابت ہوا۔ اور خود اصحابؓ کتبہ نے اِس اختلاف کو باقی نہ رکھا جس کی وجہ گروہِ مہدیٔ موعودؑ خطرہ میں مبتلا ہونے سے بچ گئی

راسخ فی العلم سے مراد مہدویہ نقطۂ نظر سے متاخرینِ مہدویہ میں محکم و متشابہ کے بارے میں جو مباحث ہوئے اُس کی تحقیق متشابہات کے بارے میں حضرت مہدی علیہ السلام نے رہبری فرمائی ہے "یَدُاللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ" کی تفسیر "ورائے ترکِ دنیا ایمان نیست" میں لفظِ ایمان بنائے بحث تھا۔ دوسرے فرمان سے اِس کی ایسی توضیح کہ اختلاف مرتفع ہو جاتا ہے ایمان کامل یا ناقص کی حیثیت سے بحث کی جائے تو از روئے اُصول اِس پر متشابہات کا اطلاق ہی نہیں ہو سکتا البتہ مہمل کی قسم میں داخل کیا جا سکتا ہے مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے بلالحاظ خصوصیتِ عباتِ قرآنی میں تاویل درست ہونے کا دعویٰ جو کیا بالکل غلط ہے۔ کیونکہ تاویل کا لفظ متشابہات کے لیے متعارف ہے۔ جس پر قرآنِ مجید بھی شاہد اور مانع ہے ☆☆☆☆☆			

☆☆☆☆☆

لمعات

سب تعریفیں اُس پاک ذات کے لیے ہیں جو کائنات کی خالق ہے۔ کبریائی اُسی قادرِ مطلق کے لیے سزاوار ہے جس کی شان یہ ہے کہ :-
" مَنۡ يُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِىَ لَهٗ ؕ (سورة الاعراف۔186) " اللہ جسے ہدایت فرمائے کوئی اُس کو گمراہ کر نہیں سکتا اور جسے گمراہ کر دے کوئی اُس کو ہدایت کی راہ پر لا نہیں سکتا۔

درود و سلام نازل ہوں خاتمین علیہما السلام پر جن کے ذریعہ دینِ اسلام اِس درجہ مکمل کر دیا جا چکا کہ قیامت تک پیدا ہونے والی انسانی نسلیں اِس ایک نظامِ دین سے مستفید ہو سکیں۔ معاش و معاد اور وصال الیٰ المحبوب کی بلند تر خصوصیات کے حامل بن سکیں تا کہ "اشرف المخلوقات" کا خطاب اپنے مفہوم تام کے ساتھ صادق آ سکے۔

مخلوقات میں ملائکہ بھی ہیں اِس لیے اِس کا مفہوم اُسی وقت مکمل ہو سکتا ہے جب کہ انسانیت، ملائکہ کی لطافت اور اُن کے شرفِ قربِ الٰہی پر اشرف ہو۔!!!

درود و سلام نازل ہوں اُن تمام صحابۂ نبوت و ولایت پر جنھوں نے خاتمین علیہما السلام کی صحبت اور نظرِ کیمیاء اثر کے طفیل، تعلیمِ دین کی اِس درجہ پیروی کی کہ خدائے تعالیٰ اور حضرات خاتمین علیہما السلام نے ہدایت کے روشن ستارے، مسلماتِ تام، فنائے تام وغیرہ اعلیٰ بشارتوں سے اُن کو سرفراز فرمایا۔ اور اُمت کے لیے اُن کے اتباع کو اِتباعِ خاتمینؑ قرار دیا۔ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہٗ۔ واضح ہو کہ اکثر مخلصین کی خواہش تھی کہ "نقلیات" کی کتاب "مع شرح" چھپوائی جائے۔ مکمل شرح کی صورت میں طباعت کا انتظام موجودہ نازک حالات کی وجہ دشوار تھا۔ اِس لیے فی الوقت چند خاص مقامات کے توضیحی مضامین پر اِکتفا کیا گیا ہے۔ کیونکہ اِس وقت نفسِ کتاب کی طباعت ہماری نظر میں مقدم تھی۔ بقیہ مکمل شرح کی طباعت کی کوشش بھی کی جائے گی۔

بتوفیق اللہ تعالیٰ و عونہٖ الحمیم۔

حِصَّۂ تَوضِیحَاتْ

ROMAN

HISSA-E-TAUZIHAAT

By

Fazilul-Asar As'adul-Ulama Hazrat Faqeer

ABU SAYEED SYED MAHMOOD Tashreefullahi, RH

LAMA'AT

Sab Ta'reefein Uss Paak Zaat Ke Liye Hain Jo Kaenaat Ki Khaliq hai. Kibriyaee Usee Qadir-e-Mutlaq Ke liye Sazawaar hai Jiss Ki Shaan Yeh Hai Ke, " مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ط(سورۃ الاعراف۔186) "

Allah Jise Hidayat Farmaey Koi Uss Ko Gumrah Kar Nahin Sakta Aor Jise Gumrah Karde Koi Uss Ko Hidayat Ki Rah Par Laa Nahin Sakta.

Darood Wa Salam Nazil Hon Khatimain Alaihimassalam Par Jin Ke Zarye Deen-e-Islam Iss Darje Mukammil Kardiya Jachuka Ke Qiyamat Tak Paida Hone Wali Insani Naslein Iss Aik Nizam-e-Deen Se Mustafeed Hosakeingein. Mua'sh Wa Muaad Aor Wisaal Ilalmahboob Ki Baland Tar Khususiyaat Ke Hamil Ban Sakein Ta ke "Ashraful-Maqlooqaat" Ka Khitaab Apne Mafhoom-e-Taam Ke Sath Sadiq Aasake.

Makhlookhaat Mein Malaaeka Bhi Hain Iss Liye Iss Ka Mafhoom Usee Waqt Mukammil Ho Sakta Hai Jab Ke Insaaniyat, Malaaeka Ki Latafat Aor Unn Ki Sharf-e-Qurb-e-Ilaahi Par Ashraf Ho!!!

Drood Wa Salam Nazil Hon Unn Tamaam Sahab-e-Naboowat Wa Vilayat Par Jinhuin ne Khati-main Alaihimassalam Ki Sohbat Aor Nazr-e-Kimiyaa-Asar Ke Tufail, Taaleem-e-Deen Ki Iss Darja Pairwee Ki Ke Khuda-e-Taala Aor Hazraat-e-Khati-main Alaihimassalam Ne Hidayat Ke Roshan Sitare, Musalmanaan-e-Taam, Fana-e-Taam Wagairah Aalaa Basharataun Se Unn Ko Sarfaraz Farmaya aor Ummat Ke Liye Unn Ke Ittebaa Ko Ittebaa-e-Khatimain Qaraar Diya. Razi Allahu Anhum Wa Rizwaan Allahu Anhum.

Wazeh Ho Ke Aksar Mukhliseen Ki Khawhish Thi Ke "Naqliyat" Ki Kitab "Mae Sharah" Chapwaee Jae. Mukammil Sharah Ki Soorat Mein Taba'at Ka Intezam Maujoodah Nazuk Haalaat Ki Wajhe Dushwaar Tha. Iss Liye Fil Waqt Chand Khaas Maqamaat Ki Tauzihee Mazameen Par Iktefa Kiya Gaya Hai. Kuinke Is Waqt Nafs-s-Kitab Ki Taba'at Hamri Nazar mein Muqaddam Thi. Aaendah Mukammal Sharah Ki Taba'at Ki Koshish Bhi Ki Jaegi. Bataufeeqi Allahu Taala Wa Awnahil Hameem.

☆☆☆☆☆

حِصّۂ تَوضِیحَاتْ

ENGLISH

HISSA-E-TAUZIHAAT (EXPLICATIONS)

By

Fazilul-Asar As'adul-Ulama Hazrat Faqeer

ABU SAYEED SYED MAHMOOD Tashreefullahi, RH

GLIMPSES

All praises to the Immaculate Zath, Who is the Creator of the Universe. Magnificence is for the Absolute Omnipotent Whose glory is "None can misguide one whom Allah guides and none can guide one whom Allah sends astray." Salutations and blessings may descend on the Seals (Prophet Muhammad SAWS & Mahdi-e-Mau'ood AHS) through whom the religion of Islam has been perfected to such an extent that the human generations to be born till the Day of Resurrection can benefit from this one system, and become the bearers of the life and the life to come and their reaching the highest positions of meeting with their Beloved (Allah), so that the title of Ashraf-al-Makhlooqaat (The Most Eminent of the Created things) comes alive in its perfection. Allah's Creation also includes the Angels. Hence, its meaning will be perfect only when humanity acquires the Angels subtlety and their eminence of the proximity to Allah.

Salutations and blessings on the Companions of both the Prophethood and the Sainthood who followed the teachings of religion in the companionship and presence of the Seals (Khatimain AHS) in such a degree of excellence that the Seals (AHS) showered their blessings and good tidings like the

Musalmanan-e-Taam, Fana-e-Taam, etc., and they decreed the emulation of the Companions as the emulation of the Seals AHS themselves for the Ummah. Allah may be pleased with them all. Be it known that many of our sincere (well-wishers) wanted that the book of the Naqliyat (Parables) should be published with Tauzihaat (Explications). In the event of complete Explications, the work of printing would have been very difficult in the present tricky circumstances. Hence, for the time being, we thought it would be enough to explicate at some particular places, because the publication of the book was a priority in our opinion. Later on, efforts will be made to publish the complete Explications, Allah Willing.

☆☆☆☆☆

بعثتِ مہدیٔ موعودؑ

یہ ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ ہر شخص اپنی جدوجہد سے نبی و خلیفۃ اللہ نہیں بن سکتا۔ خدائے تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اُس منصب کے لیے منتخب فرمالیتا ہے۔ اور ابتداء ہی سے اُس کو ایسی استعداد و صلاحیت عطا کر دی جاتی ہے کہ وہ اِس بارِ نبوت و خلافت کا حامل بن سکے اور اللہ تعالیٰ کی ذات سے اِستفاضہ کر سکے۔ اِسی لیے خلیفۃ اللہ کی پیدائش کے وقت ہی سے مافوق العادت اُمور کا اظہار ہونے لگتا ہے جن کو علمائے کرام "علاماتِ ارہاصیہ" کہتے ہیں۔ پس جس طرح نوعِ انسان میں مختلف قسم کی اِستعداد رکھنے والے اصناف پائے جاتے ہیں مثلاً ادیب، شاعر، فلسفی، مہندس وغیرہ اِسی طرح خلفائے الٰہی بھی ایک صنف ہے اور نوعِ انسانی کی اِس بلند پایہ صنف کو چند ایسی خصوصیات و لوازم عطا کر دیئے جاتے ہیں کہ اُس کو دوسرے اصنافِ انسانی سے ممتاز بنادیں۔

اِس مقدس صنف کی ایک اہم خصوصیت "اِستفاضہ و اِفاضہ" ہوتی ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے فیضان حاصل کرنا اور اُس کو عام انسانوں تک پہنچانا۔ یہ "وہبی علم" کہلاتا ہے۔ وہبی علم کے تین ذرائع ہیں۔ وحیؔ۔ الہامؔ۔ کشفؔ پھر "وحی" کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک "وحیِ توسط" جو مخصوص فرشتے کے ذریعہ بھیجی جاتی ہے۔ دوسری "وحیِ بلاتوسط" جس میں کسی ذریعہ کے بغیر خود ذاتِ باری تعالیٰ سے علم حاصل ہوتا ہے۔ وحی ایک قطعی و یقینی امر ہے اِس لیے وحی کو جس طرح خود "موحیٰ الیہ" (نبی یا خلیفۃ اللہ) کے لیے قطعی اور یقینی قرار دیا گیا ہے۔ اِسی طرح دوسروں کے لیے بھی یقینی و قطعی اور قابلِ حجت و عمل قرار دیا گیا ہے۔ اِس کے برخلاف الہامؔ و کشفؔ صرف اُسی کے لیے حجت ہے جس پر وہ ظاہر ہو اور دوسروں کے لیے ظنی قرار دیا گیا ہے۔

من رئی الهلال فعليه الصوم

اِس مختصر توضیح سے ظاہر ہے کہ خلیفۃ اللہ کا "صاحبِ وحی" ہونا اُس کی ایک اہم خصوصیت ہے اور جب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ خاتم الانبیاء ہیں تو بدرجۂ اولیٰ صاحبِ وحی ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ﴿3﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ﴿4﴾ (سورة النجم 53)

ترجمہ:-(حضرت محمد ﷺ) جو بولتے ہیں اپنی طرف سے نہیں بولتے بلکہ وہی بولتے ہیں جو اُن کو وحی کی جاتی ہے۔

اِس آئیہ کریمہ میں "وَمَا يَنْطِقُ" کے الفاظ عمومیتِ تامہ کا مفہوم رکھتے ہیں اِس لیے آنحضرت ﷺ کا ہر قول وحی ہے خواہ وہ آیاتِ قرآنی ہوں یا احادیثِ شریفہ، جن کی سند حضرت رسول اللہ ﷺ کی طرف صحیح ہو۔

اِسی لیے علماء نے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے متعلق وحی کی دو قسمیں قرار دی ہیں وحیِ متلو"و" وحیِ غیر متلو وحیِ متلو میں جو الفاظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے معلوم کر دیے جاتے ہیں اُن کی پابندی و حفاظت لازم ہوتی ہے اور اِس کو کلام اللہ یا آیاتِ قرآنی کہا جاتا ہے۔ اور وحیِ غیر متلو میں ایسی پابندی نہیں ہوتی بلکہ رسولؐ، منشائے الٰہی کی توضیح اپنے الفاظ میں بیان کرتا ہے۔ گویا احادیثِ شریفہ آیاتِ کلام اللہ کی صحیح تفسیر اور تعمیلِ قوانینِ قرآنی کی تعلیم کا فائدہ دیتی ہیں۔ حاصلِ کلام یہ کہ جب آپؐ صاحبِ وحی ہیں اور آپؐ کا ہر قول تعلیمِ خداوندی پر مبنی ہے تو صاف ظاہر ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام کی بعثت کے بارے میں جو کچھ احادیثِ صحیحہ بصوتِ اخبارِ مغیبہ موجود ہیں وہ من جانب اللہ ہیں۔ اِس لیے انکارِ مہدی کو کفر قرار دیا گیا ہے کیونکہ آیاتِ الٰہی اور احادیثِ رسولؐ کا انکار لازم آتا ہے۔

آنحضرت ﷺ نے مہدیٔ موعودؑ کی ضرورتِ بعثت سے متعلق کئی طریقوں سے اہمیت و تفصیل کے ساتھ خبریں دی ہیں۔ طبقۂ انبیاء میں کسی نبی کے بارے میں پیشینگوئی کی ایسی نظیر نہیں ملتی۔ چنانچہ دار قطنی، طبرانی، ابو نعیم حاکم وغیرہ محدثین نے ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ:-

حدیث:- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم لا یذھب الدنیا حتیٰ یبعث اللہ تعالیٰ رجلاً من اھلِ بیتی یواطی اسمہٗ اسمی و اسم ابیہٖ اسم ابی -- الخ

ترجمہ:- حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دنیا ختم نہ ہو گی جب تک کہ اللہ تعالیٰ ایک ایسے شخص کو مبعوث نہ کرے جو میرے اہلِ بیت سے ہو گا اُس کا نام میرے نام کے اور اُس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام کے جیسا ہو گا۔۔۔ الخ

ترجمہ:- حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دنیا ختم نہ ہو گی جب تک کہ اللہ تعالیٰ ایک ایسے شخص کو مبعوث نہ کرے جو میرے اہلِ بیت سے ہو گا اُس کا نام میرے نام کے اور اُس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام کے جیسا ہو گا۔ ۔الخ

امام احمد بن حنبلؒ نے اپنی مسند میں ابو سعید حذریؓ سے روایت کی ہے کہ:-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم لا تقوم الساعۃ حتیٰ یملک رجل من اھل بیتی۔۔۔الخ

ترجمہ:- حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت اُس وقت تک نہ ہو گی جب تک کہ میرے اہلِ بیت سے ایک شخص مالک ہو جائے۔۔۔ الخ اور ابو داؤدؒ نے بھی اِسی طرح کی ایک روایت کی ہے:-

عن زرین عبداللہ عن النبی ﷺ قال لولم یبق من الدنیا الایوم واحد لطول اللہ ذٰلک الیوم حتیٰ یلبعث رجلا من اھل بیتی یواطی اسمہ اسمی و اسم ابیہ اسم ابی۔

ترجمہ:- حضرت زرین بن عبد اللہؓ سے مروی ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر بالفرض دنیا ختم ہونے کو ایک ہی دن باقی رہ جائے تو اللہ تعالیٰ اُس ایک دن کو اتنا طویل فرمادے گا کہ میرے اہلِ بیت سے ایک شخص مبعوث ہو جائے جس کا نام میرے نام کے اور جس کے والد کا نام میرے والد کے نام کے مشابہہ ہو گا۔ اِس حدیثِ شریفہ میں خصوصاً "لطول اللہ ذالک الیوم" کے الفاظ ضرورتِ بعثت کی قطعیت کو ثابت کر رہے ہیں۔ اِس کے علاوہ ایسی احادیث بھی ملتی ہیں جن سے زمانۂ بعثت کا بھی علم ہو سکتا ہے۔ چنانچہ مسندِ امام احمد بن حنبلؒ میں عبد اللہؓ ابنِ عباسؓ سے کنز العمال میں حضرت علیؓ سے اور مشکوٰۃ میں باختلاف الفاظ یہ روایت مروی ہے:-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لن تھلک امۃ انا فی اولھا و عیسیٰ ابن مریم فی اٰخرھا والمھدی فی وسطھا۔

ترجمہ:- حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری اُمت ہر گز ہلاک نہ ہو گی (کیونکہ) میں اُس کے شروع میں ہوں اور عیسیٰ آخر میں اور مہدیؑ درمیان میں ہیں۔

اِس روایت سے نہ صرف زمانۂ بعثت ظاہر ہوتا ہے بلکہ مہدی علیہ السلام کا حضرت رسول اللہ ﷺ کی طرح دافعِ ہلاکتِ اُمت ہونا بھی ثابت ہو رہا ہے۔اِس کے علاوہ ایسی روایات بھی ملتی ہیں جن سے مہدی علیہ السلام کا خلیفۃ اللہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ " العرف الوردی فی اخبار المہدی " میں ابنِ ماجہ اور حاکم اور ابو نعم کے حوالے سے حضرت ثوبانؓ کی جو روایت لکھی گئی ہے یہ الفاظ بھی ہیں:-

ثم یجیء خلیفتہ اللہ المہدی فاذاسمعتم بہ فاتوہ فبا یعوہ ولو حبوا علی الثلج فانہ خلیفتہ اللہ المہدی

ترجمہ:- پھر اللہ کا خلیفہ مہدیؑ آئے گا پس جب تم اُس کی خبر سنو تو اُس کے پاس جاؤ اور اُس کی بیعت کرو اگرچہ کہ تمھیں برف پر سے رینگتے ہوئے جانا پڑے کیونکہ مہدی اللہ کا خلیفہ ہے۔

اِس حدیثِ شریفہ سے ثابت ہے کہ مہدی علیہ السلام خلیفۃ اللہ ہیں اور اُن کی بیعت فرض ہے کیونکہ " فبایعوہ " کا مستفاد یہی ہے اور " لوحبوا علی الثلج " کے الفاظ تاکیدِ اکید اور " فانہ خلیفۃ اللہ " کے الفاظ توجیہہِ فرضیت پر دلالت کر رہے ہیں۔اِس کے علاوہ ایسی روایات بھی ملتی ہیں جن سے حضرت مہدی علیہ السلام کا معصوم عن الخطا ہونا ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ "اکابرِ سلفِ صالحینِ اہلِ سنت" نے اِس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:-

اَلْمَہْدِیُ مِنِّی یَقْفُوْا اَثَرِی وَلَا یُخْطِیُ۔ترجمہ:- مہدی میری اولاد سے ہو گا میرے نقشِ قدم پر چلے گا خطا نہ کرے گا۔

شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی نے فتوحاتِ مکیہ کے باب(366) میں تحریر فرمایا ہے کہ:-

مانص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی امامہ من ائمۃ الدین یکون بعدہٗ یرثہ و یقفوا اثرہ و لایخطی الاالمہدی خاصۃً فقد شہد بعصمتہ کما شہدالدلیل العقلی بعصمۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم۔

ترجمہ:- رسول اللہ ﷺ نے کسی امام کی نسبت یہ نہیں فرمایا کہ وہ میرے بعد وارث ہو گا اور میرے نقشِ قدم پر چلے گا اور

خطا نہیں کرے گا۔ خاص مہدی کے بارے میں فرمایا ہے۔ پس آنحضرت ﷺ نے مہدی اور احکام مہدی کی عصمت کے بارے میں اِسی طرح شہادت دی ہے جس طرح کہ خود آنحضرت ﷺ کی عصمت پر دلیلِ قطعی شاہد ہے۔

علامہ طحطاوی نے حاشیہ دارالمختار میں تحریر فرمایا ہے کہ:-

المهدی لیس منتهد اذاالمجتهد یحکم بالقیاس وهویحرم علیه القیاس لان المجتهد یخطی وهو لایخطی قط نانه معصوم فی احکامه بشهادة النبیؐ وهو مبنی علی عدم جواز الاجتهاد فی حق الا نبیاء۔

ترجمہ:- مہدیؑ مجتہد نہیں ہیں کیونکہ مجتہد کے احکام قیاسی ہوتے ہیں۔ اور مہدیؑ کے لیے قیاس حرام ہے۔ اِس لیے کہ مجتہد خطا کرتا ہے اور مہدیؑ سے ہرگز خطا نہیں ہوتی کیونکہ وہ اپنے احکام میں معصوم ہے۔ جس کی شہادت رسول اللہ ﷺ نے بھی دی ہے۔ اور آنحضرت ﷺ کی یہ شہادت اِس امر پر مبنی ہے کہ انبیاء و خلفائے الٰہی کے لیے اِجتہاد جائز نہیں۔

امام عبدالوہاب شعرانیؒ نے چشمہ پر ایک درخت کا نقشہ کھینچتے ہوئے شریعت اور احکام کی تصویر اِن الفاظ میں بیان کی ہے۔ اور حضرت مہدی علیہ السلام کو معصوم عن الخطا ثابت کیا ہے۔

فانظر یا اخی الی العین التی فی اصفل الشجرة و الی الفروع والاغصان و الثمار تجدها کلها متفرعة من عین الشریعة فالفروع الکبار مثال اقوال ائمة المذهب والفروع الصخار مثال اقوال اکابر المقلدین والاغصان المتفرعة عن جوانب الفروع مثال اقوال طلبة هولاءالمقلدین والنقط الحمرة التی فی اعالی الا غصان اصغار مثال المسایل المستخرجة من اقوال العلماء فی کل دور من ادوار الزمان الٰی ان یخرج المهدی علیه السلام فیطیسل فی عصره التقلید بالعمل بقول من قبله من المذاهب کما صرح به اهل الکشف و یلیهم الحکم بشریعة محمد صلی الله علیه و سلم بحکم المطابقة بحیث لوکان رسول الله صلی الله علیه وسلم موجوداً لاقرہٗ علی جمیع احکامهٖ کما اشار الیه فی حدیث ذکر المهدی بقوله یقفوا اثری ولا یخطی۔(المیزان جلد (1) فصل (29))

ترجمہ:- اے بھائی اِس چشمہ کو دیکھو جو درخت کے نیچے ہے اور اُن پھاٹوں، شاخوں اور پھلوں کو بھی دیکھو جو سب کے سب

اِسی چشمہِ شریعت سے بہرور ہیں۔ بڑے بڑے پھاٹے ائمہ مذاہب (اربعہ) کے اقوال کی مثال ہیں اور چھوٹی چھوٹی ڈالیاں، اکابرِ مقلدین کے اقوال کی مثال ہیں جو ڈالیاں شاخ در شاخ ہیں وہ اُنھیں مقلدین کے تلامذہ کے اقوال کی مثال ہیں اور چھوٹی چھوٹی ڈالیوں پر سرخ نقاط جو دکھائے گئے ہیں اقوالِ علماء کے اُن مسائلِ مستخرجہ کی مثال ہیں جو خروجِ مہدی علیہ السلام تک ہر زمانے میں پائے جاتے ہیں اور (جب مہدی علیہ السلام کی بعثت ہو جائے گی تو) مہدی علیہ السلام کے زمانے میں اُن سے پہلے کے سارے مذاہب کی تقلید بالعمل باطل ہو جائے گی جیسا کہ اربابِ کشف نے اِس کی تصریح کر دی ہے اور مہدی علیہ السلام ایسے احکام بیان کریں گے جو شریعتِ محمد ﷺ کے بالکل مطابق ہوں گے۔ اِس طرح کہ اگر رسول اللہ ﷺ بھی موجود ہوں تو مہدی علیہ السلام کے تمام احکام (کی صداقت) کا اقرار کریں گے۔ جیسا کہ اِس بات کا اِشارہ ذکرِ مہدیؑ کی حدیث میں بھی پایا جاتا ہے کہ وہ میرے نقشِ قدم پر چلے گا خطا نہیں کرے گا۔

غرض حضرت مہدی علیہ السلام سے متعلق جتنی احادیثِ کثیرہ موجود ہیں اتنی کثرت کسی دوسرے مسائل کے بارے میں کم ملے گی۔ برزنجی نے "اشاعه فی اشراط الساعه" میں لکھا ہے کہ:-

واعلم ان الاحاديث الواردة فيه على اختلاف روايا تها لا تكاد تنحصر و لوتصفرفنا لتفصيلها لطال الكتاب و خرج عن موضوعها۔

ترجمہ:- واضح ہو کہ مہدی علیہ السلام سے متعلق مختلف احادیث اِتنی کثیر وارد ہوئی ہیں کہ اُن کا حصر نہیں کیا جا سکتا اگر ہم اِس کی تفصیل کریں تو کتاب طویل ہو جائے گی۔ اور یہ اِس کا موضوع بھی نہیں۔

جب علمائے حدیث و اصول نے احادیث کی اتنی کثرت دیکھی اور سب حدیثوں کو "بعثتِ مہدی" کے بارے میں متفق پایا تو اُنھوں نے مسئلہ مہدیت کو تواترِ معنوی کے درجہ میں داخل کر لیا چنانچہ علامہ قاضی منتخب الدین جونیریؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ:-

واما ما اختارہٗ السلف واتفقوا فی شانه فقد ذكر فی القرطبی و قد تواترت الاخبار واستفاضت بكثرة رواتها عن النبی صلی اللہ علیه و سلم فی لمهدی۔ (مخزن الدلایل)

ترجمہ:- بہر حال سلف نے جو اختیار کیا اور مہدی علیہ السلام کے بارے میں جو اتفاق کیا ہے وہ قرطبی میں مذکور ہے۔ مہدی علیہ السلام سے متعلق جو حدیثیں ہیں اپنے راویوں کی کثرت کی وجہ تواتر کے درجے کو پہنچ گئی ہیں۔

شیخ ابنِ حجر ہشیمی نے "القول ا لمختصر" میں تحریر فرمایا ہے کہ:-

قال بعض ائمة الحفاظ ان كون المهدى من ذرية عليه السلام تواترت عنه عليه السلام۔

ترجمہ:- بعض حفاظ ائمہِ حدیث نے فرمایا ہے کہ مہدیؑ کا آلِ رسول علیہ السلام سے ہونا حضرت رسول علیہ السلام سے تواتراً مروی ہے۔

شیخ عبدالحق محدثِ دہلوی نے "لمعاتِ شرح مشکوٰۃ" کے باب الساعۃ میں لکھا ہے کہ:-

قدوردت فيه الاحاديث كثيرة متواترالمعنى۔

ترجمہ:- مہدی علیہ السلام کے بارے میں متواتر المعنی کثیر احادیث وارد ہیں۔

نیز لکھتے ہیں کہ:-

قذنظاهرت الاحاديث البالغة حد المتواتر معنافى كون المهدى من اهل بيت من ولد فاطمة۔

ترجمہ:- مہدی علیہ السلام اہلِ بیت رسول علیہ السلام اولادِ فاطمہ سے ہونے کہ احادیث تواترِ معنوی کی حد تک پہنچ گئی ہیں۔

بحر العلوم عبدالعلی ملک العلماء نے "اشراط الساعة" میں لکھا ہے کہ:-

احاديثے كه دال اند برخروجِ امام مهدى كثير اند كه مبلغ آں بتواتر رسيده۔

ترجمہ:- مہدیؑ کی بعثت پر دلالت کرنے والی حدیثیں اتنی کثیر ہیں کہ تواترِ معنوی کی حد کو پہنچ گئی ہیں۔

اکابر اہلِ سنت و علماء حدیث و اُصول کے ایسے بہت سارے اقوال ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مہدی علیہ السلام کی بعثت کی احادیث تواتر معنوی ہونے پر جمہور کا اتفاق ہے کیونکہ سب احادیث آمدِ مہدیؑ کے بارے میں ایک زبان ہیں۔ البتہ اختلاف ہے

تو آثار و علامات میں ہے۔

نیز یہ امر بھی ذہن نشین ہونا چاہیے کہ جو اُمور تواتر کے درجے میں ہوں اُن سے قطعی و یقینی علم حاصل ہوتا ہے۔ جن کا انکار نقل و عقل کے خلاف ہے۔ محدث علامہ حافظ ابنِ حجر عسقلانی نے "شرح نخبته الفكر" میں تحریر فرمایا ہے کہ:-

وھٰذا کون المتواتر مفید العلم الیقین وھوالمعتمد لان خبرالمتواتر یفید العلم الضروری وھوالذی اضطرالانسان الیه بحیث لایمکنه دفعه۔

ترجمہ:- کیونکہ خبرِ متواتر علمِ ضروری کا ایسا فائدہ دیتی ہے کہ جس کو ماننے پر ہر آدمی مجبور ہوتا ہے حتیٰ کہ اُس کا رد کرنا ممکن نہیں۔

اور اُصولِ فقہ کی معتبر کتاب "اصول الشاشی" میں لکھا ہے کہ:-

ثم امتواتر یوجب العلم القطعی ویکون رده کفرا۔

ترجمہ:- حدیثِ متواتر سے علمِ قطعی واجب ہوتا ہے اور اُس کا رد کرنا کفر ہے۔

ہم نے مختصراً جن اُمور کی توضیح کی ہے اُس سے ناظرینِ کرام اندازہ کرسکتے ہیں کہ یہ کیسی مہتم بالشان پیشگوئی ہے جس طرح قیامت وغیرہ پیشگوئیوں پر اعتقاد لازم ہے اِسی طرح بعثتِ مہدی علیہ السلام کی پیشگوئی بھی ناقابلِ انکار ہے اور حق تو یہ ہے کہ سلفِ صالحینِ اہلِ سنت کا پیرو ایسی مستند و مستحکم پیشگوئی سے ہرگز روگردانی نہیں کرسکتا۔

ابنِ خلدون نے "محئی مہدیؑ" کے بارے میں جو اختلاف کیا ہے یہ مسلماتِ اہلِ سنت کے صریح مغائر ہے اور اُس نے جن روایات پر جرح کی ہے اُس کی تعدیل بھی کی جاتی رہی ہے۔ حال میں ہی ایک کتاب "ابرازالوہم المکنون من کلامِ ابنِ خلدون" دمشق شام سے شائع ہوئی ہے جس میں ابنِ خلدون کے اوہامِ باطلہ کو رد کردیا گیا ہے۔ یہاں اِس کی توضیح طوالت کا باعث ہوگی۔ اور مناظر احسن گیلانی صدر شعبہ دینیات جامعہ عثمانیہ نے "مکاتیب امامِ غزالی" کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ:-

"اس قسم کا مغالطہ جس سے ابنِ خلدون نے مسلمانوں کے "نظریہ مہدویت" کو مضمحل کرنے میں کام لیا تھا ابنِ خلدون نے اپنی تاریخ کے مقدمہ میں اِس کا تذکرہ کرکے آئندہ مہدی علیہ السلام کی شکل میں مسلمانوں کو ایک نجات دہندہ ملے گا اِس خیال کو اُس نے غیر عقلی عقیدہ قرار دیا ہے۔ وجہ یہ بیان کی ہے کہ قوموں کا حال بھی افراد کا ہے بچپن، جوانی، بڑھاپا

کے دور سے جیسے افراد گذرتے ہیں قوموں کو بھی اُن ہی ادوار سے گذرنا پڑتا ہے۔ مسلمان جوانی کے بعد پیرانہ سالی کے حدود میں داخل ہو چکے ہیں۔ اب دوبارہ اُن کی نئی زندگی کی اُمید ایسی ہوئی جیسے کسی بوڑھے آدمی کے متعلق جوان ہونے کی خوش خیالی میں کوئی مبتلا ہو۔ لیکن ابنِ خلدون نے یہ نہیں سوچا کہ اِسلام اور اُمتِ اسلامیہ کا تعلق کسی خاص نسل یا خون یا وطن کے باشندوں سے نہیں ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ ایک قوم مثلاً عرب یا ترک اپنے ادوار ختم کر چکی ہوں لیکن کوئی دوسری تازہ دم قوم مسلمان ہو کر اِسلام کو پھر تر و تازگی بخش سکتی ہے۔ تیرہ سو سال سے اِس کا تجربہ ہو رہا ہے۔ اور ہوتا رہے گا اور اِسی سے ابنِ خلدون نے جو اعتراضات کیے ہیں اُس کی بھی محدثانہ حیثیت سے کوئی وقعت نہیں ہے اور مہدیؑ کا عقیدہ اہلِ سنت والجماعت کا ایک مسلمہ عقیدہ ہے۔ (مکاتیبِ امام غزالی صفحہ (23) مطبوعہ کراچی (پاکستان)۔

فی الواقع ابنِ خلدون کی جرح خلافِ اُصول ہے کیونکہ تواتر کی صورت میں راویوں کے ضعف و قوت سے بحث نہیں کی جاتی۔

محدث علامہ حافظ ابنِ حجر عسقلانی شرح بخاری نے "شرح نخبتہ الفکر" میں تحریری فرمایا ہے کہ:-

والمتواتر لا یبحث عن رجاله بل یجب العمل به من غیر بحث لا یحابه الیقین و ان ورد عن الفساق بل عن الکفرة (ماخوذ از ابراز الوہم المکنون)

ترجمہ:- خبرِ متواتر کی شان یہ ہے کہ اِس کے راویوں سے بحث نہیں کی جاتی بلکہ اِس پر بغیر بحث کے عمل کرنا واجب ہے کیونکہ خبرِ متواتر جب یقین ہوتی ہے اگرچہ وہ روایت فاسقوں بلکہ کافروں سے ہوتی ہو۔

اِس کے علاوہ سلفِ صالحینِ اہلِ سنت و اکابرِ علماء حدیث و اُصول کے مقابلہ میں ایک مورخ کے ذاتی خیالات کو ترجیح نہیں دی جاسکتی۔

نیز یہ کہنا بھی صحیح نہیں ہے کہ خلفائے بنی عباسؓ کے زمانے میں اِس قسم کی احادیث پروپگنڈے کے لئے وضع کرلی گئی ہیں۔ یہ بات اُصول منقول کے خلاف ہے اور غیر معقول۔ کیونکہ اِن روایات سے صاف ظاہر ہے کہ راویوں کے زمانے اور ظہورِ مہدیؑ کے زمانے میں صدیوں کا فاصلہ ہے۔ پس جن لوگوں نے اپنی ذاتی ضروریات و مصالح کے لیے بعثتِ مہدیؑ کی روایات وضع کرلی

ہوں، اُن کو ایسی روایات کے وضع کرنے سے اُن کی ضروریات و مصلحتوں میں کیا فائدہ پہنچ سکتا تھا جن کا وقوع صدیوں بعد ہونے کی خبر دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

BAYSAT-E-MAHDI-E-MAU'OOD AHS ROMAN

Yeh na qabil-e-inkar haqeeqat hai ke har shakhs apni jidojahad se Nabi wa Khalifatullah nahin ban sakta. Khuda-e-Ta'aala jiss ko chahta hai uss Mansab ke liey Muntakhab farma leta hai. Aor Ibteda' hi se uss ko aisi Istedad wa salahiyat ata kardi jati hai ke woh iss Baar-e-Nabuwat wa Khilafat ka hamil ban sake aor Allahu-Ta'aala ki Zaat se Istefaza kar sake. Isee liye Khalifatullah ki Paidaesh ke waqt he se Mafauqul Aadaat Umoor ka izhaar hone lagta hai jin ko Ulama-e-Kiram "Alaamaat-e-Arhasiya" kahte hain. Pas jiss tarha Nau-e-Insaan mein mukhtalif qism ki istedaad rakhne wale asnaaf paye jate hain maslan Adeeb, Shaer, Falsafi, Muhandis wagaera Isee tarha Khulafa-e-Ilahi bhi aik Sinf hai aor Nau-e-Insani ki iss baland paya Sinf ko chand aisee khususiyaat wa lawazim ata kar diye jate hain ke uss ko dosre Asnaaf-e-Insaani se Mumtaaz Banadein.

Iss Muqaddas Sinf ki aik ahem khususiyat " Istefaza Wa Ifaza" hoti hai yani Allahu Ta'aala se Faizaan hasil karna Aor uss ko aam insanaun tak pahunchana. Yeh "Wahabi Ilm" Kahlata hai. "Wahabi Ilm" ke teen Zaraey hain. Wahi-Ilham-Kashf, phir Wahi ki bhi do qismein hain. Aik "Wahi-e-Tawassut" jo makhsoos Farishte ke Zariey Bhaiji jati hai. Dosri "Wahi-e-Bila Tawassut" jiss mein kisi Zariey ke Baghair khud Zaat-e-Bari-e-Ta'aala se Ilm hasil hota hai. Wahi aik Qataee Wa Yaqeeni Amr hai. Iss liye Wahi ko jiss tarha khud "Muha Ilaih" (Nabi Ya Khalifatullah) ke liye Qataee aur Yaqeeni qaraar diya gaya hai. Isee tarha dosraun ke Liye bhi Yaqeeni Wa Qataee aor Qabil-e-Hujjat Wa Amal Qaraar diya

gaya hai. Iss ke bar khilaf Ilhaam Wa Kashf sirf usee ke liye hujjat hai jiss par woh zahir ho Aor dosraun ke Liye Zinni qaraar diya gaya hai.

Man Raeel-Hilali-Faliya-Assaum.

Iss mukhtesar Tauzeeh se zahir hai ke Khalifatullah ka "Sahib-e-Wahi" hona uss ki aik ahem Khususiyat hai aor jab Hazrat Muhammad Mustufa SAWS Khatim-ul-Ambiyaa hain to ba Darja-e-Oola Sahib-e-Wahi hain.

Chunache Allahu-Ta'aala farmata hai:-

وَمَايَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ﴿3﴾ اِنْ هُوَاِلَّا وَحْىٌ يُّوْحٰى ﴿4﴾ (سورة النجم-53)

Translation: (Hazrat Muhammad SAWS jo Bolte Hain apni taraf se nahin Bolte balke wahi Bolte hain jo unn ko Wahi ki jati hai.

Iss Aaya-e-Karima mein "وَمَايَنْطِقُ" ke alfaaz Omoomiyat-e-Ta'mma Ka mafhoom rakhte hain iss liye Aan Hazrat SAWS ka har Qaul Wahi hai khaw who Aayaat-e-Qurani hon ya Ahaadis-e-Shareefa, jinn ki sanad Hazrat Rasoolullah SAWS ki taraf sahih ho.

traditions about the advent of Hazrat Mahdi AHS is very large. There is some controversy, however, about his signs and the place of his birth. But there is unanimity about his advent. Hence, the Scholars of the yore/past have made it a part of the beliefs (Aetiqaadiyaat) and they have accepted the constancy and frequency (Tawatur) of the meaning of these Traditions. How can such a glorious precept being omitted in Qur'aan be true or correct, when Allah has said about the Qur'aan, "There is not a grain in the darkness (or depths) of the earth, nor anything fresh or dry (green or withered) but is (inscribed) in a Record clear/Qur'aan (to those who can read)."

A large number of scholars did not focus their attention on conforming these Traditions to the Qur'aan. One of the reasons for this lapse could be that they thought the constancy of meaning in the Traditions about Hazrat Mahdi AHS was enough, and, in fact, that was enough. Hafiz Ibn Hajar Asqalani RA has said, "In the Traditions of constancy, the Rijaal are not discussed, because they (the Traditions) are reliable and certain, even if they are reported or narrated by the sinners or infidels (Kafir). Despite this, conforming these Traditions to the Qur'aan makes it easy to find out which of the Quranic Verses they explain (Tafseer). But in the books written by those commentators and researchers who have focused

their attention on this point, we find the mention of Hazrat Mahdi AHS in their expositions of certain Quranic Verses. In fact, according to the

Quranic Verse, "Thereafter the responsibility is ours to let its meaning be clear (to everyone), the discharging of this responsibility was destined for Hazrat Mahdi AHS. Hence, the intelligence of many of the scholars was deficient. Happily, Allah imparted the knowledge about these Quranic Verses, in which there are indications about Hazrat Mahdi AHS, through Imam Syed Muhammad AHS of Jaunpur himself. We have already discussed why the word, Mahdi, does not occur in Qur'aan. In short, one of the Quranic Verses, in which there is an indication about Hazrat Mahdi AHS, is explained in Parable 3. Hazrat Mahdi AHS offered this Quranic

Verse in proof of his being Hazrat Mahdi AHS, by the command of Allah, and said: "I am listening directly from Allah Most High that this Verse in my favour. (Allah says) "The man (مَنْ) in Afaman Kaana means you. And Bayyi-na means the following, in word, deed and condition (haal) of the Vilayat/Sainthood of Prophet Muhammad Mustufa SAWS, which is particularly associated with his zath (Nature, Essence). Shaa-hidum means Quraan and Torah. Ulaaa-ika refers to the emulating groups (Ummah) of followers. Bihii in both places means Hazrat Mahdi AHS." The details of this abstract are that the word, man (مَنْ), in Afaman kaana, refers to one person, Mahdi-al-Mau'ood Khalifathullah AHS. The following are the arguments to prove it:

(1) The pronouns used in relation to this Arabic word, man (مَنْ), are singular, like Mir-Rabbi-hii, yat-luuhu, minhu etc. But in a previous Verse in Qur'aan, Man-kaana yurii-dul-Hayaatad- Dunya…(to the end of the text), the word, man (مَنْ), is general and the pronouns used in relation to it are all in plural, like نوف الیھم۔اعمالھم۔ لھم ۔لا یبخسون۔ ما صنعوا۔ Nu-waffi-ilayhim-Aa-maala-hum, Lahum-Laa-yub-kha-soon- Ma-sanoo etc.

(2) Man (مَنْ) has to be Sahib-e-Baiyina and this attribute is particular to a Vice Regent of Allah. If one were to take man (مَنْ) to mean common believers, it would become necessary to allow all the believers to have the attributes of Prophet-Hood and the Vice-Regency of Allah in them. It is for this reason that the aayaat and baiyinaat (Verses and Clear Proof) have been used in Qur'aan only in respect of issues, which are beyond the pale of human power, whether they are related to the issues of the Prophets or they are an argument in favour of their Prophet-Hood, or they are a proof of the special Divine Power (Qudrat-e-Ilahiya). The aayaat and baiyinaat have also been applied to both of these, because in both situations the application of the aayaat and baiyinaat is related to the Divine Power. It is for this reason that the disavowal of the aayaat and

baiyinaat necessitates the disavowal of the Divine Power. Allah has said, "None but disbelievers deny the Revelations of Allah: let not their outward prosperity in the land deceive thee." However, it appears at the first glance that the word baiyina has been used for the common believers (Mo'mineen) at one place in Qur'aan. But, in reality, there too it has been used for the Prophet SAWS. Allah says that, "He who perished (on that day) might perish by a clear proof (of His Sovereignty) and he who survived might survive by a clear proof (of His sovereignty). This Quranic Verse relates the Battle of Badar. The victory, the Prophet SAWS won on this battlefield, materially manifests the divine help, because the army with the Prophet SAWS was a small force, while the force on the other side was large fully equipped with the contemporary arms and ammunition. Secondly, the Prophet SAWS's army was at a lower level, while that of the enemy was at a higher level on the battlefield. Thirdly, the Prophet's army was stationed on a level surface of sand. From the strategic standpoint, all the three factors were very hazardous for the Prophet SAWS. Despite all this, the Prophet SAWS won the battle. This was extraordinarily glorious. Hence, the Qur'aan mentions this battle as a marvel (Aijaaz). And in this Verse, Allah has given Glad Tidings to the group of the Prophet SAWS that he who was martyred in the war was martyred with clear proof (Baiyina) and he who survived, survived by a clear proof (Baiyina). This is so because the Battle of Badar is a grand miracle (Mou'jiza), which was particularly associated with the Prophet SAWS. Had the Prophet SAWS not been on the battlefield, the battle could have ended otherwise. Or, the battle would never have taken place. The Prophet SAWS had been informed in a dream that the enemy's forces were small and weak. He had shared this information with his companions. He also interpreted this dream to mean that the enemy would be defeated. The companions (Allah may be pleased with them all) rejoiced and willingly, devotedly and enthusiastically participated in the war. Allah says in Qur'aan, "When Allah showed them unto thee (O Muhammad SAWS) in thy dream, as few in number, and if He had shown them to thee as many, ye (Muslims) would

have faltered and would have quarreled over the affair. But Allah saved (you). Lo! He knows what is in the breasts/hearts of people. And when you came face to face with the enemy, Allah made (their numbers) small in your eyes. This explication too shows that even here the word, baiyina, in reality refers to the Zaat of Prophet SAWS alone.

Aayaat and baiyinaat are called Miracles. From here, the humankind becomes divided in two groups, the believers (Mo'mineen) and the nonbelievers (Kafireen). Allah says, "Those who reject (the Truth), among the people of the Book and among the Polytheists, were not going to depart (from their ways) until there should come to them Clear Evidence" In his exegesis of the Quranic story of Hazrat Noah, Imam Fakhruddin Razi RA writes, "For the reason of the knowledge (Mua'rifat) of the Zath and Sifaat (Attributes) and ma-yajb, ma-yamtana' and mayajuz-ilah, one should be a Baiyinah (clear evidence) from his Lord/Rab. "The knowledge of the Zath and Sifaat (of Allah) is not possible without the Luminosity of Sainthood (Nur-e-Vilayat). The Vice Regents of Allah acquire the bounty (Faiz) from Allah and convey it to the people/creatures/ Makhlooq. It is for this reason that it is an accepted matter that every Prophet first achieves Sainthood/Vilayat, as the moon needs to achieve the luminosity of the sun (to reflect it). Similarly, for the Prophet-Hood and Vice-Regency (of Allah), the Luminosity of Sainthood is necessary. The Sainthood is allegorised as sun and the Prophet-Hood as the moon. The late Hazrat Syed Mahmood Sahib Maulvi Fazil has argued in his book, Sharah-e-Maktub-e-Multani, on the point. The following is a summary of his arguments: "The difference between the other Saints and Imam Mahdi AHS is that ordinary Saints get their Sainthood through the medium of Prophets, but since the Sainthood of Imam Mahdi AHS is the Sainthood of Prophet Muhammad SAWS, it is associated directly with the Zath of Allah Most High. Hence, the Quranic Verse says: "Alaa Baiyi-na-tim-mir-Rabbi-hii (relieth on a clear proof from his Lord). Hazrat Shah Qasim Mujtahid-e-Giroh RA writes; A-faman-kaana -alaa Bayyi-na-tim–mir-Rabbi-hii (the

person who is, without any medium, on the Sainthood of Prophet Muhammad SAWS from his Rab/Lord). In the exegesis of the Quranic Verse; "Wa-laakin-ja-alnaahu Nooran (But we have ordained it to function as a light), he says: "We have treated it as light, which is bright and brightens (other things), and you have seen, known and perceived everything from the same light/noor. And that noor is named from all names, owns all the attributes and is pure, without defect and unique among all things. There was no existence of anybody before it; there was none and there will be none.

In another tract (Risaala), he writes; "As Allah is everlasting, the Sainthood of Imam Mahdi AHS too is everlasting, because the Mahdi is the special light (noor) of the Sainthood of Prophet Muhammad SAWS and the Zath of Allah. He is always there and will remain there forever. The Naql of Bandagi Miyan Syed Khundmeer RZ has been quoted above that the Sainthood of the Prophet SAWS is the same as it was before. It is proved that Vilayat will never terminate because the Vilayat-e-Mustufa SAWS is the special light of the Zath of Allah; it was there and will continue to be there. It is for this reason that Prophet SAWS has said, "I was a Prophet when Adam AHS was between clay and water."

Hazrat Jaami RA writes: "Vilayat will never terminate because it is eternal, everlasting, perpetual and permanent and its perfect manifestation is the Seal of Sainthood." The author of Matla Khusus-ul-Kalam Sharah-e-Fusus-al-Hikam writes: "Vilayat is an Attribute of Allah. Hence, Allah has called himself "Vali-al-Hameed" and the vali of Mo'mineen. Hence, that Vilayat does not terminate from Azal (sempiternity) to Abad (Eternity) and it is impossible for any Prophet to reach the Presence of Allah without Vilayat. And the same is the immanence (Baatin) of Prophet-hood. And this rank, by virtue of the comprehensiveness of the Ism-e-Azam (The Great Name of God) is for the

Seal of Prophet-Hood, and in the capacity of being his witness (Shuhood), for the Seal of Sainthood (Vilayat). "In the explication of the Hadees, "I

was a Prophet when Adam AHS was between clay and water,' Sheikh Muhaiyuddin Ibn-e-Arabi RA writes: "Every Prophet other than Prophet Muhammad SAWS becomes a Prophet at his advent as such. In the same way, the Seal of Sainthood too was a Vali when Adam AHS was between clay and water. All Awliya, other than him, became Vali when they achieved the conditions/requirements of Vilayat.

This shows that the specialties of Vilayat, Hazrat Shah Qasim Mujtahid-e-Giroh RA has explained, are not confined to the Mahdavis alone, but they are found in the writings of the eminent scholars of the Ahl-e-Sunnat. Hence, the claim of the author of the Hadiya-e-Mahdavia, that this is particularity of the Mahdavis, is wrong. In short, whatever has been said about the particularities of Vilayat, is enough, because, the human capacity to talk is incapable to explain it fully. Hence, it is not necessary to delve on the subject anymore. In short Bayyinah purports to mean the Vilayat-e-Mustufa (Sainthood of Prophet Muhammad SAWS). The commentators of Quraan have interpreted the word, Bayyinah, in many ways: Al-burhan (argument), Al-Wazih min-Allah (obvious from Allah), Haqiqat-e-Deen-e-Islam (Reality of the Religion of Islam), Daleel-e-Aql (Rational Argument), Yaqeen (Certainty) or Noor-e-Vilayat (Light of Sainthood). But in the books of Mahdavis, the word, Bayyinah has been explained (Tafseer) as the emulation of the Vilayat-e-Muhammadia. This indeed is the root of all the expressions mentioned above. Besides, these commentators too accept the Imam Mahdi AHS's being the Sahib-e-Vilayat, even though they doubt his being Mahdi-al-Mau'ood AHS. Some of their testimonies (Shawahid) are as under: "There is no objection in the majesty, perfection, devotion, worship and sainthood of Mir Syed Muhammad of Jaunpur. "Mir Syed Muhammad Qaddasa-Sirrahul-Azeez (May Allah sanctify his Secrets) was among the Great Saints and he had claimed to be Imam Mahdi AHS. "(He) sent word to the Sheikh-al-Islam, "This man is one of the signs among the signs of Allah, and the knowledge we have acquired over the years has no value before him." Take note of

the words, "A sign among the signs of Allah", prove that Hazrat Mahdi AHS was the Sahib-e-Bayynah and his is the Vilayat-e-Muqaiyyada--e-Muhammadiah and his emulation is perfect.

It is for this reason that Hazrat Prophet Muhammad SAWS said, "He will follow in my footsteps and will not err." Every believer (Mo'min) cannot possibly perfectly emulate the Prophet SAWS in word, deed and state (Qawlan, failan and Halan). This can be done only by a person who is free from erring and who has been accorded the position (Mansab) of the Vice-Regent of Allah (Khalifatullah). It is for this that Bandagi Miyan Syed Khundmeer RZ has said, "If we are asked, "What does it mean when it is said that Hazrat Mahdi AHS would be perfect in his emulation of the Prophet SAWS?', we would say that "Imam Mahdi AHS would emulate the Prophet SAWS in the commandments of Shariyat, call (to the people) towards Allah and his word and state (Haal) in accordance with the direct revelation from Allah. All people, other than Hazrat Mahdi AHS, emulate the prophet after hearing the Traditions (Ahadees)." In short, being the Sahib-e-Baiyinah is an important essentiality of the Vice-Regency of Allah. Hence, the Arabic word, man (مَنْ), in the Quranic Verse, cited above, is essentially for the Vice-Regent of Allah.

(3) In the word, Yat-loohu, the pronoun, hu, refers to man مَن according to the authentic parables, the word, Shaahid, refers to Qur'aan. Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmeer Siddiq-e-Vilayat RZ and other virtuous elders of the yore/past too have interpreted it as Quraan.

(4) The phrase, Olaaa-ika yumi-noona bih, too refers to the phrase, A-faman اَفَمَنْ. The word, Olaaa-ika, refers to the omitted and implied meaning. This is explained in the book, Naqliat-e-Bandagi Miyan Hazrat Abdur Rasheed RZ, as the followers (Ummah) who emulate. In other words, during the era of the advent of Imam Mahdi AHS, all those people, who are divided into sects or clans and, among them, those who are destined to Faith (Eiman), will repose faith in man/ مَن (that is, Hazrat

Mahdi AHS). And the part of the Verse, "Wa Manyyak-fur bihii minal-Ahzaabi fannaru maw-iduh", proves the foregoing exegesis. From among the Ahzaab or the sects, whoever disavows the man (مَن) (that is, Hazrat Imam Mahdi AHS), his appointed place is the Hell Fire. In this Verse, the word, Ahzaab is the guide to find out the Mushaarun-ilaih of the word, Ulaaa-ika. And the Mushaarun-ilaih of Olaaa-ika could also be found in the word, qaum (people) in the Verse, "O ye who believe! Whoever of you becomes a renegade from his religion, (know that in his stead) Allah will bring a people whom He loves and who love Him." Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmeer RZ says, "When Imam Mahdi AHS has such proof in himself and the Qur'aan is in his favour and is giving evidence on (the truth of his word and deed) and the people, about whom Allah has said, a people whom He loves and who love Him, has affirmed and confirmed the Mahdi AHS, there is no need for any other evidence." Be that as it may, it is already proved that "Ittiba-e-Umam" is the Mushaarun Ilaih of Olaaa-ika. In short, from Olaaa-ika Yu'minoo-na Bihi, the Zath of man (مَن) becomes a part of the Eimaniyat (faith). According to the religion of Islam, there is no person, except Imam Mahdi AHS and Prophet Isa AHS, in whom one has to repose Faith (Iman) after Prophet Muhammad SAWS. This specialty too is an important facet of the man being the Vice-Regent of Allah. In the phrase, "Wa manyyak-fur bihii minal-Ah-zaabi fannaru maw-iduh" the word, Bihii, refers to "A-faman-kaana. Decreeing of the disavowal of the man (مَن) as kufr and making its retribution the Fire of Hell is the clear proof of the man(مَن) being the Vice-Regent of Allah.

(5) In the phrase, "Wa manyyak-fur bihii minal-Ah-zaabi fannaru maw-iduh" the word, Bihii, refers to, "A-faman-kaana." Decreeing of the disavowal of the man as kufr and making its retribution the Fire of Hell is the clear proof of the man being the Vice-Regent of Allah.

(6) In the phrase, Falaa taku fii mir-ya-tim-minh, the word, minh, also refers to the phrase, A-faman-kaana. Some of the commentators of Qur'aan have said that the man مَنْ here refers to Prophet Muhammad

SAWS. The flaw in this argument become clear here as the Prophet SAWS himself is addressed here and minh refers to A-faman-kaana. In that case, the meaning of the Verse would be, (O Muhammad) do not doubt in respect of this man مَنْ (Muhammad SAWS). The flaw in this meaning does not deserve an explanation.Some other commentators of Qur'aan have taken Shaahid to mean Qur'aan and affirmed that fiimir-ya-tim-minh refers to Shaahid, while others have said that fan-naaru-maw-iduh is referred to in minh. In both these situations, it becomes necessary for Prophet Muhammad SAWS to doubt the Qur'aan or a part thereof, and this can never be correct. The Mahdavi ulama of the past have said that minh in Falaa taku fii mir-ya-tim-minh refers to "A-faman-kaana" which conforms to the exegesis of Imam Mahdi AHS. Now the meaning is very clear that "O Muhammad SAWS! Do not be in doubt about the Mahdi." This explication (Tauzih) shows that the man مَنْ , about whose advent Allah has assured Prophet Muhammad SAWS , there is no doubt about that man مَنْ being special. And Allah was not content about this but goes further and says, "Innahul-Haqqu mir- Rabbika wa laa-kinna aksaran-naasi la yu'minoon!" In this Verse, Ul-Haqqu mir-Rabbika and "Aksaran-naasi laa yu'minoon" show that man مَنْ is not common or ordinary person but one who has the exalted position of Khalifathullah who is to be obeyed and to be accepted as a matter of Faith.

☆☆☆☆☆

توضیح روایت(9) و(280)

حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ "اگر بندہ خلوت میں قرآن کا مطالعہ کر کے معانی سوچ کر باہر آتا ہے تو بندہ ظالم اور مفتری علی اللہ ہو جائے گا۔ بندہ جو کچھ کہتا، کرتا، اور سناتا ہے اللہ تعالیٰ کے حکم سے کہتا، کرتا اور سناتا ہے۔ بندہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے روزانہ بلاواسطہ تعلیم ہوا کرتی ہے"۔(روایت 9)

واضح ہو کہ وحیِ بالتوسط نبوت و رسالت کی خصوصیت ہے۔ چونکہ آپؐ نبوت و رسالت کے دعوے پر مامور نہیں ہیں بلکہ منصبِ مہدیت و خلافتِ الٰہیہ کے دعوے پر مامور ہیں اس لیے "وحیِ بلاواسطہ "آپؐ کی خصوصیت ہے اور اسی لیے آپؐ کا ارشاد ہے:-

" عُلِّمْتَ مِنَ اللهِ بِلَاوَسِطَة جَدِيْدَ الْيَوْمْ "یہی وجہ ہے کہ جہاں آپؐ نے "وحیِ بلاواسطہ "کا اعلان کیا اِسی طرح "وحی بالتوسط "کا انتفا

بھی فرمادیا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا ہے:-

" اینجا تعلیمِ بلواسطة جبریل ہست اما دعویٰ جبرئیل نیست "۔(فسطاس المستقیم مولفه حضرت شاہِ قاسم مجتہدِ گروہؒ)

وہبی علم جسے عطا کرنا ہو اُس کو پہلے ہی سے ایسی قدسی صفات سے متصف کیا جاتا اور ایسی استعداد و صلاحیت عطا کر دی جاتی ہے کہ وہ اِس کا حامل بن سکے۔ اور جو وہبی علم خلافتِ الٰہیہ کا منصب رکھنے والی برگزیدہ ہستیوں کو عطا ہوتا ہے وہ لغزش یا خطا سے پاک و مبرا ہوتا ہے۔ امامناعلیہ السلام کے صحابی حضرت شاہِ دلاورؓ سے ایک روایت، جلیل القدر تابعی حضرت شاہ عبدالرحمٰنؒ نے نقل کی ہے:

فرمودند که حق تعالیٰ بنده را درہماں زماں چہار کتاب بلامثال تعلیم کرد اگر بنده توریت خواندے مردماں تحیروارانی لک ھٰذا گفتندے که بارکرت دیگر موسیٰؑ اظہار نمود بنده بضم میکرد و اگر بنده انجیل بخواندے مرد ماں گفتندے که کرت دوم مسیح ابنِ مریم اظہار کرد۔ ہمیں منوال اگر بنده کلام الله خواندے مردماں گفتندے که ھٰذا رجلٌ عزیز محمد رسول الله قدعا دبمرة اخری و مردماں دریں باب درشک گشتے بنده بتوفیقِ الله تعالیٰ بضم کرد زیرا چه بنده را حامل اثقالِ ولایتِ محمدیہؐ خدائے تعالٰی بیافریده است (مولود)

ترجمہ:- یعنی حضرت امامناعلیہ السلام نے فرمایا:- "اللہ تعالیٰ نے بندہ کو اُسی زمانہ میں چاروں کتبِ (سماویہ) کی بے مثل تعلیم دے دی ہے۔ اگر بندہ توریت پڑھتا تو لوگ متحیر ہو جاتے کہ تجھے یہ کیوں کر حاصل ہوا اور کہتے کہ موسیٰؑ نے دوبارہ ظہور پایا

ہے۔ بندے نے (اِس قوت وصلاحیت کو) ہضم کیا۔ اگر بندہ انجیل پڑھتا تو لوگ کہتے کہ مسیح ابنِ مریمؑ دوسری مرتبہ نمودار ہوئے ہیں۔ اِسی طرح اگر زبور پڑھتا تو کہتے کہ یہ تو داؤدؑ ہیں۔ اگر کلام اللہ پڑھتا تو لوگ خیال کرتے کہ رسول اللہ ﷺ دوبارہ تشریف لائے ہیں۔ اور اِس بارے میں مبتلائے شک ہو جاتے! بندہ نے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہضم کیا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بندہ کو ولایتِ محمدیہؐ کا بار اٹھانے کے لیے پیدا فرمایا ہے۔

نیز آپؑ کی ولاتِ باسعادت کے حالات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابتداء ہی سے آپؑ کو وہبی علم عطا ہو رہا تھا۔ روایت ہے کہ:-

حضرت سید عبداللہؒ گفتند کہ آں ذاتِ مبارک چوں متولد شد ہر دو دست بر شرم گاہِ خود نہادند چوں بربدنِ شریف جامہ پوشانیدند دستہائے خود جدا ساختند و باز گاہیکہ جامہ ازتنِ مبارک دور میکردند بطور سابق دستہائے خود بر شرم گاہ می نہادند۔

(مولود مولفہ حضرت شاہِ عبدالرحمٰنؒ)

ترجمہ:- یعنی حضرت سید عبداللہؒ (والدِ بزرگوار حضرت امامنا علیہ السلام) فرماتے ہیں کہ اِس ذاتِ مبارک کا تولد ہوا تو دونوں ہاتھ اپنی شرم گاہ پر رکھے ہوئے تھے۔ جب بدنِ شریف پر کپڑا پہنایا گیا اپنے ہاتھ جدا کر لیے اور جب کبھی کپڑے آپؑ کے تنِ مبارک سے علٰحدہ کیے جاتے اُسی طرح اپنے ہاتھ شرم گاہ پر رکھ لیتے تھے۔"

یہ ایک عجیب و غریب واقعہ ہے کہ قدرت نے آپؑ کے پیدا ہوتے ہی آپؑ سے رشد و ہدایت کی بنیاد رکھوائی اور اہلِ دنیا کو احکامِ شریعت کی حفاظت و نگہداشت کا حیرت ناک عملی درس دیا۔ اور اہلِ بصیرت کو یہ جان لینے کا موقع عطا فرمایا کہ یہ ہستی مستقبل میں کس منصب پر فائز ہو گی! کیونکہ یہ علامت اُن علائمِ ارہاصیہ میں سے ہے جو خلفائے الٰہی سے اُن کے دعوئے نبوت و خلافت سے بہت قبل ظاہر ہوا کرتی ہیں۔ فی الحقیقت خاتمین علیہما السلام کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ دونوں قدسی صفات ہستیاں ازل ہی سے اِس مرتبہ پر فائز ہیں۔ چنانچہ اِس خصوص میں حدیثِ کنت نبیاء اٰدم بین الماء والطین (میں نبیؐ اُس وقت تھا جب کہ آدم کی مٹی خمیر کی جا رہی تھی) کی تفسیر میں حضرت محی الدین ابنِ عربیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ:-

وغیرہٖ من الانبیاء ماکان نبیا الاحین بعث و کذالک خاتم الاولیاء کان ولیا واٰدم بین اماء والطین وغیرہ من الاولیاء ما کان ولیا الا بعد تحصیل شرایط الولایۃ۔(شواہد الولایت)

ترجمہ:- ازلی نبی ہونے کی خصوصیت حضرت رسولِ اکرم ﷺ ہی کے لیے ہے۔ آپؐ کے سوائے جتنے انبیاء ہیں وہ نبی اُس وقت ہوتے ہیں جب کہ اُن کی بعثت ہوتی ہو۔ اور اِسی طرح خاتم الاولیاء اُس وقت سے ولی ہیں جب کہ آدم علیہ السلام کی مٹی خمیر کی جارہی تھی۔ خاتم الاولیاء کے سوائے جو ولی ہیں وہ اُس وقت ولی ہوتے ہیں جب کہ اُن کو ولایت کی شرائط حاصل ہوں۔

غرض یہ امر متحقق ہے کہ امامنا علیہ السلام کو وہبی تعلیم بلاواسطہ ہوا کرتی تھی جس کو آپؑ نے علی الاعلان اُس وقت ظاہر فرمایا جب کہ آپؑ نے بحکمِ خدائے تعالیٰ دعوئے مہدیت پیش کیا اور "وحیِ بلاتوسط" کے اظہار کا بھی یہی وقت تھا۔

اِس کے علاوہ ایسی روایات بھی ملتی ہیں جن سے آپؑ کو کسبی علم ہونا بھی ظاہر ہوتا ہے۔ اِس وقت مسلمانوں میں مکتب کی ابتداء تسمیہ خوانی سے ہوا کرتی تھی۔ اور آپؑ کے والد کو حکومتِ وقت کی طرف سے خطاب و عزوجاہ و شوکت و حشمت حاصل تھی اس لیے اُنھوں نے بھی بڑے اہتمام کے ساتھ آپؑ کی کسبی تعلیم کی ابتداء تسمیہ خوانی سے کی۔ اور یہ واقعہ اگرچہ کسبی تعلیم سے متعلق ہے لیکن اِس میں بھی وہبیت کی غیر معمولی تائید شاملِ حال پائی جارہی ہے۔

روایت ہے کہ:- چوں وقت بہ مکتب نشتن میراں علیہ السلام رسید چہار سال و چہار ماہ چہار روز بعمرِ مبارک شدہ بود میراں عبد اللہ تشریع ضیافت نمودند۔ میاں شیخ دانیال را گویانیدند حضرت میراں فرمودند " شیخ دانیال سید ہستند شاہ دانیال باید گفت۔ " پس گویانیدند کہ امروز مکتبِ میراں سید محمد است باید کہ آمدہ بزبانِ مبارک خود بسم اللہ گویانند۔ پس شاہ دانیال درحال برمکانِ سید عبد اللہ آمدہ حضرت میرانؑ را برادرنگ کلاں بہ نشاندند و خود پایانِ تخت استادند۔ و نیز حوالی تخت اکثر الناس من علماء الفقہاء والصلحا والاتقیاء والعرفاء والوزراء والعساکر استادہ بودند ہمدراں حضرت خضرؑ قدوم فرمودند دراں جماعت کسے خضرؑ را نہ شناخت مگر حضرت میرانؑ استادہ تعظیم کردند۔ شاہِ مزکور و جملہ حاضرین را بسا تعجب آمد کہ محبوبِ خورد سال یکدام تعظیم کرد۔ پس دراں زماں شاہ دانیال سر از مراقبہ برآوردہ

دیدند که حضرت خضرؑ درجمیع الناس عموم وخصوص استاده اند۔ بعدہٗ بجانبِ حضرت خواجہؑ التماس برنیازمندی نمود۔خواجه و شاه هر دو کس حضرت میرانؑ را نبشاندند و خود پایان نشستند و نیز خواجه الیاسؑ و مهتر عیسیٰ و مهتر ادریسؑ بحکمِ خدائے تعالیٰ حاضر شده بودند۔ چوں وقتِ بسم الله گویا نند خواجه خضرؑ جواب فرمودند که شما بسم الله گویانید۔ آمر تعالیٰ مرا مخصوص بایں کار فرستاده است که امروز حبیب من بسم الله می گوید تو برود آمین گو۔ بنا براں شاه دانیالؒ بسم الله گویانیدند و حضرت خواجه خضرؑ بصوت اعلان آمین گفتند۔

(مولود مولفه حضرت شاه عبدالرحمٰنؒ)

ترجمہ:-یعنی جب امامناعلیہ السلام کا مکتب میں بیٹھنے کا وقت آپہنچا یعنی عمرِ مبارک چار سال چار ماہ چار یوم کی ہوئی تو حضرت میاں سید عبد اللہ نے مجلسِ ضیافت منعقد کی اور حضرت شیخ دانیلؒ کو بھی کہلایا۔ حضرت امامناعلیہ السلام نے (یہ نام سن کر) فرمایا کہ شیخ دانیال سید ہیں شاہ دانیال کہنا چاہیے۔" پس اِسی (نام کے ساتھ) کہلایا گیا کہ آج میراں سید محمدؑ کے مکتب کی ابتداء ہے آپ تشریف لاکر اپنی زبانِ مبارک سے بسم اللہ پڑھائیں۔ حضرت شاہ دانیلؒ اِسی وقت سید عبد اللہ کے گھر آگئے اور سیدنا علیہ السلام کو ایک بڑے تخت پر بیٹھادیا اور خود تخت کے پایہ سے لگے کھڑے رہے اور تخت کے اطراف وجوانب بہت سارے لوگ علماء، فقہاء، اتقیاء، عرفاء وعساکر کھڑے ہوئے تھے اتنے میں حضرت خواجہ خضرؑ مہیب افروز ہوئے۔ کسی نے حضرت کو نہ پہچانا مگر حضرت امامناؑ نے کھڑے ہو کر تعظیم دی۔ شاہ دانیلؒ اور سب حاضرین اِس حرکت پر متحیر ہوگئے کہ اِس کمسن محبوبؑ نے کس کو تعظیم دی ہے۔ پس تھوڑی دیر میں حضرت شاہ دانیلؒ نے مراقبہ سے سر اٹھا کر دیکھا کہ حضرت خضرؑ اِس مجمع میں تشریف فرماہیں۔ پھر حضرت خضرؑ سے اپنی عاجزی پر التماس کیا۔ خواجہ اور شاہ دونوں حضراتؑ نے امامناعلیہ السلام کو بٹھادیا اور خود بھی وہیں تخت سے لگے بیٹھ گئے اور حضرت خواجہ الیاسؑ و مہتر عیسیٰؑ و مہتر ادریسؑ بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے اِس مجلس میں تشریف فرماتھے۔ جب بسم اللہ پڑھانے کا وقت آگیا تو شاہ صاحب نے حضرت خضرؑ سے اِلتماس کیا کہ آپ اپنی زبانِ مبارک سے بسم اللہ پڑھائیں۔ خواجہؑ نے جواب دیا کہ بندہ کو اللہ تعالیٰ محض اِس لیے بھیجا ہے کہ آج کے دن ہمارا حبیب بسم اللہ پڑھتا ہے تم آمین کہلاؤ! پس حضرت شاہ دانیلؒ نے بسم اللہ پڑھائی اور حضرت خضرؑ نے بآوازِ بلند آمین کہا۔

ملاحظہ ہو کہ اِس روایت میں "حضرت شاہ دانیلؒ کی سیادت کا اظہار اور حضرت خواجہ خضرؑ کی شناخت و تعظیم و ہبی علم پر دلالت کر رہے ہیں۔ غرض کہ تسمیہ خوانی کی تقریب اپنی ظاہری و باطنی شان و شوکت کے ساتھ پوری ہوئی اور آپؑ کو حضرت شاہ دانیلؒ کے مدرسہ میں شریک کر دیا گیا۔ کیا ہی خوش نصیب ہے وہ اُستاد، جس نے خدائے تعالٰی کے خاص، منتخب تلمیذ کی معلمی کا شرف حاصل کیا ہو۔ ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔

حضرت شاہ دانیلؒ عالمِ رُموزِ شریعت و طریقت اور صاحبِ حال بزرگ تھے۔ اُنھوں نے اِس مقدس ہستی کو جان لیا تھا۔ اِس لیے جب کبھی امامناؑ مدرسہ تشریف لے جاتے اُستاد صاحب تعظیم و تکریم کے بعد آپؑ کو اپنی جگہ جلوہ افروز کرتے تھے۔ روایت ہے کہ:-

وقتیکہ حضرت میراںؑ برائے تحصیلِ علم درمدرسہ بیامدے شاہ دانیالؒ بسیار اکرام نمود و بحضورِ خود نشاندہ برائے تعظیم دیگراں را نیز فرمودے سید احمد کہ برادرِ کلاں بودند رشک بردند کی مرا گاہے چنیں تعظیم نمی کنند تایک روز خواجہ خضرؑ برائے ملاقات شاہ دانیالؒ آمدہ بود ند و بعد رفتن حضرت سید احمد را برائے امتحان پر سیدند کہ ایں کدام کس بود جواب دادند من نمی دانم۔ بعدہٗ حضرت میراںؑ را پرسیدند حضرت فرمودند کہ خواجہ خضرؑ بودند۔ شاہ دانیالؒ دل داشتگی کردہ فرمودند کہ ایں برادر شما مردِ عظیم است و آنچہ شرف از باری تعالیٰ کہ دارد شما آگاہ نیستند (مولود مولفہ حضرت شاہ عبد الرحمٰنؒ)

ترجمہ:- یعنی حضرت مہدی علیہ السلام تحصیلِ علم کے لیے مدرسہ میں جب تشریف لاتے حضرت شاہ دانیلؒ بہت عزت و اکرام سے اپنی جگہ بٹھاتے اور دوسروں کو بھی تعظیم کے لئے فرماتے تھے۔ آپؑ کے بڑے بھائی سید احمد کو رشک ہونے لگا کہ کبھی میری تعظیم ایسی نہیں کرتے۔ اتفاقاً ایک دن حضرت خضرؑ، شاہ دانیلؒ کی ملاقات کے لئے آگئے تھے۔ تشریف لے جانے کے بعد امتحان کے طور پر شاہؒ نے سید احمد سے پوچھا کہ یہ کون صاحب تھے۔ سید احمد نے کہا میں نہیں جانتا۔ پھر سیدنا علیہ السلام سے دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا کہ خواجہ خضرؑ تھے۔ شاہ دانیلؒ نے سید احمدؒ کی دلداری کرتے ہوئے فرمایا کہ تمہارے بھائی

کی بہت بڑی ہستی ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو شرف و اعزاز رکھتے ہیں تم اِس سے آگاہ نہیں ہو۔

سات سال کی عمر میں کلام اللہ حفظ فرما لیا اور بارہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہو گئے۔ شاہؒ نے تمام علماء کو جمع کیا سب نے باتفقِ تمام آپؑ کو "اسد العلماء" کا خطاب دیا۔ آپؑ کی طالبِ علمی کے ایسے واقعات بھی ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپؑ کا علم اپنے اُستاد پر بھی فوقیت رکھتا تھا۔ اُستاد کے وہ عقدے اور شبہات جو برسوں سے حل نہ ہو سکے تھے حضرتؑ نے اپنی طالبِ علمی کے زمانہ میں حل کر دیے رہیں۔

"میاں شاہ دانیالؒ تعلیمِ قرآنِ شریف بیک رکوع داد۔ حضرت میراںؑ قبل از تعلیم خود یک جز خواندے تا در ہفت سالگی تمام قرآن حفظ کردند۔" (مولود مولفه حضرت شاه عبد الرحمٰنؒ)

ترجمہ:- یعنی حضرت شاہ دانیلؒ قرآنِ شریف کے ایک رکوع کی تعلیم دیتے تو حضرت سیدنا علیہ السلام اپنی تعلیم سے قبل ہی ایک جز پڑھ لیتے تھے۔ یہاں تک کہ سات سال کی عمر میں پورا قرآنِ مجید حفظ فرمالیا"۔

"چوں شیخؒ از ہر نسخه که تعلیم یک جز دادندے حضرت امام علیه السلام تمام ماہیت و مردآں کتاب را باسوال و جواب واضح کرده فرمودندے که بسیار اشکالہائے شیخ ہم حل شدے۔" (شواہد الولایت)

ترجمہ:- جب شیخ دانیلؒ کسی نسخہ سے ایک جز کی تعلیم دیتے تو حضرت امامنا علیہ السلام اِس کتاب کی پوری ماہیت سوال و جواب کی صورت میں اِس طرح واضح کر دیتے کہ خود شیخؒ کے بہت سارے اشکال بھی حل ہو جاتے تھے"

اور نقلیاتِ میاں عبدالرشیدؒ میں بھی اِس نوعیت کی روایت ہے۔ 280

یعنی خواجہ خضرؑ ہمیشہ جمعرات کے دن مدرسہ میں تشریف لاتے اور شاہ دانیلؒ سے امتحان کے طور پر چند سوال کرتے جب اُن کو جواب سے مجبور پاتے حضرت امامنا علیہ السلام سے سوال کرتے۔ آپؑ تمام سوالات کو ایک (1) ہی جواب میں حل کر دیتے تھے۔

(1)۔ ہم یہاں مثال کے طور پر ایک روایت کا ذکر کرتے ہیں جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ آپؑ کس طرح سوالات کو ایک ہی جواب میں حل فرمادیا کرتے تھے۔ روایت ہے کہ ایک موقع پر کسی نے چار بڑی کتبِ سماویہ کے نزول کی ماہیت کی نسبت حضرتؑ سے سوال کیا تو آپؑ نے جواب فرمایا کہ "مرادِ توریت و زبور و انجیل و فرقان به یک کلمه اندک " لَا اِلٰهَ اِلَّا الله" (انصاف نامه)

جب امامناعلیہ السلام کی عمرِ شریف بارہ سال کی ہوئی اور وقت کی مناسبت پائی گئی تو حضرت خضرؑ نے حقدار کو حق پہنچانا چاہا۔ اِس لیے میاں شاہ دانیلؒ سے فرمایا: ندی کے کنارے صحرا میں جو مسجد ہے جسے کھوکری مسجد کہتے ہیں، آپ دونوں وہاں آئیں۔ شاہ دانیلؒ حضرت امامناعلیہ السلام اور آپؑ کے برادر حضرت سید احمدؒ کو ہمراہ لیے ہوئے وعدہ گاہ پر پہنچے۔ حضرت خضرؑ نے یہاں بھی شاہ دانیلؒ سے چند سوال کیے وہ جواب نہ دے سکے۔ امامناعلیہ السلام سے سوال کیا گیا تو آپؑ نے ایک ہی جواب میں حل فرمادیا۔ اِس کے بعد حضرت خضرؑ، امامناؑ کو خلوت میں لے گئے اور جدِ امجد حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی جو امانت اُن کے پاس تھی آپؑ کے سپرد کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ عطائے بارِ امانت ہے۔ " اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَ حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ط "(سورة الاحزاب۔72)

ترجمہ:- ہم نے (بارِ) امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو اُنہوں نے اِسے اُٹھانے سے انکار کر دیا اور اُس سے ڈر گئے اور انسان نے اُسے اُٹھالیا۔ آیتِ قرآنِ مجید کا مفہوم پورا پورا آپؑ پر صادق ہے۔ پھر آپؑ نے کہا کہ خدائے تعالیٰ کا حکم ہے کہ اپنے جد حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی اِس امانت سے تلقین کریں۔ یہ ذکرِ خفی کی تعلیم جو میرے پاس امانت تھی آپؑ کو پہنچادی گئی۔ کچھ حاملِ اثقال کو بھی ملنا چاہیے۔ پھر حضرت امامناؑ نے حضرت خضرؑ کو ذکرِ خفی کی تلقین کی۔ اِس کے بعد دونوں صاحبِ رُموز و اسرار ہستیاں خلوت میں آئیں اور حضرت خضرؑ نے حضرت شاہ دانیلؒ سے فرمایا کہ یہ مہدیٔ موعودؑ ہیں میں نے اِن کی مہدیت کی تصدیق کی ہے تم بھی تصدیق کریں اور تلقین حاصل کریں۔ پس حضرت دانیلؒ اور حضرتؑ سید احمدؒ دونوں نے تلقین کی۔۔۔۔ اِن دنوں حضرت شاہ دانیلؒ نے سیدنا علیہ السلام کو "سید الاولیاء" کا لقب دیا۔ اور دن بدن حضرت کی ولایت عوام پر ظاہر ہونے لگی۔

یہ واقعات بارہ سالہ عمر یعنی دعوائے مہدیت سے اٹھائیس 28 سال قبل کے ہیں۔ گویا اپنی مہدیت کا علم ہونے کے بعد بھی جب تک علی الاعلان دعوے کا تاکیدی حکم نہ ملا آپؑ نے طویل عرصہ تک مہدیت کو ظاہر نہیں فرمایا۔ غرض اِن واقعات سے ظاہر ہے کہ امامناعلیہ السلام کا علم طالبِ علمی کے زمانہ میں ہی اتنا بڑھا ہوا تھا کہ اُستاد کے عقدے حل ہو جایا کرتے تھے۔ اور آپؑ کو غیبی وہبی تائید حاصل تھی۔ جب ہی تو آپؑ کو بارہ سالہ عمر میں "اسد العلماء" کا خطاب علماء نے بالاتفاق دیا۔ اور اِس کے بعد آپؑ کے کیمیاء اثر وعظ و بیان اور ریاضت و زہد و تقویٰ کی وجہ آپؑ "سید الاولیاء" مشہور ہو گئے۔ چنانچہ کتبِ تواریخ بھی اِس کے شاہد ہیں۔ جس کی مثالیں دوسرے مضامین میں پیش کی جاچکی ہیں۔

حضرت امامناعلیہ السلام کا اپنے اُستاد کے علم پر فوقیت رکھنا کوئی تعجب کی بات نہیں جب کہ قرآنِ مجید میں حضرت داؤد و حضرت سلیمان علیہما السلام کا وہ قصہ موجود ہے جس میں حضرت سلیمانؑ کے فیصلہ کو آپؑ کے والد حضرت داؤدؑ نے اپنے فیصلہ کے مقابلہ میں تسلیم کر لیا تھا۔ حالانکہ اُس وقت حضرت سلیمانؑ کی عمر گیارہ سال کی تھی۔ اور حضرت داؤدؑ اولوالعزم صاحبِ کتاب پیغمبر تھے۔ آیت کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

وَ دَاوٗدَ وَ سُلَیْمٰنَ اِذْ یَحْكُمٰنِ فِی الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِیْهِ غَنَمُ الْقَوْمِۚ وَ كُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِیْنَ ۙ(78)
فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَۚ وَ كُلًّا اٰتَیْنَا حُكْمًا وَّ عِلْمًا ز (سورۃ الانبیآء۔ 78-79)

ترجمہ:۔ یعنی داؤدؑ و سلیمانؑ کو بھی (یاد کرو) جب کہ وہ دونوں کھیتی کے جھگڑے کا فیصلہ کر رہے تھے جب کہ ایک کھیت میں ایک قوم کی بکریاں رات کو چر گئی تھیں۔ اور اُن کا فیصلہ ہمارے سامنے تھا۔ پھر ہم نے وہ فیصلہ سلیمانؑ کو سمجھا دیا اور ہر ایک کو ہم نے حکمت و علم عطا کیا ہے؟

تفسیرِ خازن، تفسیرِ کبیر وغیرہ بڑی بڑی کتابوں میں جو واقعہ بیان کیا گیا ہے اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت داؤدؑ کے پاس ایک کسان اور چرواہا دونوں آئے۔ کسان نے فریاد کی کہ اِس چرواہے کی بکریاں رات کو میرے انگور کے کھیت میں گھس پڑیں اور سخت نقصان پہنچائیں۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ "کھیت کے بدلے بکریاں کسان کو دیدی جائیں۔ دونوں وہاں سے حضرت سلیمانؑ

کے پاس پہنچے۔ آپؑ نے فیصلہ سن کر فرمایا" میں الوالامر ہوتا تو دوسرا ہی فیصلہ کرتا جو دونوں کے لئے مفید ہوتا" فریادیوں نے یہ بات حضرت داؤد علیہ السلام تک پہنچادی۔ آپؑ نے فرزندِ ارجمند کو بلا کر پوچھا تم کیا فیصلہ کرتے؟ سلیمانؑ نے کہا میں کسان کو بکریاں اِس طرح دیتا کہ اُس کا کھیت دوبارہ تیار ہونے تک ان بکریوں کی نسل، دودھ اور صوف وغیرہ سے فائدہ اٹھائے اس کے بعد جس کی بکریاں اس کے حوالے کر دی جائیں"۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے فیصلہ کو بہت پسند فرمایا۔ اِسی پر عمل کرنے کا حکم دیا۔

امام فخر الدین رازیؒ تحریر فرماتے ہیں:-

قال ابنِ عباس رضی اللہ عنہ‘احکم سلیمان بذالک وھوابن احدی عشر ستۃ۔

(مفاتح الغیب المعروف بہ تفسیرِ کبیر جلد 5 صفحہ 172

ترجمہ:- یعنے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہٗ نے کہا کہ سلیمان علیہ السلام نے جس وقت یہ فیصلہ کیا، گیارہ سال کی عمر تھی۔

علماء نے اِس واقعہ پر بہت بحثیں کی ہیں۔ اصل یہ ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام سے بھی غلطی نہیں ہوئی البتہ اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کو اِس سے بہتر بات معلوم کرائی۔ یہاں غور طلب امر یہ ہے کہ حضرت سلیمان گیارہ سالہ فرزند ہونے کے باوجود اُن کے والد اور صاحبِ کتاب پیغمبر سے بہتر بات معلوم کرائی گئی۔ اور اللہ تعالیٰ نے ساتھ ہی اپنی قدرتِ کاملہ کا ذکر بھی فرمایا ہے کہ "وَ کُلًّا اٰتَیۡنَا حُکۡمًا وَّ عِلۡمًا "یعنی ہم ہر ایک کو حکمت و علم عطا کرتے ہیں۔ اِس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ حکمت و علم عطا کرنے پر قادر ہے۔ اپنے ہر خلیفہ کو عطا فرماتا ہے۔

اِسی طرح جب مہدی علیہ السلام بھی خلیفتہ اللہ ہیں تو اُن کو حکمت و علم، حضرت شاہِ دانیلؒ کے علم پر کیوں نہ فائق ہوں جب کہ شاہ دانیلؒ خلیفتہ اللہ نہیں ہیں۔ جو مقدس ہستی الوہیت کے بحرِ ناپیدا کنار کی پیراک ہو اُس کے سامنے کسبی علوم کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔

امامنا علیہ السلام کو بارہ سالہ عمر کے اندر اندر کسبی علوم سے جو تعلق رہا اُس کی نوعیت بھی نہایت خاص اور اہم ہے خود امامنا

علیہ السلام نے ایک دفعہ فرمایا:-

فرمودند که حضرت باری تعالیٰ بجز اُمّی علمِ لَدُنّی عطا نمی شود یا اُمّی اصلی باشد یا جعلی۔ بنده را پیش ازاں علمِ ظاہری بود آں علم را فراموش گردانیده بعدہٗ بعلمِ قرب مقرب کردند۔

(نقلیات حضرت بندگی میاں عبد الرشیدؓ و انصاف نامه)

ترجمہ:-یعنی فرمایا کہ درگاہِ باری تعالیٰ سے اُمی ہی کو علمِ لدنی عطا ہوتا ہے۔خواہ اُمی اصلی ہو یا جعلی۔بعد میں اُمی بنا دیا گیا ہو) بندے کو اِس سے پہلے علمِ ظاہری تھا وہ علم بھلا دیا گیا۔اِس کے بعد علمِ قرب (منصبِ مہدیت) سے مقرب کیا گیا۔

واضح ہو کہ یہ روایت منصبِ مہدیت کے اعلان کے بعد کی ہے۔اِس لیے کہ آپؑ 14 / جمادی الاولیٰ 847ھ ہجری دوشنبہ کے دن طلوعِ فجر سے قبل جونپور میں پیدا ہوئے۔بارہ سال کی عمر 859ھ ہجری میں اسد العلماء کا خطاب حاصل کیا۔چالیس سال کی عمر 887ھ ہجری سے دعوئے مہدیت کی ابتداء فرمائی۔اِس سے ظاہر ہے کہ آپؑ کو دعوئے مہدیت کے اٹھائیس سال قبل ہی علمِ ظاہری سے فارغ التحصیل قرار دیا جا چکا تھا۔وہ بھی بھلا دیا جانے کے بعد آپؑ کو علمِ قُرب یعنی وحیِ بلاواسطہ سے مشرف کیا گیا جو منصبِ مہدیت کی اہم خصوصیت ہے۔جس کے کمال کا زمانہ وہی ہوتا ہے جب کہ مہدیت و خلافت کا دعویٰ کیا جائے۔

یہی وجہ ہے کہ امام علیہ السلام نے کسی علوم سے کچھ بھی کام نہیں لیا۔آپؑ نے کوئی مضمون لکھا نہ کوئی کتاب تصنیف فرمائی البتہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی طرح چند دعوتی مکاتیب پائے جاتے ہیں جن میں دعوت اور حکمت و موعظمت کی وہی سیدھی سادھی باتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کے خلیفہ کو بیان کرنی چاہیئے۔ علمی نوک جھوک یا تبحر و تلاطم اِن میں نہیں ہے۔

جتنے انبیاء مبعوث ہوئے ہیں اُن کے طریقۂ رشد و ہدایت کے مطالعہ سے واضح ہو گا کہ اُنھوں نے بجز کتاب اللہ کے دوسری کتاب پر رشد و ہدایت کی نہ اُنھوں نے اپنی طرف سے کوئی کتاب تصنیف کی۔ حضرت خاتم النبیین محمد ﷺ نے تو اپنی احادیثِ شریفہ تک لکھنے سے منع فرما دیا تھا۔ "لا تکتبوا عنی غیرالقرآن" کیونکہ خلفائے الٰہی کی دعوت احکامِ الٰہیہ اور صرف کتاب اللہ پر رہی ہے۔خواہ وہ کتاب اُن پر نازل ہوئی ہو یا اُن سے پہلے کے کسی پیغمبر پر،اِسی طرح امام علیہ السلام نے بھی کتاب

اللہ پر مخلوق کو دعوت دی اور اِسی کے رُموز و حقایق پر آگاہی بخشی۔ اور ایسی تعلیم دی کہ جس سے باطن کے صیقل اور عشق و محبتِ الٰہی کے لوازم کی تکمیل ہو اور معرفتِ توحیدِ باری تعالیٰ کے اعلیٰ مدارج حاصل ہوں۔ غرض کسبی علوم کا استعمال نہ کرنا آپؑ کے کسبی علوم کو بھلا دیا جانے کا یہ بھی ایک بین ثبوت ہے۔

فی الحقیقت آپؑ کا کسبِ علم آپؑ کے علایم ارہاصیہ کے منجملہ ایک اعجاز کی حیثیت بھی رکھتا ہے کیوں کہ اِس زمانہ کے خانقاہوں، مسجدوں اور مدرسوں میں جابجا علومِ دینیہ و علومِ مشرقیہ کی تعلیم ہوا کرتی تھی۔ اِس لئے علماء و حفاظ کی تعداد بکثرت موجود تھی جن میں سے ایک سے ایک برتر صاحبِ کمال پائے جاتے تھے۔ اور خصوصاً جونپور اِس زمانہ میں علماء و فضلاء کا مرکز بنا ہوا تھا۔

پس جس طرح خدائے قدوس نے حضرت داؤد علیہ السلام کو نغمہ سراؤں میں، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ساحروں میں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اطباء میں اور حضرت خاتم النبیین محمد مصطفیٰ ﷺ کو فصیح اللسان عربوں میں اعجاز عطا فرمایا تھا اِسی طرح آپؑ کو اُس زمانے کے جلیل القدر علماء و حفاظ میں اعجاز نما علم و حفظ عطا فرمایا ہے۔ پس یہی وجہ تھی آپؑ کی بظاہر تحصیل کی۔ اِس سے قدرت کا منشاء یہ معلوم ہوتا ہے کہ خلفائے الٰہی کی غیر معمولی قوت و استعداد کے ایسے مظاہرے سے اُن کی غیبی استعداد، تائید کا ایقان پیدا کرایا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ خلیفۃ اللہ کو اُس کے زمانے کے صاحبِ کمال لوگوں پر برتری عطا کی جاتی ہے۔ اِسی طرح امامنا علیہ السلام کو بھی آپؑ کے زمانے کے باکمال علماء و حفاظ پر حیرتناک برتری عطا فرما کر آپؑ کی معجز نما قوت و استعداد کو ظاہر فرمایا گیا ورنہ جس کنزِ مخفی سے فیضان حاصل ہو رہا تھا اور جس ذاتِ قدسی صفات سے آپؑ تعلیم پا رہے تھے اُس فیضان اور تعلیم کے ہوتے ہوئے آپؑ کو کسبِ علم کی کوئی حاجت نہ تھی۔ پس سیدنا علیہ السلام کی طالبِ علمی صرف اظہارِ اعجاز پر مبنی تھی اور بس!!!۔

چنانچہ روایت کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

بعد از مہدیت پیشِ خدائے تعالیٰ عرض کردند کہ اے بارِ خدایا اگر بعد از مہدیت ایں چنیں علمِ لدنی عطا کردی؟ پس آں علمِ ظاہری را چہ مقصود بود؟ فرمان شد برائے حجتِ خلق پیش ازاں علم ظاہر دادیم (انصاف نامہ باب دہم)

ترجمہ:-یعنی مہدئ موعود علیہ السلام نے منصبِ مہدیت عطا ہونے کے بعد بارگاہِ ایزدی میں عرض کیا کہ خدایا! جب تو نے ایسا علمِ لدنی عطا فرمایا ہے تو اُس (ابتدائی) علمِ ظاہری سے کیا مقصود تھا؟ فرمان ہوا "خلق کی حجت کے لئے۔"

ملاحظہ ہو اِس روایت میں "حجت" کا لفظ اعجاز کی حیثیت پر بداہتہً دلالت کر رہا ہے۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ سیدنا علیہ السلام کو بلند مرتبہ وہبی تعلیم حاصل تھی۔ اور آپؑ نے اِس تعلیمِ بلاواسطہ کی اپنی خصوصیت پر ایسے واضح علایم و آثار کے ذریعہ مخلوق کو آگاہ فرمایا جیسے کہ خدائے تعالیٰ نے اپنے وجود اور اپنی قدرتِ کاملہ پر اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اپنی نبوت و رسالت کی صداقت پر آیات و بینات کے ذریعہ آگاہ فرمایا ہے اِسی لیے آپؑ نے دعوئے مہدیت کے بعد فرمایا کہ:-

"اگر بندہ خلوت میں قرآن کا مطالعہ کرکے معانی سوچ کر باہر آ تا ہے اور بیان کرتا ہے تو بندہ ظالم اور مفتری علی اللہ ہوجائے گا۔ بندہ جو کچھ کہتا، کرتا، اور سناتا ہے اللہ تعالیٰ ہی کے حکم سے کہتا، کرتا اور سناتا ہے۔ بندہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے روزانہ بلا واسطہ تعلیم ہوا کرتی ہے۔(روایت 9)

اِس لیے کہ جس وقت آپؑ کا علمِ ظاہری بھلا دیا گیا تھا آپؑ صرف علمِ بلاواسطہ سے اِستفادہ فرما رہے تھے۔ اپنی ذہنی سوچ بچار اور کتب متداولہ کی معلومات سے استمداد کی آپؑ کو قطعاً ضرورت نہ تھی۔

فسبحان الذی بعث المهدی الموعود الرشد و الهداية و خلقنا فی امته ذات الفضيلة و الكرمته۔

اللهم اهدنا و اهدالاموتوفيق الايمان والسطاعة۔

☆☆☆☆☆

Roman: Tauzih Riwayat (9) aor (280)

Hazrat Mahdi AHS ne farmaya, "Agar Banda Khilwat mein Qur'aan ka muta'lia kar-ke ma'ni soch-kar baher aata hai to Banda Zalim aor Muftari-e-Alallah hojaega. Banda jo kuch kahta, karta, aor sunata hai Allahu Ta'ala ke Hukm se Kahta, Karta aor Sunata hai. Bande ko Allahu

Ta'ala ki tarf se rozana Bila-Wasita Ta'leem huwa karti hai." (Riwayat 9) Wazeh-ho ke Wahi-e-Bila-Tawassut Nubuwat wa Risalat ki Khusoosiyat hai. chun-ke Aap AHS Nubuwat wa Risalat ke Daawe par Mamoor nahin hain balke Mansab-e-Mahdiyat wa Khilafat-e-Ilahiya ke Dawe par Mamoor hain is-liey "Wahi-e-Bila-Wasita" Aap AHS ki Khusoosiyat hai aor isi liey Aap AHS ka irshaad hai:- "عُلِّمْتَ مِنَ اللهِ بِلَاوَسِطَة جَدِيْدَ الْيَوْمَ" **Yahi wajhe hai ke jahan Aap AHS ne "Wahi-e-Bila-Wasita" ka ailaan kiya isi tarha "Wahi-e-Bila-Tawassut" ka Intfa bhi farma-diya hai. Chunache farmaya hai:-**

"اینجا تعلیمِ بلواسطۂِ جبرئیل ہست اما دعویٰ جبرئیل نیست" (فسطاس المستقیم مولفہ حضرت شاہِ قاسم مجتہدِ گروہؒ)

(Yaha bhi Ta'leem-e-Bila-Wasita-e-Jibrael (AHS) hai laikin Dawa-e-Jibrael nahin hai.)

Wahabi Ilm jise ata karna ho os ko pahle hi se aisi Qudsi sifaat se muttasif kiya jata aor aisi Iste'daad wa salahiyat ata kardi jati hai ke woh is-ka Hamil ban-sake. Aor jo Wahabi Ilm Khilafat ka Mansab rakhne wali barguzeedah hastiyaun ko ata hota hai woh laghzish ya khata se paak wa mubarra hota hai.

Imamuna AHS ke Sahabi Hazrat Sha Dilawar RZ se aik Riwayat, Jaleelul-Qadr Ta'abaee Hazrat Sha Abdur-Rahman RH ne naqal ki hai.

Translation:- Ya'ni Hazrat Imamuna AHS ne farmaya: "Allahu Ta'ala ne bande ko osi zamane mein charaun Kutub-e-Samaviya ki be-misl ta'aleen dedi hai agar banda Taurat padhta to log mutahiyyar hojate ke tujhe yeh kuin kar hasil huwa aor kahte ke Musa AHS ne dobarah Zahoor paya hai. Bande ne (os quwwat wa salahiyat ko) Hazam kiya. Agar banda Ingeel (Bible) padhta to log kahte ke Masih Ibn Mariyam AHS dosri martab namudar huwe hain. Isi tarha agar Zabore padhta to kahte ke yeh to Daood AHS hain. Agar Kalamullah padhta to log khiyal karte-ke Rasoolullah SAWS dobarah tashreef laey hain aor is-bare mein mubtela-e-shak hojate! Bande ne Allahu Ta'ala ki taufeeq se hazam kiya kuin ke

Allahu Ta'ala ne bande ko Vilayat-e-Muhammadiya SAWS ka bar uthane ke liye paeda farmaya hai.

Neez Aap AHS ki Viladat-e-Ba-Sa'adat ke halaat se Zahir hota hai ke ibteda hi se Aap AHS ko Wahabí Ilm ata horah tha. Riwayat hai ke:-

Translation:- Ya'ni Hazrat Syed Abdullah RA, Walid-e-Buzrugwar Hazrat Imamuna AHS farmate hain ke, "Is-Zaat-e-Mubarak ka tawallud huwa to dono hath apni sharm-gah par rakhe huwe the. Jab Badan-e-Shareef par kapda pahnaya gaya apne hath juda karliey aor jab kabhi kapde Aap AHS ke Tan-e-Mubarak se alaheda kiye jate osi tarha apne hath sharm-gah par rakh lete the."

Yeh aik ajeeb wa gareeb waqiya hai ke Qudrat ne Aap AHS ke paida hote hi Aap AHS se Rushd wa Hidayat ki bunyaad rakhwaee aor Ahl-e-Duniya ko Ahkaam-e-Shariyat ki hifazat wa nighdasht ka hairat naak amali dars diya. Aor Ahl-e-Baseetat ko yeh jan-lene ka mauqa' ata farmaya ke yeh Hasti mustaqbil mein kis-Mansab par faez hogi !! kuin-ke yeh alamt un Alaem-e-Arhasiya mein se hai jo Khulafa-e-Ilahi se un-ke Dawa-e-Nubuwat wa Khilafat se bahut qabl zahir huwa karti hain. Fil-Haqeeqat Khatimain Alaihimas Salam ki aik Khusoosiyat yeh hai ke yeh dono Qudsi Sifaat Hastiyan Azal hi se is-Martebe par Faez hain. Chuna-che is-Khusoos mein Hadees-e- كنت نبياء أدم بين الماء والطين (main Nabi us-waqt tha jab ke Aadam AHS ki mitti Khameer ki ja rahi thi) ki Tafseer mein Hazrat Moih-uddin Ibn Arabi RA tahreer farmatey hain ke;

Azali Nabi hone ki Khusoosiyat Hazrat Rasoolullah SAWS hi ke liey hai. Aap SAWS ke siwae jitney Ambiyaa hain woh Nabi us-waqt hote hain jab ke un-ki Bai'sat hoti ho. Aor isi tarha Khatam-ul-Awliyaa us-waqt se Vali hain jab ke Aadam AHS ki mitti Khameer ki ja-rahi thi. Khatam-ul-Awliyaa ke siwaey jo Vali hain us-waqt Vali hote hain jab ke un-ko Vilayat ki Sharaayat hasi huin.

Garz yeh amr mutahaqiq hai ke Imamuna AHS ko Wahabi Ta'aleem Bila-Wasita huwa karti thi jis ko Aap AHS ne alal-aelaan us-waqt zahir

farmaya jab ke Aap AHS ne Ba-Hukm-e-Khuda-e-Ta'ala Dawa-e-Mahdiyat paish kiya aor "Wahi-e-Bila-Tawassut ke izhaar ka bhi yahi waqt tha. Is ke ilawa aisi Riwayaat bhi milte hain jin-se Aap AHS ko Kasabi Ilm hona bhi zahir hota hai. Is-waqt Musalmanaun mein Maktab ki ibtedaa Tasmiyah Khawni se huwa karti thi. Aor Aap ke walid ko hukumat-e-waqt ki tarf se Khitab wa Izzo Jah wa Shaukat wa Hashmat hasil thi is liye un-huin-ne bhi bade ahtemam ke sath Aap AHS ki Tasmiyah-Khawni ki kasabi ta'aleem ki ibtedaa Tasmiyah Khawni se ki. Aor yeh waqiya agarche ke kasabi Ta'aleem se mutalliq hai laikin is-mein bhi Wahabiyat ki gair mamooli taeed shamil-e-hal paee jarahi hai.

Ya'ni jab Amamuna AHS ka maktab mein baithne ka waqt aa pahuncha yani Umr-e-Mubarak char 4 saal, char 4 mah, char 4 yaum ki hui to Hazrat Miyan Syed Abdullah RA ne Majlis-e-Ziyafat ki aor Hazrat Shaikh Danial RA ko bhi bulaya. Hazrat Imamuna AHS ne (yeh naam sun-kar) farmaya ki Shaikh Danial Syed hain, Sha Danial kahna chahiye. Pas-isi (Naam ke saath) kahlaya gaya ki aaj Miran Syed Muhammad AHS ke Maktab ki ibteda hai Aap tashreef la kar apni Zaban-e-Mubarak se Bismillah padhaein. Hazrat Sha Danial RA isi-waqt Syed Abdullah ke-ghar aagaey aor Syeduna AHS ko aik Taqt par bithadiya aor khud taqt ke paye se lage khade rahe aor taqt ke atraf wa jawanib bahut sare log Ulama, Fuqaha, Ittiqya, Orafa wa Asakar khade the. Itne mein Hazrat Khawja Khizr AHS nahzat afroz huwe. Kisi ne Hazrat ko na pahchana magar Hazrat Imamuna AHS ne khade ho-kar ta'zeem dee. Sha Danial RA aor sab hazireen is-harakkat par muta-hiyyar hogaey ke is kam-sin Mahboob AHS ne kis ko ta'zeem di hai. Pas thodi dair mein Hazrat Sha Danial RA ne Muraqiba se sar utha-kar dekha ke Hazrat Khizr AHS is majmuey mein tashreef farma hain. Phir Hazrat Khizr AHS se apni aajizi par iltemas kiya. Khaja AHS aor Sha RA dono Hazraat ne Imamuna AHS ko bitha diya aor khud bhi wahein taqt se lage baith-gaye aor Hazrat Khawja Ilyas AHS wa Muhattar Eisa AHS wa Muhattar Idrees AHS bhi Allah Ta'ala ke hukm se is Majlis mein tashreef farma the. Jab Bismillah

padhane ka waqt aagaya to Sha Sahab ne Hazrat Khizr AHS se iltemas kiya ki Aap apni Zaban-e-Mubarak se Bismillah padhein. Khawja AHS ne jawab diya ke bande ko Allahu Ta'ala mahez is-liye bhaija hai ke aaj ke din Hamara Habeeb Bismi-llah padhta hai tum Aameen kahlao! Pas Hazrat Sha Danial RA ne Bismillah padhaee aor Hazrat Khizr AHS ne ba-Aawaaz-e-Baland Aameen kaha.

Mulaheza ho ke is-Riwayat mein "Hazrat Danial RA ki siyadat ka izhaar aor Hazrat Khawja Khizr AHS ki shinakht wa ta'zeem Wahabi Ilm par dalalat kar rahe hain. Garz ke Tasmiya Khawni ki taqreeb apni Zahiri wa baatin-i shaan wa Shaukat ke saath poori huwe aor Aap ko Hazrat Sha Danial RA ke Madrese mein shareek kardiya gaya. Kiya hi khush naseeb hai woh Ustad, jiss ne Khuda-e-Ta'ala ke Khas, Muntakhib Talammuz ki muallimi ka sharf hasil kiya ho. ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء

Hazrat Sha Danial RA Aalim-e-Rumooz-e-Shariyat wa Tareeqat aor Sahib-e-Haal Buzurg the. Un-huin-ne is Muqaddas Hasti ko jaan liya tha. Is liye jab kabhi Imamuna AHS Madresa Tashreef lay jaate Ustad Sahib Ta'azeem wa Takreem ke baad Aap AHS ko apni jage Jalwa Aftroze karte the. Riwayat hai ke:

وقتیکہ حضرت میراںؑ برائے تحصیلِ علم درمدرسہ بیامدے شاہ دانیالؒ بسیار اکرام نمود و بحضورِ خود نشاندہ برائے تعظیم دیگراں را نیز فرمودے سید احمد کہ برادرِ کلاں بودند رشک بردند کی مرا گاہے چنیں تعظیم نمی کنند تایک روز خواجہ خضرؑ برائے ملاقات شاہ دانیالؒ آمدہ بود ند و بعد رفتن حضرت سید احمد را برائے امتحان پر سیدند کہ ایں کدام کس بود جواب دادند من نمی دانم۔ بعدہٗ حضرت میراںؑ را پرسیدند حضرت فرمودند کہ خواجہ خضرؑ بودند۔ شاہ دانیالؒ دل داشتگی کردہ فرمودند کہ ایں برادر شما مردِ عظیم است و آنچہ شرف از باری تعالیٰ کہ دارد شما آگاہ نیستند (مولود مولفہ حضرت شاہ عبد الرحمٰنؒ)

Yani Hazrat Mahdi AHS tahseel-e-Ilm ke liye madrese mein jab tashreef lay jate Hazrat Sha Danial RA bahut izzat wa ikraam se apni jage bithate aor dosraun ko bhi Ta'azeem ke liye farmate the. Aap AHS ke bade bhai Syed Ahmad RA ko rashk hone-laga ke kabhi meri ta'azeem aisi nahin karte. Ittefaqan aik din Hazrat Khizr AHS, Sha Danial RA ki mulaqaat ke

liey aagaye the. Tashreef lay jane ke ba'ad imtehaan ke taur par Sha RA ne Syed Ahmad RA se poocha ke yeh kaun Sahib the. Syed Ahmad ne kaha mein nahin janta. Phir Syedna AHS se daryaft kiya to Aap AHS ne farmaya ke Khawja Khizr AHS the. Shah Danial RA ne Syed Ahmad RA ki didari karte huwe farmaya ke tumhare bhai ki bahut badi hasti hai. Woh Allahu Ta'ala ki taraf se jo sharf wa a'zaaz rakhte hain tum is se aagaha nahin ho. Saat (7) saal ki umr mein Kalamullah hifz farmaliya aor barah (12) saal ki umr mein fariquttahseel hogaye. Sha RA ne tamaam Ulama ko jama kiya sab ne ba-ittefaaq-e-tamaam Aap AHS ko "Asadul-Ulama" ka khitab diya. Aap AHS ki talib-e-Ilmi ke aise waqiyaat bhi hain jin-se zahir hota hai ke Aap AHS ka Ilm apne ustaad par bhi fauqiyat rakhta tha. Ustad ke woh uqde aor shubhaat jo barsaun se hal na ho-sake the Hazrat AHS ne apni talib-e-ilmi ke zamane mein hal kardiya hai.

"میاں شاہ دانیالؒ تعلیمِ قرآنِ شریف بیک رکوع داد۔ حضرت میرانؒ قبل از تعلیم خود یک جزخواندے تا در ہفت سالگی تمام قرآن حفظ کردند۔" (مولود مولفه حضرت شاه عبد الرحمٰنؒ)

Ya'ni Hazrat Sha Danial RA Qur'aan-e-Shareef ke aik ruku ki ta'leem dete to Hazrat Syeduna AHS apni Ta'leem se qabl hi aik Juz padh-lete the.Yahan tak-ke saat (7) saal ki umr mein poora Qur'aan-e-Majeed Hifz farmaliya."

"چوں شیخؒ از ہر نسخه که تعلیم یک جز دادندے حضرت امام علیه السلام تمام ماہیت ومرداں

کتاب را باسوال و جواب واضح کرده فرمودندے که بسیار اشکالہائے شیخ ہم حل شدے۔" (شواہد الولایت)

(3) معترض نے لکھا ہے کہ (حدیث کا) کا فقرۂ اول سب (مہدویوں) نے بلا تحریف تسلیم کیا" اور یہ بھی لکھا ہے کہ "متاخرین نے جب زمانہ گزر گیا اور اُن کے باپ دادا کے پہچاننے والے مر گئے بے دھڑک میراں کے باپ کا نام بدل ڈالا"۔ جب حدیث کے پہلے فقرہ کو تسلیم کرنے کی وجہ سے متاخرین کو اتنی دشواری پیش آئی کہ نام الٹ پلٹ کرنے پر مجبور ہو گئے۔ تو مقامِ غور ہے کہ متقدمین نے اِس کو تسلیم ہی کیوں کیا اور دلیلِ دعویٰ کس بنا پر قرار دیا جب کہ باپ دادا کے پہچاننے والے موجود تھے۔؟ اِس کے خلاف میاں عبدالملک سجاوندیؒ صاحبِ سراج الابصار نے منہاج التقویم میں میاں شیخ مبارک ناگوری کے تیسرے سوال کے جواب میں وہی حدیث درج فرمائی ہے۔ اگر اُس زمانہ میں امامنا علیہ السلام کے والد کا نام سید عبداللہ مشہور نہ ہوتا تو علامہ سجاوندیؒ یہ حدیث پیش نہ کرتے۔

(4) معترض نے لکھا ہے کہ "اپنا باپ چھوڑ کر دوسرے کی طرف نسبت کرنا سخت برا ہے وہ بزرگ اِس گناہ کے خوف سے باپ

کا نام نہیں بدلتے تھے" اور اِس کے بعد ہی یہ لکھا ہے کہ "مگر عجب غفلت ہے کہ اپنے واسطے پیغمبر کا نام بدل دیا۔" معترض کا یہ تضاد اور یہ غلط بیانی، نقلِ شریف میں تحریف و تصرف کا نتیجہ ہے۔ اِس کی توضیح آگے معلوم ہو جائے گی۔

(5) معترض نے انصاف نامہ کی اصل روایت ہی میں تصرف کیا ہے۔ انصاف نامہ کے الفاظ یہ ہیں:-

"پدرِ رسول مرد کافر بود آں عبداللہ چگونہ باشد۔ بلکہ محمد رسول اللہ ہم محمد عبد اللہ باشد و مہدی ہم محمد عبداللہ باشد۔"

اِس کے بجائے معترض نے یہ لکھا ہے "رسولِ خدا کے باپ مرد کافر تھے اُن کا نام عبد اللہ کیونکر ہو سکتا ہے بلکہ محمد رسول اللہ کا نام محمد عبد اللہ تھا اور مہدی کا نام بھی محمد عبد اللہ ہے۔" ظاہر ہے کہ انصاف نامہ کی عبارت میں "عبد اللہ" سے مقصود مدلول لفظ ہے۔ نام نہیں ہے۔ معترض نے نام کی قید اپنی جانب سے بڑھا دی۔ حالانکہ یہاں "عبد اللہ" نام ہونے کی بحث کو معنی "عبد اللہ" کا مصداق ہونے کی طرف رخ پھیر دیا گیا ہے۔

چنانچہ نقلیاتِ حضرت میاں عبد الرشیدؓ جو انصاف نامہ سے مقدم ہے اِس میں بھی یہی مفہوم زیادہ واضح الفاظ میں بیان ہوا ہے۔

"پدرِ حضرت رسالت پناہ مشرک بود عبداللہ چوں باشد ایں سہوِ کاتب است۔ عبارت در اصل محمد عبداللہ است و مہدی سیرِ عبداللہ است۔" (روایت 12) ملاحظہ ہو "چوں باشد" اور "چگونہ باشد" اور "عبارت" کے الفاظ اِس مقصد کے شاہد ہیں کہ یہاں "عبد اللہ" سے معنوں کا مصداق مقصود ہے۔

(6) معترض نے لکھا ہے کہ اب بخوبی ثابت ہوا کہ جیسا کہ اُن کے مہدی کی نسل کی طرف اعلیٰ نعمت اللہ بیٹے امام کاظمؒ کے نہیں طرف اسفل میں "عبد اللہ" بھی اُن کے باپ نہیں ہیں" اِس کے جواب میں صاحبِ ختم الہدیٰ نے جو تحریر فرمایا ہے اِس کا خلاصہ یہ ہے کہ کتبِ انساب میں امام موسیٰ کی اولاد کے ناموں میں بڑا اختلاف ہے اور حقیقت یہ ہے کہ نعمت بن اسمٰعیل بن موسیٰ کاظم" ہے۔ اگر کہیں اتفاقاً نعمت اور امام کاظمؒ کے درمیان کا نام اسمٰعیل ترک ہو گیا ہو تو اِس کو اِس طرح بنائے اعتراض بنانا ایسا ہی ہے جیسا کہ عماد الدین عیسوی نے "ہدایت المسلمین" کے باب ششم کی فصل سوم میں بعض اسلامی کتبِ تواریخ

"روضتہ الاحباب" و "مدارج النبوت" کے حوالے سے اعتراض کیا ہے کہ "عدنان" سے لے کر اوپر "اسمٰعیل" تک بعض اکتالیس نام اور بعض چالیس نام اور بعض کچھ اور بتلاتے ہیں۔ پس مسلمان جو محمد ﷺ کو ابراہیمؑ کی اولاد قرار دیتے ہیں ابراہیمؑ تک اُن کا نسب ثابت تو کر دیں! کیا یہ اعتراض محض تعصب کا نتیجہ نہیں۔"

واقعہ دراصل یہ ہے کہ جانتے تھے کہ حضرت مہدی علیہ السلام کے والدِ ماجد کا نام "سید عبد اللہ" تھا اور حکومتِ وقت کی طرف سے اُن کو "سید خاں" خطاب ملا تھا۔ خطاب میں لفظ "سید" خود بین ثبوت ہے اِس کے علاوہ اغیار کے متعدد شجراتِ نسب اور تصانیفِ متقدمین میں اِس کا ثبوت موجود ہے کہ حضرتؑ کے والد کا نام "سید عبد اللہؒ" تھا۔ چنانچہ صاحبِ ختم الہدیٰ لکھتے ہیں کہ "ہمارے ہم نسب اور تمہارے ہم مذہب میسور میں سید دستگیر صاحب وغیرہ مشائخین اُن کے شجراتِ انساب میں بھی یہاں "عبد اللہ" اور وہاں سید نعمت اللہ موجود ہے۔" (ختم الہدیٰ ردِ ہدیۂ مہدویہ)

مولوی خیر الدین محمد صاحب الہ آبادی نے جونپور نامہ کے باب پنجم میں لکھا ہے:-

"پدرش خواجه عبدالله از جانب سلطنت سید خاں خطاب داشت و مادرش آمنه خاتون که خواہر قیوام الملک باشد۔ به آقاملک مخاطب بود، ہر دو مادر و پدر از اجله سادات بنی فاطمه بودند۔

"جونپور نامہ" مولوی خیر الدین صاحب کی تالیف ہونے کے ثبوت میں صاحبِ مقدمہ سراج الابصار نے یس۔ ایم جعفر کی انگریزی تصنیف کا حوالہ بھی دیا ہے۔ ملاحظہ ہو مقدمہ سراج الابصار مطبوع 2

اور صاحبِ تحفتہ الکرام کی یہ تحریر بھی نقل کی ہے کہ:-

"سید الاولیا سید محمد الملقب میراں مہدی بن میر عبدالله المعروف به (سید) خاں که نسبتش به امام موسیٰ کاظم می پیوند (جلد دوم صفحه 22)

اس سے ظاہر ہے کہ آپؑ کے والد کا نام "سید عبد اللہؒ" مشہور و معروف تھا۔ اسی لیے حدیث "اسم ابیه اسم ابی" کو استدلال میں پیش کیا گیا ہے۔ اور یہ امر خود مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے بھی تسلیم کیا ہے کہ "یہ حدیث مہدویوں اور اُن کے مہدیؑ کے

نزدیک مسلم اور صحیح ہے۔"

غرض بعض معاصر علماء نے حضرت امامنا علیہ السلام کے نام و نسب کو جاننے کے باوجود لفظِ "خاں" کو عمداً بنائے اعتراض قرار دیا تو حضرت نے الزامی جواب دیا ہے کہ "خدا سے پوچھو کہ سید خاں کے بیٹے کو مہدی کیوں بنایا"!

صاحبِ ختم الہدیٰ نے بیان کیا ہے کہ "محققین کی اصطلاح میں "عبد اللہ" فردِ وقت ہوتا ہے۔ جس کو قطب مدار اور قطب داور بھی کہتے ہیں لیکن ابتدائے آدم سے انتہا تک روحِ محمدؐ ہی جمیع اقطاب کی مدد و معاون ہوتی ہے۔" چنانچہ یواقیت کے مبحث (45) میں درج ہے کہ:-

اماالقطب الواحدالجمیع الانبیاء و الرسل والاقطاب من حین نشاءالاقسانی الیٰ یوم القیامة فھو روح محمدنافھم۔ اور مبحث (33) میں لکھا ہے کہ:-

قال فی الفتوحات فی باب البعین و مائتین ان اسم القطب فی کل زمان عبداللہ۔۔الخ

اِس کا خلاصہ یہی ہے کہ روحِ محمد ﷺ پر قطبِ زماں کی مدد و معاون ہوتی ہے۔ اور وہ "عبد اللہ" ہوتا ہے اِس سے معلوم ہوا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ بحیثیتِ مسلمنِ تام "عبد اللہؒ" ہیں۔

اِسی لیے امامنا علیہ السلام نے اُن علماء کے جواب میں "عبد اللہ" کے الفاظ سے یہ استفادہ فرمایا کہ خلیفۃ اللہ کی اہم خصوصیت، عبدِ تام"، "مسلمنِ تام" ہوتا ہے۔ اِس لحاظ سے دیکھو یہ کہ جس طرح محمدؐ حقیقتاً "عبد اللہؒ" تھے بندہ بھی "عبد اللہؒ" کی شان رکھتا ہے یا نہیں؟ صرف والد کا نام "عبد اللہؒ" ہونا دعویٰ مہدیت کے لیے کافی نہیں ہے۔۔۔ امامنا علیہ السلام کے جواب میں رفع اعتراض کا ایک نکتہ یہ بھی ہے کہ سید النسب اور سید عبد اللہ کے فرزند ہونے کے باوجود صرف خطاب کے لفظِ "خاں" پر سے سید خاں کے بیٹے قرار دے کر آپؑ کی سیادت کو متاثر کرنے کی کوشش کرنا حق بجانب ہو سکتا ہے تو لفظ کی یہی بحث حضرت رسول اللہ ﷺ کے والدِ ماجد کے نام سے متعلق بھی کی جا سکتی ہے کہ "مشرک" فی الحقیقت "عبد اللہ" کیسے ہو سکتا ہے اِس جواب سے حضرت رسول اللہ ﷺ کے والد کا نام "عبد اللہ" ہونے سے انکار لازم نہیں آتا ورنہ ہمارے سلسلۂ نسب میں

آنحضرتؐ کے والد کا نام "سید عبد اللہ" نہ ہوتا۔ اور اِسی لحاظ سے امامنا علیہ السلام کا نام "محمد عبد اللہ" ہونا چاہیئے تھا۔ حالانکہ سید محمدؐ ہے اور خود مولفِ ہدیہ نے بھی کہیں "محمد عبد اللہ" لکھنے کی جراءت نہیں کی ہے۔

لہٰذا حضرت رسول اللہ ﷺ کے والد کا نام "سید عبد اللہؓ" ہونے سے انکار قرار دے کر "خبرِ متواترِ قطعی" اور "اجماعِ صحابہؓ" سے انکار کا الزام جو عاید کیا گیا سراسر بے بنیاد ہے۔

Roman Tauzih-e-Riwayat 12)

Yahi Riwayat "Insaf Name" mein bhi ba-Ikhtelaf-e-alfaz bayan huwi hai. Hadiya-e-Mahdaviya mein "Insaf Name" ki Riwayat par aeteraz kiya gaya hai chunache likha hai ki: "Insaf Name" ke Bab awwal mein likha hai ke Ulama ne in-ke Mahdi se suwal kiya ke Rasool-e-Khuda ne farmaya ke:- یواطی اسمہ اسمی و اسم ابیہ اسم ابی **yani Mahdi ka naam mere naam ke aor Mahid ke baap ka naam mere baap ke muafiq hoga. Aor tumhare baap ka naam to Syed Khan hai. Unhuin-ne jawab diya ke Rasool-e-Khuda ke baap mard-e-kafir the un-ka naam Abdullah kuinkar hosakta hai balke Muhammad Rasool-ullah ka naam Muhammad Abdullah tha aor Mahdi ka naam bhi Muhammad Abdullah hai…alkh. Subhan Allah yeh ajeeb kalam hai ke Aaj tak kisi ne kisi se na-suna hoga, in-buzurk ko bawajood dawa-e-Qur'aan fahmi ke itna khiyal mein na-aayaa ke kuffaar-e-Arab tamaam Allah ko mante the laikin is ke saat dosraun ko shareek tahraate the. Is-was-te kafir kahlate the…Aor Sahaba-e-Kiram RZ mein bahut se shakhs aise the ke un-ke baap daadawaun ka naam Abdullah tha. Agar**

Shaik-e-Juanpur ko-in mein se aik bhi yaad hota to hargiz yeh shub-na karte-ke kafir Arabi ka naam Abdullah kuin-kar hoga. Aor turfah yeh ke apne baap ka naam ba-sabab-e-shohrat ke badal na-sake aor Hazrat Risalat-Panah SAWS ke baap ka naam Abdullah hone se inkaar kiya is ko

sahu-e-katib thaeraya aor khiyal na-kiya ke-yeh Khabar-e-Mutawatir hai…Khud Mahdi ka qawl in-ki kitabaun mein mazkoor hai ke munkir Ijmaa-e-Sahaba-e-Nubuwat wa Vilayat kafir hojata hai. Bawajood is aeteqaad ke kaisa aise Ijmaa ka inkaar kiya. Ab Mahdiyat kahan baqi rahi misl-e-katib udhgaee. Ab chahiye ke sabit karein ke jab Hazrat Risalat Panah SAWS ka naam Muhammad Abdullah hai in-ke walid-e-majid ka kiya ism-e-shareef hai. Jab tak yeh Sabit na-kareinge Hazrat ke walid ka naam bhi Syed Khan tha in buzurg ka matlab hasil na huwa.

Ab ba-khoobi sabit huwa ke jaisa ke in ke Mahdi ki nasal Aala-Nematullah bete Imam Kazim ke nahin hain turf-e-asfal mein Abdullah bhi un-ke baap nahin hain aor yeh nasab az-sar-ta-ba-pa manshoora hai…aor Mahdavi na-Haq apne Peero Murshi ke baap dada mein dast-e-tasarruf daraaz kar rahehain. Aor Syed Khan ko udha-kar Syed Abdullah ko baap thahra-rahe hain. Nasab ke muqaddame mein tasarruf nehayat gunah hai. Apna baap chodh-kar dosre ki taraf nisbat karna sakht bura hai. Who Buzurg isi-gunah ke khauf se apne baap ka naam badal-dete the magar ajab gaflat thi ke apne waste Paigambar SAWS ke baap ka naam badal diya aor Qur'aan ko bhi faramoosh kiya .. (Hadiya-e-Mahdavia Daleel duwwam).

Aor is-ibarat se qabl likha hai:-

Farmaya Rasool-e-Khuda SAWS ne Duniya tamaam na hogi yahan tak-ke qaem karega Allahu Ta'ala aik fard mere Ahl-e-Bait se ke muafiq hoga naam os-ka mere naam ke aor os-ke baap ke naam ke. Pas bhardega zameen ko adl wa Insaaf se jaisa ke bhar gaee hogi zulm wa baidad se intehaee. Garz ke yeh Hadees Mahdaviyaun aor un-ke Mahdi ke nazdeek musallam aor sahih hai magar jaisa ke aik shakhs Namaz nahin padhta tha us-se logaun ne sabab poocha to kaha ke Qur'aan mein aaya hai ke

"لا تقربالصلوٰة" logaun ne kaha is-ke aage to-padh! Kaha ke aage to tamaam Qur'aan hai, sab par kaun amal karta hai. Aise Mahdavi pichle fiqre-ko dekh-kar ghabraye is-waste ke un-ke Mahdi ko hukumat naseeb na huwi

ke zameen ko adl se bbardena un-par sadiq aaye. Is waste un-ke khur wa buzurk Mahdi se le-kar yahan tak-is mein tarha-tarha ki taweelein aor tahreefein karte hain. Magar fiqra-e-awwal ko sab ne bila-tahreef tasleem kiay! Muqaddameen-e-Mahdavia ne bhi yeh dawa na kiya chunache Abdul Malik Sujawandi Sahib-e-Sirajul Absaar ne asalatan aor Sahib-e-Ija'z Dalael ne muta'beatan jis jagah ke Ahadees-e-Muafiqah apne Miran ki taeed mein Naql kein is-Hadees ka bilkul naam na liya. Aor muta'khireen ne jab ke zamana guzargaya aor un-ke baap dada ke pahchan-ne wale margaye be-dhadak Miran ke baap ka naam badal dala balke Sahib-e-Shawahid-al-Vilayat ne man-ka naam bhi Aamina tahraya halanke Matla-al-Vilayat is-se Muqaddam hai un-ki man-ka naam BiBi Aaqa Malik likha hai…Alkh (Hadya-e-Mahdavia Daleel-e-Duwwam) Andaz-e-Bahes aur may'ar-e-Akhlaq ke bare mein mazeed tabsere ki zaroorat nahin. Riwayat (11) ki bahes mein ham-ne jo haqeeqat numayan ki bahut kafi hai. Ab mulaheza ho-ke mandarje baala mazmoon mein tahreef wa hazaf lafz aor istedlaal mein kis qadar azdaad wa ikhtelaf maujood hai.

1) Pahle to kaha "Mahdaviyaun ke pas yeh Hadees Musallam hai phir kahta hai ke aakhiri hisse-se ghabra gaye. Aor isi liey "Sahib-e-Sira-ul-Absar wa Sahib-e-Aejaaz-ud-Dalael" ne is-Hadees ka naam na liya" Halanke yeh bhi galat hai kuin-ke "Sahib-e-Sira-ul-Absar" ne is Hadees ke aakhiri hisse par mae dalael tafseeli bahes ki hai. Yeh kitab mae Muqaddama wa Tarjumah taba' ho-chuki hai jo chahein tasdeeq karleiy khud mu'tariz ne bhi likha hai ke "In ke khurd wa Buzurg Mahdi se le-kar yahan tak is-mein tarah-tarah ki taweelein wa tahreefein karte hain .

2) "Matla-ul-Vilayat" ke hawale se mo'teriz ne bayan kiya hai ke "In (Mahdi) ki man'-ka naam BiBi Aaqa Malik hai" Yeh bhi sarasar galat bayani hai. "Matla-ul-Vilayat" ke jitney nuskhe ham ne dekhe sab mein Ibarat yeh hai.

"والدۂ آنحضرت نیز عفیفه صالحه مدام شب خیر بودند درثلث آخر معامله دید ند که آفتاب از آسمان در فرود آمده بالا سوئے گریبانِ خود فرود آمده بالا سوئے آسمان رفت و بروایتے ماه از آسماں در گریبانِ خود آسمان رفت۔ نام بی بی آمنه بود و نام بی بی آقا ملک میاں سید عثمان بعد معامله مذکور داشتند۔۔الخ (مطلع الولایت)

Is ibarat se saf zajir hai ke Bibi ka naam Aamina tha. Laikin Mazkoorah waqeh ke baad Miyan Syed Osman RA Aap ko Aaqa Malik pukarne lage. Mulaheza ho ke mu'tariz ne mahez ilzaam aayat karne ki niyyat se kis tarha ibarat hazaf kardi. Asl naam chupa diya aor bilawajhe Sahib-e-Shawahidul-Vilayat par tabdeel-e-naam ka ilzaam aayat kardiya.

3) Mu'tariz ne likha hai ke (Hadees ka) fiqrah-e-awwal sab (Mahdaviyaun) ne bila-tahreef tasleem kiya" aor yeh bhi likha hai ke "Muta'khireen ne jab zamana guzar gaya aor un-ke baap, dada ke pahchan-ne wale margay be-dhadak Miran ke baap ka naam badal dala". Jab Hadees ke pahle fiqre ko tasleem karne ki wahje se Muta'khireen ko itni dushwari paish aaee ke naam ulat-pulat karne par majboor hogaey to maqam-e-gaoor hai ke Muta'qaddimeen ne is-ko tasleem hi kuin kiya aor daleel-e-dawa kis bina par qarar diya jab ke baap, dada ke pahchan-ne wale maujood the? Is ke bar-khilaf Miyan Abdul-Malik Sujawandi RH Sahib-e-Siraj-ul-Absaar ne Minhaj-ut-taqweem mein Miyan Shaikh Mubarik Nagoori ke teesre suwal ke jawab mein wahi Hadees darj farmaee hai. agar os-zamane mein Imamuna AHS ke walid ka naam Syed Abdullah mash-hoor na hota to Allam Sujawandi RH yeh Hadees paish na karte.

4) Mu'tariz ne likha hai ke "apna baap chod-kar dosre-ki taraf nisbat karna sakht bura hai woh Buzurg is-gunah ke khauf se baap ka naam nahin badalte the." Aor is-ke baad yeh likha hai ke "Magar ajab gaflat hai ke apne waste Paighambar ka naam badal diya. "Mu'tariz ka yeh tazaad aor yeh galat bayani, naql-e-shareef mein tahreef wa tassaruf ka natija hai. is-ki tawazih maloom hojaeygi.

5) Mu'tariz ne Insaf Nama ki asal riwayat mein tasarruf kiya hai. Insaf Nama ke alfaaz yeh hain:-

"پدرِرسول مرد کافربود آں عبداللہ چگونہ باشد۔ بلکہ محمد رسول اللہ ہم محمد عبد اللہ باشد و مہدی ہم محمد عبداللہ باشد۔"

Is-ki bajaye mu'tariz ne yeh likha hai, "Rasool-e-Khuda ke baap mard-e-kafir the un-ka naam Abdullah kuinkar hosakta hai balke Muhammad Rasool-Allah ka naam Muhammad Abdullah tha aor Mahdi ka naam bhi Muhammad Abdullah hai." Zahir hai ke Insaf Nama ki Ibarat mein "Abdullah" se Maqsood madlool lafz hai. Naam nahin hai. Mu'tariz ne naam ki qaid apni janib se badha-di.Halan-ke yahan "Abdullah" naam hone ki bahes ko muani "Abdullah" ka musdaq hone ki tarf rukh phair-diya gaya hai. Chunach Naqliyat-e-Miyan Abdur-Rasheed RZ jo Insaf Nama se muqaddam hai is-mein bhi yahi mafhoom ziyadah wazeh alfaz mein bayan huwa hai.

"پدرِ حضرت رسالت پناہ مشرک بود عبداللہ چوں باشد ایں سہوِ کاتب است۔ عبارت در اصل محمد عبداللہ است و مہدی سیرِ عبداللہ است۔" (روایت12)

mulaheza ho,"چگونہ باشد" aor "چوں باشد" aur "عبارت" ke alfaz is maqsad ke shahid hain ke yahan "عبداللہ" se muanaun ka misdaq maqsood hai.

6) Mu'tariz ne likha hai ke ab bakhoobi sabit huwa ke jaisa ke un-ke Mahdi ki nasal ki taraf aala Ne'matullah bete Imam Kazin RA ke nahin taraf asfal mein "Abdullah" bhi un-ke baap nahin hain." Is ke jawab mein Sahib-e-Khatmul Huda ne jo tahreer farmaya hain is ka Khulasa yeh hai ke Kutub-e-Insab mein Imam Musa ki aulad ke namaun mein bada ikhtelaf hai aor haqeeqat yeh hai ke Ne'mat bin Ismael bin Moosa Kazim" hai. Agar kahin Ittefaqan Ne'mat aur Imam Kazim RA ke darmiyan ka naam Ismael tark hogaya ho to is ko is-tarha bina-e-aeteraz bana aisa hi hai jaisa ke Imaduddin Eisivi ne "ہدایت المسلمین" ke baab shashum ki fasl-e-

suwwam mein baaz Islami Kutub-e-Tawareekh "روضۃ الاحباب" و "مدارج النبوت" ke hawale se aeteraz kiya hai ke Adnan se le-kar oopar Ishmael tak baaz iktalees naam aor baaz chalees naam aor baaz kuch aor batlate hain. Pas Musalman jo Muhammad SAWS ko Ibrahim AHS ki aulad qaraar dete hain Ibrahim AHS tak un-ka Nasab sabit to kardein!!! Kiya yeh aeteraz mahez ta'asub ka natija nahin."

Waqiya dar asl yeh hai ke jante thy ke Hazrat Mahdi AHS ke walid ka naam "Syed Abdullah" tha aur Hukumat-e-waqt ki taraf se-un ko "Syed Khan" khitaab mila-tha. Khitab mein lafz "Syed" khud baiyyan Saboot hai is-ke ilawa aghyaar ke muta'adid shajarat-e-Nasab aur tasaneef-e-mu'taqadimeen mein is-ka saboot maujood hai ke Hazrat AHS ke walid ka naam "Syed Abdullah" tha. Chunach Sahib-e-Khatmul-Huda likhte hain ke:- Hamare ham nasab aur tumhare ham mazhab maysore mein Syed Dastageer Sahib waghaira Mashaiqeen un-ke shajarat-e-Ansab mein bhi yahan "Syed Abdullah" aor wahan Syed Ne'matullah maujood hai.

(ختم الہدیٰ ردِ ہدیۂ مہدویہ)

Maulavi Khairuddin Muhammd Sahib Ilah-abadi ne Jauapur Nama ke Baab Panjum mein likha hai:-

"پدرش خواجه عبدالله از جانب سلطنت سید خاں خطاب داشت و مادرش آمنه خاتون که خواہر قیوام الملک باشد۔ به آقاملک مخاطب بود، ہر دو مادرو پدر از اجله سادات بنی فاطمه بودند۔

"Juanpur Khairuddin Sahib ki ta'leef hone ke sabot mein Sahib-e-Muqaddam-Sirajul-Absaar ne SM Ja'far ki ingrazi tasneef ka hawal bhi diya hai. Mulaheza ho Muqaddam-Sirajul-Absaar matboo.

2) aor Sahib-e-tuhfatul-kiram ki yeh tahreer bhi naqal ki hai ke:-

"سید الاولیا سید محمد الملقب میراں مہدی بن میر عبدالله المعروف به (سید) خاں که نسبتش به امام موسیٰ کاظم می پیوند (جلد دوم صفحه 22)

Is se zahir hai ke Aa AHS ke walid ka naam "Syed Abdullah" mash-hoor wa ma'roof tha. Isi liey Hadees "اسم ابیه اسم ابی" ko istedlaal mein paish kiya gaya hai. aor yeh amr khud Muallif-e-Hadiya-e-Mahdavia ne bhi tasleem kiya hai ke "yeh Hadees Mahdaviyaun aor un-ke Mahdi AHS ke nazdeek musallan aur shahih hai." Garz baaz mua'sir Ulama ne Hazrat Imamuna AHS ke Naam wa Nasab ko jan-ne ke bawajood lafz-e-Khan ko amadan bina-e-aeteraaz qarar diya to Hazrat AHS ne ilzami jawab diya hai ke "Khuda se pooch ke Syed Khan ke bete ko Mahdi kuin banaya."

Sabib-e-Khatul Huda ne vayan kiya hai ke "Muhaqqiqeen ki istelah mein "Abdulla" Fard-e-Waqt hota hai. Jis-ko Qutub-e-Madaar aur Qutub-e-Dawar bhi kahte hain. Laikin ibteda-e-Aadam se inteha tak Rooh-e-Muhammad SAWS hi Jamee'-Aqtaab ki mamdo wa ma'oon hoti hai." Chunache Yawaqiyat ke Mub-has (45) mein darj hai ke:-

اماالقطب الواحدالجميع الانبياء و الرسل والاقطاب من حين نشاءالاقسانی الیٰ یوم القیامة فهو روح محمدنافهم۔

Aur Mub-has (33) mein likha hai ke:-

قال فی الفتوحات فی باب البعین و مائتین ان اسم القطب فی کل زمان عبدالله--الخ

Is ka khulasa yahi hai ke Rooh-e-Muhammad SAWS par Qutb-e-Zaman ki Mamdoo wa Maoon hoti hai aur woh "Abdullah" hota hai is-se maloom huwa ke Hazrat Rasoolullah SAWS bahaesiyat-e-Musalmaan-e-Taam "Abdullah" hain.

Isi liye Imamuna AHS ne un-Ulama ke jawab mein "Abdullah" ke alfaz se yeh istefadah farmaya ke Khalifatullah ki ahem Khusoosiyat, Abd-e-Taam, "Musal-maan-e-Taam" hota hai. Is lehaz se dekho yeh ke jis tarah Muhammad SAWS Haqeeqatan "Abdullah" the Banda bhi "Abdullah" ki shan rakhte hai ya nahin? Sirf Walid ka naam "Abdullah" hona Dawa-e-Mahdiyat ke liey kafi nahin hai… Imamuna AHS ke jawab mein rafa-e-

aeteraz ka aik nukta yeh bhi hai ke Syedun-Nasab aor Syed Abdullah ke farzand hone ke bawajood sirf Khitab ke lafz-e-Khan par se Syed Khan ke bete qaraar de-kar Aap AHS ki Siyadat ko muta's-sir karne ki koshish karna haq-ba-janib hosakta hai to lafz ki yahi bahes Hazrat Rasoolullah SAWS ke walid-e-Majid ke naam se muta'lliq bhi ki ja-sakti hai ke "Mushrik" fil-haqeeqat "Abdullah" kaise hosakta hai. Is jawab se Hazrat Rasoolullah SAWS ke walid ka naam "Abdullah" hone se inkaar lazim nahin aata warna hamare Silsila-e-Nasab mein Aan-Hazrat SAWS ke walid ka naam "Syed Abdullah" na hota. Aur isi lehaz se Imamuna AHS ka naam "Muhammad Abdullah" hona chahiey tha halanke Syed Muhammad SAWS hai aor khud Muallif ne bhi kahin "Muhammad Abdullah" likhne ki jurat nahin ki hai.

Lehaza Hazrat Rasoolullah SAWS ke walid ka naam "Syed Abdullah" hone se inkar qaraar de-kar "Khaba-e-Mutawatir-e-Qata'ee" aur "Ijma'-e-Sahaha RZ se inkar ka ilzaam jo aa'yad kiya gaya sarasar be-bunyaad hai.

English Translation (12)

This parable also appears in Insaf Nama with a slight difference of words. Hadiya-e-Mahdavia has criticised the Parable in the Insaf Nama. The critic writes, "In the first chapter of Insaf Nama, it is written that the Ulama quoted Prophet Muhammad SAWS as saying, "The name of Mahdi will be like my name and that of his father would be like my father's." But the name of your father is Syed Khan." He (Hazrat Mahdi AHS) said, "The father of Prophet Muhammad SAWS was a kafir. How could his name be Abdullah/Slave of Allah. Instead, the name of Muhammad Rasool-Allah SAWS was Muhammad Abdullah and the name of Mahdi too is Muhammad Abdullah." The critic further writes, "Allah be praised! This

is strange speech, which none could have heard from anybody. Despite his claim to understanding the Qur'aan, a thought could not cross his mind that all the infidels/kuffar of Arab believed in Allah, but then they assigned partners to Allah. Hence, they were called kafir... And there were a number of the companions of the Prophet SAWS, the name of whose fathers and 77 grandfathers was Abdullah….Had the Sheikh of Jaunpur/ Hazrat Mahdi AHS remembered even one of them, he would not have doubted as to how a kafir's name could be Abdullah. Strange too, that he could not change the name of his father because it was famous and disavowed the name of the father of the Prophet SAWS and said that it was a mistake of the calligrapher. He did not remember that this was a Tradition with constancy/khabar-emutawatir. Their books quote the saying of Mahdi that the person who disavows the consensus of the companions of the Nubuwat and Vilayat becomes a kafir. Despite this belief, how did he disavow such a consensus? Where does his Mahdaviyat remain now? It evaporated like the mistake of the calligrapher! It is now incumbent upon them (the Mahdavis) to prove that if the name of the Prophet SAWS was Muhammad Abdullah, what is the name of his father? And as long as they do not prove that the name of the father of Prophet SAWS was Syed Khan, the purpose of this buzurg (respected elderly person Hazrat Imam Mahdi AHS will not be achieved. It is now well proved that as Ne'matullah is not the son of Imam Musa Kazim RA at the higher level, Abdullah too is not his (Hazrat Mahdi AHS's) father. And the Mahdavis are struggling to distort the lineage of their Peero-Murshid. They have displaced the name of Syed Khan by Syed Abdullah as the name of his (Mahdi AHS's) father. The distortion of the lineage is a serious sin. To give up one's parents and associate with others is very bad. He (The Mahdi AHS) did not change the name of his own father daunted of that sin. But it was strange negligence that he changed for the sake of himself the name of the father of Prophet SAWS. And he even forgot the Qur'aan!"

And before the foregoing passage, the critic writes: "Prophet Muhammad SAWS has said, "The world will not come to an end until Allah Most High creates a man from my progeny, whose name will be like my name and whose father's name will be like that of my father. He will fill the earth with justice as it would have been filled with wrong and oppression. "The Mahdavis and their Mahdi accept this Tradition as correct. A person was not used to saying his prayers five times a day. People asked him why. He quoted/replied the Qur'aan, "Laa taqrabus-Salaata" People asked him to recite the Verse further. He replied, "There is the whole Qur'aan beyond that. Who works according to all that is there!" Similarly, the Mahdavis became aghast because their Mahdi was not destined to rule the earth and fill it with justice and (this forecast) did not come true for their Mahdi. Hence, their youngsters and elders, from the Mahdi till now, try to explain away by all kinds of distortions. But all of them have accepted the first part of the parable without any distortion. The (Mahdavi) Scholars of the early era too did not stake this claim. The author of Siraj-al-Absar, Abdul

Malik Sujawandi RH originally and the author of Ijaz-ad-Dalail, subsequently and submissively, copied the Traditions, when they found them to be in favour of their Miran, but they did not even mention this Tradition. But the Scholars of a later day, when a long time had elapsed and when all those who knew their (the scholars) forefathers had died, they unhesitatingly changed the name of the father of the Miran. Further, the author of Shawahid-al-Vilayat has gone a step further and said that the name of Miran's mother was Aaminah, while in Matla-al-Vilayat, which is more important (Muqaddam) and of an earlier period, it is written that her name was Bibi Aqa Malik.

There is no need for any further comment on the style of the debate and moral standards (of the critic). What we have discussed in respect of the

(Parable 11) is more than enough. Now, please note the contradictions in the distortions, omission of words and arguments in the critic's foregoing passages.

(1) First he said, "This is an accepted/musallam Tradition among the Mahdavis." Then he changed his version and said, "They were aghast." And that because of this the author of Siraj-ul-Absar and Aijaz-ud-Dalayal did not even mention this Tradition. Even this is wrong, because the author of Siraj-ul-Absar has discussed in detail the last part of this Tradition. This book has already been published with its translation [in Urdu] and a muqaddima [preface]. Whoever wants may confirm this. The critic too has written that the elders and youngsters of the Mahdavis, from the Mahdi to this day, have explained and distorted these matters.

(2) The critic has said, “The name of the mother of (Imam Mahdi) is Bibi Aqa Malik.” Even this is wrong. All the manuscripts of Matla-al-Vilayat we have seen has a passage, which shows that the name of the Bibi was Aaminah, but after the relevant incident, Miyan Usman started calling her as Aqa Malik. See, how the critic has omitted some words from the original passage, concealed the real name of the Bibi and unnecessarily and falsely accused the author of Shawahid-ul-Vilayat for changing her name with the intention of maligning the authors.

(3) The critic writes that, “All (the Mahdavis) have accepted the first part of the Tradition without any distortion.” Further, he writes that, “The Scholars of a later day, after a long time had elapsed and those who recognized their forefathers had died, undauntedly changed the name of the father of the Miran.” When accepting the first part of the Tradition created so great a difficulty for the latter-day scholars that they had to change the name, the point to ponder over is why did they accept the first part of the Tradition in the first place? And what was the basis of their argument in favour of the claim, when the people who recognized their forefathers were alive? Contrarily, Miyan Abdul Malik Sujawandi RA, author of Siraj-ul-Absar, quotes in his book, Minhaj-ut-Taqwim in reply to the third question of Miyan Sheikh Mubarak RA Nagori, the same Tradition.1 Had the name of the father of Imam Mahdi AHS not been famous as Syed Abdullah, why would Sujawandi RA quote the Tradition?

4) The critic writes, "It is very bad to leave one's own father and associate with another person. But that Buzurg would not change the name of his father, daunted of this sin." Immediately after this, he writes, "But it is strange negligence that he (Hazrat Mahdi AHS) changed the name of the father of Prophet Muhammad SAWS for his (Hazrat Mahdi AHS's) own sake." The critic's contradiction and wrong rendering is the result of distortion and alterations in the text of the relevant parable. We will deal with it later on.

5) The critic has altered the text of the parable in the Insaf Nama. The (Persian) wording of the parable in Insaf Nama is, "Pidar-e-Rasul mard-e-kafir bood. Aan Abdullah chagona bashad. Balkeh Muhammad Rasul-Allah Muhammad Abdullah bashad wa Mahdi ham Muhammad Abdullah bashad." Instead of this the critic writes, "The father of the Prophet SAWS was a kafir. How can his name be Abdullah? But the name of Muhammad Rasul-Allah is Muhammad Abdullah and the name of Mahdi too is

Muhammad Abdullah." It is obvious that the word Abd-Allah is used not as a name but in its meaning." The critic has added the specification of the name on his own; although the term Abdullah is used here in its literal meaning while the critic has changed it as a name. Hence, in the Naqliat Miyan Abdur Rashid RZ , which precedes Insaf Nama, the same sense has been expressed in very clear terms.

6) Then the critic has written, "Now it is well proven that as at the top side Ne'matullah is not the son of Imam Kazim RA, at the lower side Abdullah is not his father." In reply to this, the summary of what the author of Khatm-ul-Huda has written, is as follows: "There is a great contradiction in the books of genealogy (kutub-ul-Ansab) in the names of the progeny of Imam Musa Kazim RA. The reality, however, is that it is Ne'mat s/o Ismael

s/o Musa Kazim RA. If accidentally the name of Ismael is missing between the names of Ne'mat and Imam Kazim RA, to make it the basis of fault finding, is just like the fault finding of Imaduddin Esavi in Section three of

sixth chapter of his book, Hidayat-ul-Muslimeen, on the basis of some references from Islamic history books like, Rozathul-Ajnab and Madaarij-un-Nubuwat, that from Adnan to Ismael there are forty generations according to some, and forty-one generations according so some others, while yet others give some other figures. Hence, let the Muslims, who claim that Muhammad is among the descendants of Prophet Ibrahim AHS (Abraham), prove his descent from Ibrahim AHS. Is not this faultfinding the result of bigotry and prejudice?

The fact, however, is that everybody knew that the name of the father of Hazrat Mahdi AHS was Syed Abdullah and the government of the day had conferred on him the title Syed Khan.“The word Syed itself is a clear proof of his being from among the descendants of Prophet Muhammad SAWS. Besides, its proof is also available in the genealogical trees and the books of the non-Mahdavis that the name of the father of Hazrat Mahdi AHS was Syed Abdullah.The author of Khatm ul-Huda writes,“Among the descendants of our forefathers and the followers of your religion, Syed Dastageer Sahib and other Mashayakheen are there in Mysore; and in their genealogical trees the name Syed Abdullah here (as father of Hazrat Mahdi AHS) and Syed Ne’mat-ullah there (as the son of Imam Kazim RA) is present. Maulvi Khairuddin Muhammad Sahib Allahabadi writes, “His (the Imam’s) father was Khwaja Abdullah. The Government had conferred the title Syed Khan on him. His mother was Aamina Khatoon RA and she was the sister of Qawwamul Mulk. She was called Aaqa Malik. Both his mother and father were prominent (Ajillah) Syeds, the descendants of Bibi Fatima RZ (daughter of Prophet Muhammad SAWS). The author of Muqaddama-e-Siraj-ul-Absar writes in proof of the book Jaunpur Nama being the compilation of Maulvi Khairuddin Sahib quoting from the English book of S.M. Ja’far.

The author of Tuhfatul Kiram too has said, “Syed-ul-Awlia Syed Muhammad, whose title was Miran Mahdi, son of Mir Abdullah alias Syed Khan, who is a descendant of Imam Musa Kazim RA. This shows that the

name of the father of Hazrat Mahdi AHS was Syed Abdullah and it was well known in those days. Hence, the Tradition about the name of the fathers of the Prophet SAWS and Hazrat Mahdi AHS being the same has been quoted. Even the critic (the author of Hadiya) has admitted that this Tradition is accepted and treated as correct among the Mahdavis.In short, some of the contemporary Ulama have, despite knowing the name and the genealogy of Hazrat Mahdi AHS, made Khan the basis of their criticism. It was then that Hazrat Mahdi AHS retorted, "Ask Allah why He made the son of Syed Khan the Mahdi."

The author of Khatm-ul-Huda has said, "In the parlance of the researchers Muhaqqiqeen Abdullah is the Person of the Time (Fard-e-Waqt). He is called Qutub-e-Madar and Qutub-e-Dawar also. But from the beginning of Adam AHS to the end, the spirit of Muhammad SAWS alone is the helper of the Aqtab. In the discussions Mub-has of Yawaqiyat (45) , it is written that the soul of Prophet Muhammad SAWS becomes the helper of every Lord of Time (Qutb-e-Zaman) and he (the latter) becomes Abdullah. It is learnt from this that Prophet Muhammad SAWS is Abdullah by virtue of his being a perfect Musalman (Musalman-e-Taam). It is because of this that Hazrat Mahdi AHS took advantage of the word Abdullah in his reply to the Ulama that the special importance of the Viceregent/ khalifa- thullah is that he is Abd-e-Taam and Musalman-e-Taam. "From this point of view too, does this servant too have the glory of Abdullah or not, as Prophet Muhammad SAWS was Abdullah in reality?" The name of the father being Abdullah alone is not enough for staking the claim of being the Mahdi AHS. Another point in the reply of Hazrat Mahdi AHS for refuting the criticism is that, despite his being the Syed genealogically and the son of Abdullah, if the effort to rob him (Hazrat Mahdi AHS) of his Siyadat (being a Syed) by flourishing Khan from the

title Syed Khan to affirm that Hazrat Mahdi AHS was the son of Syed Khan, is justifiable, then the same kind of discussion on a word pertaining to the name of the father of the Prophet SAWS that a polytheist cannot

become Abdullah/servant or slave of Allah too is justifiable.This answer does not become tantamount to disavowing Abdullah as the name of the father of the Prophet SAWS. Otherwise, the name of the father of Hazrat Mahdi AHS would not have been Syed Abdullah. From this point of view also the name of Hazrat Mahdi AHS too should have been Muhammad Abdullah, although it is Syed Muhammad. Even the critic dared not call him Muhammad Abdullah' anywhere in his book. Hence, the accusation that we have disavowed Traditions with constancy and the consensus of the companions of the Prophet SAWS by disavowing Syed Abdullah as the name of the father of Prophet Muhammad SAWS is totally baseless.

☆☆☆☆☆

توضیح روایت(26،27)

حضرت مہدی علیہ السلام کے زمانہ میں حق کی تاثیر ہر روز ترقی ہی پا رہی تھی۔ حتیٰ کہ افغانستان کی جیسی مملکت میں غیر معمولی مقبولیت و فتحمندی حاصل ہوئی جیسا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کو ملک عرب میں حاصل ہوئی تھی۔ پانچ سو سال قبل کے افغانستان میں مہدویہ مذہب کی تبلیغ کوئی آسان کام نہ تھا۔ امامنا علیہ السلام کی کامیابی کا اِس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ شاہِ وقت نے آپؑ کا مزارِ مبارک اور گنبدِ شریف بنائی اور اب بھی وہاں ہزاروں آپؑ کے معتقد ہیں۔ آپؑ کا عرس اہتمام سے کرتے ہیں اگرچہ کہ حضرت کے خلفاو متبعین وہاں موجود نہ رہنے اور امتداد زمانہ کی وجہ حضرتؑ کی تعلیماتِ علیٰ حالیہ باقی نہیں رہی ہیں اِس کے باوجود آج بھی مہدوی وہاں زیارت کے لیے جاتے ہیں تو اُن کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہے۔ غرض اِس روایت میں حضرتؑ کا یہ فرمان کہ:-

"تاثیرِ حق ہمچو ماہِ اول روز است کہ ہر روز زیادہ تر شود تا آنکہ بکمال رسد۔"

حضرتؑ کے زمانہ میں حضرتؑ کے دعویٰ مہدیت کی صداقت و قبولیت سے متعلق ہے جس کی تاثیر آپؑ کے زمانہ میں درجۂ کمال

کو پہنچ گئی تھی۔ یہ ترقی آپؑ کے بعد بھی رہی یا نہ رہی؟ یہ ایک علٰحدہ بحث ہے کیونکہ خود حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمادیا ہے "ان الذین بدء غریباً سیعودالذین کمابدہ" اِسی طرح حضرت مہدیٔ موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی فرمایا ہے کہ: "درآخرِوقت دین نقصان خواہد شد"

☆☆☆☆☆

Roman:- Tauzih Riwayat (26,27):- Hazrat Mahdi AHS ke zamane mein Haq ki taseer har roz tarraqi hi pa-rahi thi. Hatta ke Afghanistan ki jaisi mamlekat mein gair-ma'muli maqbooliyat wa fath-mandi hasil hui jaisa ke Hazrat Rasoolullah SAWS ko Mulk-e-Arab mein Hasil huwi thi. Panch sau-saal qabl ke Afghanistan mein Mahdavia ki Tableegh koi Aasaan kaam na tha. Hazrat Mahdi AHS ki kamiyabi ka is-se badh-kar aor kiya Saboot hosakta hai ke Sha-e-Waqt ne Aap AHS ka Mazaar-e-Mubark aor Gumbad-e-Shareef banaee aur ab bhi wahan hazaraun Aap AHS ke mo'teqid hai. Aap AHS ka Urs aihtemaam se karte hain agarch-ke Hazrat ke Kholofa wa Muta'bieen wahan maujood na rahne aur imtedaad-e-zamana ki wajhe Hazrat AHS ki ta'leemaat-e-alaa-haliya baqi nahin rahi hain. Is-ke bawajood aaj bhi Mahdavi wahan Ziyarat ke liey jate hain to un-ke saath acha sulook kiya jata hai. Garz is-Riwayat mein Hazrat AHS ka yeh farman ke:-

"تاثیرِحق ہمچوماہِ اول روزاست کہ ہرروززیادہ ترشود تاآنکہ بکمال رسد۔"

Hazrat AHS ke zamane mein Hazrat AHS ke Dawa-e-Mahdiyat ki Sadaqat se muta'liq hai jis-ki ta'seer Aap AHS ke zamane mein darja-e-kamaal ko pahunch gaee-thi. Yeh taraqqi Aap AHS ke baad bhi rahi? Yeh aik alahedah bahes hai kiun-ke khud Hazrat Rasoolullah SAWS ne farmadiya hai ke:-

"ان الذین بدء غریباً سیعودالذین کمابدہ" **Isi-tarha Hazrat Mahdi AHS ne bhi farmaya ke:** "درآخرِوقت دین نقصان خواہد شد"

☆☆☆☆☆

English Translation (26,27)

During the days of Hazrat Imam Mahdi AHS the effect of the Truth was on the ascendancy, so much so that in a country like Afghanistan, (the religion of the Imam AHS) was becoming extraordinarily popular, as (the religion of) Prophet Muhammad SAWS had gained popularity in Arabia during the time of the Prophet SAWS. Propagating the Mahdavia religion in the Afghanistan five hundred years ago was not an easy job. The king of the country got the grave and tomb of the Imam AHS constructed. What more proof of his popularity is needed? Even today, there are thousands of his devotees in that country. His death anniversary is observed even today, even though his successors and followers are not there. And due to the vagaries of time and tide, the teachings of Hazrat Mahdi AHS have been obliterated. Despite all this, the Mahdavis go there to pay their respects at the Mausoleum of Hazrat Mahdi AHS. The local people treat them with love and respect. In short, Hazrat Mahdi AHS says in this parable, "The effect of the Truth is like the moon of the first day. It goes on increasing day by day till it becomes full." This saying of Hazrat Mahdi AHS relates to the truth and popular acceptance of his claim during his lifetime, when his popularity had reached its climax. Whether this popularity persisted after him or not is a different story, as the Prophet SAWS had said, "Verily, the religion was not familiar. Soon it will return to the state it was in at the beginning." Similarly, Hazrat Imam Mahdi AHS too has said, "The religion will become weak at the end."

☆☆☆☆☆

توضیح روایات در بیانِ معجزات

ایک چیز کا وجود، دوسری چیز کے وجود یا ظہور کی دلیل ہونا یقینی و مسلمہ امر ہے ورنہ معلومات سے مجہولات کا علم حاصل نہ ہوتا۔ اِسی لیے نشانی یا دلیل طلب کرنا انسان کی فطری خصوصیت ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کبھی اپنے خلیفہ کو بھیجا اُس کے ساتھ نشانیاں بھی دی ہیں کہ جن سے حجت قائم ہو چنانچہ فرماتا ہے:-

ذَالِکَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَ هُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِیٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿22﴾
(سورة المؤمن)

ترجمہ:- یہ اِس وجہ سے ہے کہ رسول اُن کے پاس کھلی نشانیاں لے آتے تھے۔ اُن لوگوں نے انکار کیا پس اللہ تعالیٰ نے اُن کا مواخذہ کیا بے شک وہ قوی ہے۔ سخت عذاب دینے والا ہے۔

لطافتِ طبع، رقتِ قلب اور اثر پذیری ایک نیک سرشت انسان کے خاص جوہر ہیں جن کے ذریعہ وہ پند و نصیحت، ارشاد و ہدایت کو قبول کر سکتا ہے۔ شعاعِ نور شیشہ کے اندر سے گذر جاتی ہے لیکن پتھر میں فولادی تیر بھی گھس نہیں سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ خلیفتہ اللہ کے سامنے آتے ہی اُس کو مان لیتے ہیں۔ اُن پر اِس کے حرکات و سکنات، اخلاق و عادات، احکام و تعلیمات کا فوراً اثر پڑنے لگتا ہے اور بعض لوگ مزید اطمینان کے لئے خرقِ عادت یعنی معجزہ کے طلب گار ہوتے ہیں۔ اللہ چاہتا ہے تو اپنے خلیفہ کے ذریعہ ایسا معجزہ دِکھاتا ہے کہ وہ لوگ ویسا کام کرنے سے عاجز ہو جاتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو معجزہ کے ظہور کے بعد معترف ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام عصا کو اژدھا بنانے کے بعد بعض ساحروں نے آپؑ کی نبوت کو تسلیم کر لیا تھا۔ اور جن کے دلوں میں ہدایتِ ایمان کی سعادت نہیں ہوتی اور جھٹلانے کے لئے معجزہ طلب کرتے ہیں وہ اب بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ:-

" اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿110﴾ (سورة المآئدة) یعنی یہ بجز کھلے جادو کے اور کچھ بھی نہیں۔

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿13﴾ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَاۤ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ
(سورة النمل-14)

ترجمہ:- پس جب اُن کے پاس ہماری کھلی نشانیاں (راستہ) دِکھانے والی آئیں تو کہنے لگے یہ تو کھلا جادو ہے اور انھوں نے گمراہی و تکبر سے انکار کر دیا۔ حالانکہ اُن کے دل اُن کی صداقت کا یقین کر چکے تھے۔

اِس سے معلوم ہوا کہ کفار اگرچہ نشانیاں دیکھ کر بھی انکار کر بیٹھتے ہیں مگر اُن کے دل اُن نشانیوں کے منجانب اللہ ہونے پر یقین کر لیتے ہیں۔ اور ظاہر بات ہے کہ جب تک وہ نشانیاں طاقتِ بشری سے خارج نہ ہوں اُس قسم کا یقین ہو نہیں سکتا۔ اِسی لیے قرآنِ مجید میں آیات یا بنیات کا استعمال انھیں معنوں میں ہوا ہے جو قدتِ بشری سے خارج ہوں اور وہ خاص قدتِ الٰہیہ پر دلالت کرتے ہوں یا انبیاء کی نبوت کو ثابت کرتے ہوں۔ اور اِسی لیے ان کو معجزات کہتے ہیں۔

معجزہ کا ممکن ہونا ایک بدیہی امر ہے جس پر دلیل لانے کی ضرورت نہیں کیونکہ بہ ظاہر جو باتیں عادت کے خلاف دکھائی دیتی ہیں وہ فی الاصل ممکن ہوتی ہیں۔ اگر وہ ممکن نہ ہوتیں تو اُن کا ظہور ہی نہ ہوتا۔ بعض منکرینِ نبوت کا خیال ہے کہ قانونِ قدرت کے خلاف کسی امر کے تسلیم کرنے کو عقل جائز نہیں سمجھتی کیونکہ اگر یہ تسلیم کر لیا جائے تو جائز ہو جائے گا کہ پہاڑ سونا ہو جائیں اور دریا تیل۔؟ علامہ سعد الدین تفتازانی نے "شرح مقاصد" میں اس خیال کی تردید فرمائی ہے کہ:-

ان المراد بخوارق العادة امور ممكنة فی نفسها و ممتنة فی العادة بوقوعها كانقلاب عصاحية فامكا نها ضروری و ابداء هاليس ابعد من ابداء خلق الارض و السماء و بينهما۔

ترجمہ:- خوارقِ عادت سے مراد وہ اُمور ہیں جو بذاتہا ممکن ہوتے ہیں اور عادتاً ممتنع۔ عادتاً ممتنع ہونے کے یہ معنی ہیں کہ ایسے امور عادت کے طور پر وقوع میں نہیں آیا کرتے۔ مثلاً لکڑی کا سانپ بن جانا۔ بعید از عقل معلوم ہوتا ہے لیکن لکڑی کو سانپ و ہی قدرت بنائی جس نے زمین و آسمان اور اُن کے درمیان کی ہر چیز پیدا کی ہے۔ لہٰذا عصا کا سانپ بن جانا بھی ممکن ہے۔

اگرچہ، سحر، خارق عادت ہونے میں معجزہ سے مشابہ ہے لیکن اُصول میں بہت زیادہ فرق ہے۔

(1) سحر میں تعلیم و تعلم کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ مخصوص عملیات کی وجہ سے صادر ہوتا ہے اور معجزہ محض منشائے قدتِ الٰہی کی وجہ سے ظاہر ہوتا ہے۔

(2)"سحر" نفوسِ خبیثہ سے صادر ہوتا ہے اور معجزہ نفوسِ قدسیہ سے۔

علامہ سعد الدین تفتازانی فرماتے ہیں:-

السحر امر خارق للعادة من نفس شریر خبیثة بمباشرة اعمال مخصوصه یجری فیهاالتعلیم و التلمذ بهذین الامرین یفارق المعجزة والکرامة (شرح مقاصد)

ترجمہ:- سحر ایک خارق عادت امر ہے جو بد نفس اور خبیث لوگوں سے صادر ہوتا ہے۔ جس کے لیے مخصوص اعمال اور تعلیم و تعلم کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ دونوں خصوصیتیں معجزہ و کرامت کے مقابلہ میں سحر کے فرق کو ظاہر کر دیتی ہیں۔

شیخ الرئیس نے ایک رسالہ میں "فعل و انفعال" پر بحث کرتے ہوئے "معجزہ" کی تین خصوصیتیں بیان کی ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ:-

صنف یتعلق بفضلة العلم و ذالک بان یوتی المستعدذالک کمال العلم عن غیر تعلیم و تعلم البشری حتی یحیط علما بماشاء الله تعالیٰ بقدر لطافة البشری باله الحق و طبقات الملٰئکة۔

ترجمہ:- انبیاء کا معجزہ فضیلتِ علم سے بھی متعلق ہوتا ہے اور یہ کمالِ علم بشری تعلیم و تعلم سے نہیں بلکہ خدائے تعالیٰ اور اُس کے ملائیکہ کے ذریعہ نبی اپنی استعداد و لطافت کے موافق ہر اِس علم پر حاوی ہو جاتا ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کو منظور ہو۔

اِس توضیح سے ظاہر ہے کہ معجزہ کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ انسانی جدوجہد کے بغیر منجانب اللہ اُس کا ظہور ہوا کرتا ہے اور کرامت کی بھی یہی صورت ہے۔ لیکن معجزہ اور کرامت میں اصطلاحی فرق یہ ہے کہ مدعی خلافتِ الٰہیہ سے صادر ہو تو معجزہ۔۔ نفوسِ مطہرہ و مقدسہ سے بلا دعویٰ خلافتِ الٰہیہ صادر ہو تو کرامت کہتے ہیں۔

چونکہ مہدیٔ موعود علیہ السلام خلیفتہ اللہ ہیں جن کی خصوصیت محی الدین عربیؒ نے فتوحاتِ مکیہ میں یہ بیان فرمائی ہے۔:-

فان المهدی حجة الله علیٰ اهل زمانه و هی درجة الانبیاء التی یقع فیهاالمشارکة۔

ترجمہ:- بے شک مہدیؑ، اپنے اہلِ زمانہ پر اللہ کی حجت ہے اور وہ حجت انبیاء کے درجہ سے مشارک ہے۔

اور صاحبِ کشف الحقائق نے لکھا ہے کہ:-

دعوته کدعوةالنبی و جزبه کحزب النبی و علمه کعلم النبی و ذاته کذات النبی۔

ترجمہ:- مہدیؑ کی دعوت نبیؐ کی دعوت کی جیسی، اُس کی گروہ نبیؐ کی گروہ کی جیسی، اُس کا علم نبیؐ کے علم کے جیسا اور اُس کی ذات نبیؐ کی ذات کے جیسی ہے۔

اِس لیے امامناعلیہ السلام سے جو خوارقِ عادات ظہور میں آئے ہوں اُن کو بھی معجزات کہتے ہیں۔ چونکہ معجزات کا ظہور بالکلیہ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے وہ جب چاہتا ہے اپنے خلیفہ کی تائید میں ظاہر فرماتا ہے۔ اِس لیے امامناعلیہ السلام نے بارہا فرمایا کہ:

حجت دادن کارِخداوند یست حجت دہد یا نہ دہد بندہ را دریں چہ کار است بر ما تبلیغ فرض است۔ (روایت 26)

ترجمہ:- معجزہ عطا کرنا خدائے تعالیٰ کا کام ہے عطا کرے یا نہ کرے بندہ کا اِس میں کیا دخل ہے؟ ہم پر تو صرف تبلیغ فرض کی گئی ہے۔ آپؑ کو اللہ تعالیٰ نے بہت معجزے عطا فرمائے ہیں جن میں سے چند معجزے نقلیات کی اِس کتاب میں درج ہوئے ہیں اِس کے علاوہ "حجته المنصفین"، "انصاف نامه" ' مولود مولفه حضرت میاں عبد الرحمٰنؒ، "مطلع الولایت" وغیرہ کتابوں میں بھی پائے جاتے ہیں۔ حضرت شاہِ قاسم مجتہدِ گروہؒ نے "افضل المعجزات" میں ایک سو معجزے جمع کیے ہیں " شواہد الولایت" باب (36) میں بھی بیان ہوئے ہیں نیز غیر مہدویوں کی بعض کتابوں میں بھی پائے جاتے ہیں جن کی تفصیل طوالت کا باعث ہوگی۔ یہاں اس کا موقع نہیں۔ آپؑ کے معجزات میں اہم اہم اخبارِ مغیبہ پائے جاتے ہیں۔

مثلاً:-(1) روایت ہے کہ امامناعلیہ السلام نے آخر وقت سب کو پند و نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر کسی کو میری مہدیت میں شک ہو یا آزمایش منظور ہو تو قبر میں رکھنے کے بعد دیکھو اگر بندے کو پاؤ تو سمجھو کہ بندہ مہدیٔ موعود نہیں تھا۔ جب آپؑ کا وصلِ مبارک ہو گیا آپؑ کو لحدِ مبارک میں پہنچانے کے بعد آپؑ کے فرزند حضرت بندگی میاں سید محمود ثانی مہدی رضی اللہ عنہٗ نے آپؑ کا فرمان یاد دلایا اور دیکھا تو لفافہ خالی تھا۔ یہ کیسی اہم پیشگوئی ہے جسے امامناعلیہ السلام نے اپنے دعوے کی صداقت کی

ایک حجت قرار دی اور تحدید کے ساتھ پیش فرمایا اگر یہ پوری نہ ہوتی تو آپؑ کے متبعین ایک سال تک وہاں رہ کر تبلیغ جاری نہ رکھتے۔

(2) امامناعلیہ السلام ایک دفعہ اِس آیت پر بیان فرمارہے تھے۔

فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَ قَاتَلُوْا وَ قُتِلُوْا۔۔۔الخ (سورۃ اٰل عمران۔195)

ترجمہ:- جن لوگوں نے ہجرت (1) کی اور جو اپنے گھروں (2) سے نکالے گئے اور میرے (یعنے اللہ کے) راستے (3) میں ستائے گئے اور جنھوں نے جہاد کیا اور قتل کئے گئے۔

اِس آیت کی چاروں صفات کی توضیح کرتے ہوئے آپؑ نے فرمایا کہ یہ صفات بندہ اور بندہ کی گروہ سے بھی متعلق ہیں۔ پہلی تین صفات کا ظہور تو ہو چکا۔ چوتھی صفت باقی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہو گی اور چونکہ بندہ مہدیٔ موعود خلیفۃ اللہ ہے دنیا کی کوئی قوت بندے پر غالب نہیں آسکتی۔ اِس لیے بندہ کی چوتھی صفت کا ظہور "سید خوندمیر" (آپؑ کے داماد و صحابیؓ) کے ذریعہ ہو گا۔ یہ میرے بدل ہوں گے۔ یہ خاتمِ ولایتِ محمدیہ کی صفت کا بار ہے اِس کے حامل کا سر جدا، تن جدا، پوست جدا ہو کر رہے گا۔۔۔۔ پھر آپؑ نے حضرت سید خوندمیرؓ کی کمر سے دو تلوار باندھتے ہوئے فرمایا کہ جس وقت مقاتلہ ہو گا پہلے دن لڑائی میں تمہاری فتح ہو گی اگرچہ اِس دن ساری دنیا کی قوت بھی تمہارے مقابلہ میں ہو اور تم تنہا رہیں یہ بات بندے کی صداقتِ مہدیت کی حجت ہے۔ یعنی اگر ایسا نہ ہو تو سمجھنا کہ میں مہدیٔ موعود نہیں تھا"۔ روایات سے ثابت ہے کہ امامناعلیہ السلام کے بیس سال بعد پیشگوئی پوری ہوئی اور آج حضرت شاہِ خوندمیر رضی اللہ عنہٗ کی تین زیارت گاہ ہیں۔ سدراسن (1)۔ پٹن (2)۔ چاپانیر (3) ۔علاقۂ گجرات میں موجود ہیں۔ اِس کی "تفصیل" روایت (176)، (177) کی توضیح میں معلوم ہو جائیگی۔

☆☆☆☆☆

Tauzih-e-Riwayat dar-bayan-e-Mu'jizaat

Aik cheez-ka wojood, dosri cheez-ke wojood ya zahoor ki daleel hona yaqeeni wa musallimah amr hai warna ma'lumaat se majlhoolaat ka ilm hasil na hota. Isi-liey nishani ya daleel talb karna insan ki fitri khusoosiyat hai. Aor yahi wajhe hai ke Allahu Ta'ala jab kabhi apne Khalifeh ko bhaija os-ke Saat nishaniyan bhi di-hain ke jin-se Hujjat Qaem ho; chunache farmata hai:-

ذَالِکَ بِاَنَّهُمۡ کَانَتۡ تَّاۡتِیۡهِمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ فَکَفَرُوۡا فَاَخَذَ هُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِیٌّ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ ﴿22﴾ (سورۃ المؤمن)

Translation: Yeh is-wajhe se hai ke Rasoolullah un-ke pas khuli nishaniyan le-aate the. Un-logaun-ne inkaar kiya pas Allahu Ta'ala ne un-ka muakhizah kiya be-shak woh qawi hai. Sakht azaab dene wala hai.

Latafat-e-Taba', riqqat-e-qalb aor asar pazeeri aik naikk sarisht insan ke khas jauhar hain jin ke zarye woh pand wa nasihat wa hidayat ko qabool karsakta hai. Shua'-e-noor shishe-ke-andar se guzar jati hai laikin pathar mein fauladi teer bhi ghus nahin sakte. Yahi wahje hai ke baaz log Khalifatullah ke samne aate hi us-ko man lete hain. Un-par is ke harakat wa sakanat, akhlaq wa aadaad, ahkaam wa ta'leemat ka fauran asar padhne lagta hai aur baaz log mazeed itmainaan ke liey kharq-e-aadat yani Mu'jizah ke talab-gaar hote hain. Allah chahta to apne Khalifah ke zarye aisa Mu'jizah dikhata hai ke who log waisa kaam karne se aajiz ho-jate hain. Yahi log hain jo Mu'jizah ke Zahoor ke baad mu'tarif hojate hain. Jaisa ke Hazrat Musa AHS Asa ko axdaha banana ke baad baaz sahiraun ne Aap AHS ki nubuwat ko tasleem karliya tha. Aor jin-ke dilaun mein Hidayat-e-Eiman ki sa'dat nahin hoti aor jhutlane ke liey Mu'jizah talab karte hain woh ab bhi yahi kah-rahe hain ke:-

اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿110﴾ (سورۃ المآئدۃ) **yani yeh bajuz khule jado ke aor kuch bhi nahin.**

فَلَمَّا جَآءَتۡهُمۡ اٰیٰتُنَا مُبۡصِرَةً قَالُوۡا هٰذَا سِحۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿13﴾ وَجَحَدُوۡا بِهَا وَاسۡتَیۡقَنَتۡهَاۤ اَنۡفُسُهُمۡ ظُلۡمًا وَّعُلُوًّا ؕ

(سورۃ النمل-14)

Pas jab un-ke pas hamari khuli nishaniyan (rasta) dikhane wali aaein to kahne lage yeh to khula jado hai aur unhuine gumrahi wa takkabur se inkar kardiya. Halanke un ke dil un-ki Sadaqat ka yaqeen karchuke the.

Is se maloom huwa ke kuffar agarche nishaniyan dekh kar bhi inkar kar baithe hain magar un-ke-duk un-nishaniyaun ke minjanib Allah hone par yaqeen karlete hain. Aor zahir baat hai ke jab-tak woh nishaniyan taqat-e-bashari se kharij na hon-us qisam ka yaqeen ho-nahin sakta. Isi liey Quraan-e-Majeed mein Aayaat ya Bayyinaat ka istemaal inhien mua'naun mein huwa hai jo qudrat-e-bashari se kharij hon aor woh khas qudrat-e-ilahiya par dalalt karte hon ya Ambiya' ki Nubuwat ko sabit karte hon. Aor isi liey in ko Mu'jizaat kahte hain.

Mu'jizah ka mumkin hona aik bidihi amr hai. jis par daleel lany ki zaroorat nahin kuin-ke ba-zahir jo batein a'dat ke khilaf dikhaee deti hain woh fil-asl mumkin hoti hain. Agar woh mumkin na hotein to un-ka Zahoor hi-na hota. Baaz munkireen-e-Nubuwat ka khiyal hai ke qanoon-e-qudrat ke khilaf kisi amr ke tasleem karne ko aql jaez nahin samjhti kuin-ke agar yah tasleem karliya jaey to jaez hajaega ke pahadh zona hojaeinge aur darya tail? Allama Sa'adudin Tafta-zani RA "Sharah-e-Maqasid" mein is-khayal ki tardeed farmaee hai ke:-

ان المراد بخوارق العادة امور ممكنة فی نفسها و ممتنة فی العادة بوقوعها كانقلاب عصاحية فامكا نها ضروری و ابداء هاليس ابعد من ابداء خلق الارض و السماء و بينهما۔

naseeb hota tha. Aor yeh kaifiyat mahez salehiyat aor lutf-e-Ilahi se hasil ho-sakti hai. Isi liey Aap AHS ke muta'bieen ka bhi yahi amal raha hai. Riwayat hai ke Shar-e-Chapa-Neer mein aik Raees Hazrat Bandagi Miyan Shah Ne'mat RZ ki khidmat mein hazir huwa, kuch (Mantar wagairah) padh-kar phokne ki darkhast ki Aap RZ ne farmaya:-

ما خواندن نمی دانیم اگر درخاطر باشد پسخورده بدہم والشفاء من اللہ۔(انصاف نامہ باب2)

Ya'ni mein (Mantar wagairah) padhne nahin janta huin agar chahte-ho to Paskhurdah duinga. Aor Shifa to Allah ki janib se hai. Hasil yeh ke Imamuna AHS ka aor Aap AHS ki Groh mein Fuqa'-e-Kiram ka amal Paskhurdah hi-rah-hai.

Riwayat 267, 275 mein bar-guzida kutte ka zaher Hazrat ke Loa'b-e-Dahen-e-Mubarak se rafa' hojane ka zikr hai. Muallif-e-Hadiya ne Daire mein kutte ki maujoodagi par sakht aeteraz kiya hai halanke dosri Riwayat mein yeh tauzih maujood hai ke woh "Jinn" tha. Chunache daruan-e-aeteraz mein khud Sahib-e-Hadiya ne bhi apne alfaz mein yeh Riwayat darj ki hai. "Miyan Syed Mahmood Mahdi-e-Sani ke pas-bhi kutta tha Lala naam aik roz Bibi Malkan RZ ne is-ko eint ka tukda mara. Miyan ne kaha ke woh kutta ho to us-ko maro laikin woh kutta nahin hai. Bibi RZ ne kaha ke Miranji AHS yeh Bhai Kalu (Imamuna AHS ke daire ka kutta) ke bajaye kaha, han yeh is-ka bhai hai. (Makhooz az Hadiya-e-Mahdaviya) Is-ke ilawah is kutte ka Zikrullah mein mashghool rahna, ahteram-e-Ramzan ki wajhe auqaat-e-Roza mein kuch na khana aor baaz waqt is-ke bang par muazzan ka baidar hona yeh aisi batein hain jin ko Irfan-Muaab hastiyaun ke siwaye aap log bhi samjh sakte hain ke yeh koi hairat wa ta'jub ki baat nahin kuinke Allahu Ta'ala saf wa sareeh taur par farmaya hai ke:-

وَاِنۡ مِّنۡ شَیۡءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمۡدِہٖ۔ الخ (سورۃ بنیٓ اسرآئیل۔ 44)

Ya'ni, aor koi cheez-aisi nahin jo Allahu Ta'ala ki "Hamd wa Tasbeeh" na padhti ho.

ہر گیاہے کہ از زمیں روید، وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ گوید

Ya'ni, jo ghans zameen se ugti hai, "وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ" kahti hai. Magar afsos ke Muallif-e-Hadiya-e-Mahdavia ne khoob dil khol kar tanz wa tahazud kiya hai. Halanke Riwayat se zahir hai ke woh Jinn tha to phir us-ki maujoodagi aur us-ki khusoosiyaat par aeteraz ka mauqa hi nahin hai. Allahu Ta'ala ne farmaya:- وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿56﴾ (سورۃ الذّٰریٰت)

Ya'ni, Mein ne Jinn wa Insan ko Ibadat ke liey hi paida hai.

☆☆☆☆☆

Explication of Riwayat (26,27)

During the days of Hazrat Imam Mahdi AHS the effect of the Truth was on the ascendancy, so much so that in a country like Afghanistan, (the religion of Hazrat Mahdi AHS) was becoming extraordinarily popular, as (the religion of) Prophet Muhammad SAWS had gained popularity in Arabia during the time of the Prophet SAWS. Propagating the Mahdavia religion in the Afghanistan five hundred years ago was not an easy job.

The king of the country got the grave and tomb of Hazrat Mahdi AHS constructed. What more proof of his popularity is needed? Even today, there are thousands of his devotees in that country. His death anniversary is observed even today, even though his successors and followers are not there. And due to the vagaries of time and tide, the teachings of Hazrat Mahdi AHS have been obliterated. Despite all this, the Mahdavis go there to pay their respects at the Mausoleum of Hazrat Mahdi AHS. The local people treat them with love and respect. In short, Hazrat Mahdi AHS says in this parable, "The effect of the Truth is like the moon of the first day. It goes on increasing day by day till it becomes full." This saying of Hazrat Mahdi AHS relates to the truth and popular acceptance of his claim during

his lifetime, when his popularity had reached its climax. Whether this popularity persisted after him or not is a different story, as the Prophet SAWS had said, "Verily, the religion was not familiar. Soon it will return to the state it was in at the beginning." Similarly, Hazrat Mahdi AHS too has said, "The religion will become weak at the end."

Miracles:- It is an accepted and certain fact that the existence of one thing is the proof of the existence or manifestation of another thing. Otherwise, the knowledge of the known thing would not lead to unknown things. Hence, demanding a sign or a proof is the special nature of man, and, hence, whenever Allah sent his Viceregents, He also sent with them some signs that proved (their claims). Allah says,

ذَالِکَ بِاَنَّهُمْ کَانَتْ تَّاْتِیْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَکَفَرُوْا فَاَخَذَ هُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿22﴾ (سورۃ المؤمن)

"It was so because their apostles had come to them with proofs (of their mission), but they (the people) rejected them; So Allah seized them; for He is Mighty, Strict in chastising."

The elegance of natural temper, subtlety of the heart and acceptance of the influence are the special merits of a human being, through which he accepts advice and guidance. A ray of light passes through the glass but a steel arrow too will not penetrate a rock. This is why some people accept

the Viceregent of Allah as soon as they come in his presence. The actions and movements, character and habits and commands and teachings of the Viceregent of Allah affect such a person as soon as he comes into contact with the Viceregent. But some people demand Miracles or Unusual Happenings for their further satisfaction. When Allah wills, He manifests through His Viceregent such Miracles that other people are incapable of performing. These are the people who concede after they see the Miracle, as the conjurers accepted the Prophet-hood of Musa AHS/Moses when he turned his staff into a large serpent. And people whose hearts are not endowed with the good fortune of receiving Divine Guidance and Faith

and who demand a Miracle just as an excuse to believe, say that this is greater sorcery. Allah says, "And when Our miracles were wrought in their very presence (so as to bring home to them the truth of Our message), they said, "This is plain sorcery. Although in their minds they felt certain that they (the Miracles) were true, they denied them in sheer wickedness and pride." This shows that the infidels disavow even after the signs manifest, but their hearts accept the signs as coming from Allah. It is obvious that unless these signs do not emanate from the human power, such certainty/Yaqeen does not occur. That is why the signs and clear arguments have been used in this sense in the Qur'aan. And they prove the special Omni-potence or they prove the prophet-hood of the prophets. Hence, they are called Miracles.

The possibility or otherwise of Miracles is obvious. There is no need to prove it because events that appear to be contrary to nature are in reality possible. Had they been impossible, they would not have occurred. Some of the disavow-ers think that wisdom does not consider it legal to accept an event that is unusual, because it would become legal if they accept such events like a mountain turning into gold and the water in rivers or oceans turning into oil. Allama Sa'adudin Taftazani RA has contradicted this thinking and writes in his book, Sharah-e-Maqasid, "Unusual events are those, which are by their nature possible but are impossible by/or against habit. "Adatan-Mumtane" means that they do not occur as a matter of habit. For instance, a stick becoming a snake appears to be against reason. The same Omnipotence that has created all that is between the heavens and the earth also changes a stick into a snake. Hence, the stick becoming a snake too is possible.

Although sorcery is very much like the Miracle, there is a great difference between the two in principle:

1) Sorcery is to be taught and learnt and comes into effect through special deeds/ Amaliat, but Miracles take place due to the will of the Almighty.

2) Sorcery takes place through the Evil spirits, while the Miracles take place through the Holy Spirits. Allama Taftazani RA says, "Sorcery is an unusual event that takes place through Evil Spirits and wicked people and it needs special teaching, learning and works. These things manifest the difference between Sorcery and Miracles or other Supernatural Events/Karamat." Sheikh-ur-Raees Bu-Ali-Sina/Avicenna has discussed the subject of "Activity and Passivity" (fe'l and infi'al) in a tract and enumerated the three specialties of Miracles; one of them is, "The Miracles of the Prophets are related to the superiority of the knowledge and perfection and this is achieved from Allah and His angels, as He wills, in accordance with one's own capacity and subtlety, and not by human teaching and learning."

From this explanation, it is obvious that the specialty of a Miracle is that it is manifested from Allah without any human efforts.Similar is the case of Karamat. But the technical difference between Karamat and Mu'jizah is that a Viceregent of Allah performs a Mu'jizah, but if the holy men, who have not staked their claim to being the Viceregents of Allah, perform it, it is a Karamat.

Since Hazrat Mahdi AHS is the Viceregent of Allah, Hazrat Shaikh Akbar Mohi-Uddin Ibn Arabi RA has described the specialty of Hazrat Mahdi AHS in his book Futuhat-e-Makkiah, as follows: "Verily, Hazrat Mahdi

AHS is the final argument of Allah on the people of the era/Ahle-Zamana and that argument is common with the category of the Apostles." And the author of the book, Kashf-ul-Haqaeq writes, "The call or Invitation/Dawat of Hazrat Mahdi AHS is like the Dawat of the Prophet SAWS, his group is like the group of the Prophet SAWS, his knowledge is like the knowledge of the Prophet SAWS and his Zaat/Nature is like the Zaat of the Prophet SAWS."

It is for this reason that the unusual events or those against the common habit that Hazrat Mahdi AHS has performed too are called Miracles

Mu'jizaat, and since the manifestation of the Miracles is wholly in the power of Allah Almighty, He manifests them in favour of His Viceregent, whenever He wishes. Hence, Hazrat Mahdi AHS has said, "To grant a Miracle is the work of Allah Most High. He may or may not grant it. What part does this servant have to play in it? Only propagation is made obligatory on us."

Allah Most High has granted many Miracles to Hazrat Mahdi AHS. Some of them have been reported in this book of Naqliyat (Parables). Apart from this, the books, Hujjat al-Munsifeen, Insaf Nama, Mau-lood written by Miyan Abdur Rahman RZ , Matla-ul-Vilayat and others, too have reported them. Hazrat Shah Qasim Mujtahid-e-Giroh RA has reported a hundred Miracles of Hazrat Mahdi AHS in his book, Afzal-ul-Mu'jizat. The Miracles have been reported in Chapter (36) of Shawahid-ul-Vilayat also. They have also been reported in the books of non-Mahdavi writers. To enumerate all these will add to the bulk of this book. This is not the occasion to give details. Among his Miracles, some very important information of the Unknown and the Unseen is found. A couple of them are as follows:

1) It is narrated that after giving final advice to his companions on his death bed, Hazrat Mahdi AHS said, "If anybody has any doubt about my being the Mahdi-al-Mau'ood, or somebody wants to test (the veracity of my claim to Mahdiship), let him check in the shroud after placing my body in the grave. If they find me there, then believe that this servant of Allah was not the Mahdi-al-Mau'ood." After placing the body in the grave, his son Hazrat Bandagi Miran Syed Mahmood RZ recalled the saying of Hazrat Mahdi AHS, searched in the shroud and found that the shroud was empty.This is a very important prediction, which Hazrat Mahdi AHS challengingly made the basis of the proof of his staking the claim to Mahdiship. Had this prediction not come true, his followers would not have stayed at Farah in Afghanistan and continued the work of the propagating his religion.

2) Hazrat Mahdi AHS was delivering the bayan of the Quranic Verse,"So those who fled and were driven forth from their homes and suffered damage in My cause, and fought and were slain, verily I shall remit their evil deeds from them." Explaining all the four ingredients of this Verse, Hazrat Mahdi AHS said, "These attributes are also of this servant of Allah and his Qaum/ community. The first three ingredients have come to happen. The fourth is yet to manifest. And since this servant is the Viceregent of Allah, no power on earth will overpower him. It will manifest through Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ (companion, son-in-law and second successor of Hazrat Mahdi AHS). He will be my substitute. This is the burden of the attribute of the seal of the Sainthood of Prophet Muhammad SAWS. The bearer of this burden will have his head separated, his body separated and his skin too will be separated." Further, tying two swords on either side of Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ, Hazrat Mahdi AHS said, "When the battle takes place, the first day you will be victorious, even if the entire forces of the world are fighting against you and you are alone. This will be the proof of the veracity of the Mahdiship of this servant of Allah. In other words, if this does not happen, believe/consider that I am not the Mahdi-al-Mau'ood." Later events have proved that the predictions of Hazrat Mahdi AHS have come true some twenty years after Hazrat Mahdi AHS's demise. And today, there are his graves at three places, Sudrasan, Patan and Chapanir in Gujarat. Further details will be known in the Tauzih of parables 174 and 177.

☆☆☆☆☆

توضیح روایات در بیان انکارِ مہدی

انکارِ مہدیٔ موعودؑ کفر ہونے کے بارے میں جو روایات باب دوم میں بیان ہوئی ہیں اُن کے متعلق کسی مزید تشریح کی ضرورت نہیں۔ روایت (3) کی توضیح میں آئیہ کریمہ " اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ " کے تحت بحث کی جاچکی ہے۔ اِس کے علاوہ جب کہ بعثتِ مہدیٔ موعودؑ کی ضرورت احادیثِ رسول اللہ ﷺ سے بھی ثابت ہے تو بعثتِ مہدیٔ موعودؑ یا بعثت کے بعد ذاتِ مہدیٔ موعودؑ کا انکار فی الحقیقت احادیثِ شریفہ کا انکار ہو گا۔ اور یہ یقیناً کفر ہے۔

ان احادیث وجود المهدی وخروجه فی اٰخرالزمان وانه من عترة رسول الله من ولد فاطمة بلغت حدالتواتر المعنوی فلا معنی لانکارها۔ومن ثم وردمن کذب بالدجال فقد کفرومن کذب بالمهدی فقد کفرواه ابوبکر الاسکاف فی فواید الاخبارو ابوالقاسم اسمعیل فی شرح السیر۔(اشاعة فی اثیرالساعة)

ترجمہ:- یعنی مہدیؑ کا وجود اور آخر زمانے میں اُن کا خروج ہونے اور آلِ رسول و اولادِ فاطمہؓ سے ہونے کے بارے میں احادیث تواترِ معنوی کا درجہ رکھتی ہیں اِس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی۔ اسی لیے (یہ حدیث) وارد ہوئی ہے کہ جس نے (اخراج) دجال کا انکار کیا کافر ہے اور جس نے مہدیؑ کا انکار کیا کافر ہے۔ ابو بکر اسکاف نے فواید الاخبار میں ابوالقاسم اسمٰعیل نے شرح السیر میں اِس کی روایت کی ہے۔

متواترات موجبِ یقین ہوتے ہیں اِن کا انکار بالاتفاق کفر ہے۔ مہدیٔ موعودؑ سے متعلقہ احادیث کے تواتر معنوی کو تسلیم کر لیا گیا ہے اس لئے آمدِ مہدیٔ موعودؑ کا اور آمد کے بعد ذاتِ مہدیٔ موعودؑ کا انکار کفرِ مسلم ہے۔ یہ انکار از روئے احکامِ شرعیہ کفر تو ہے لیکن اِس کا یہ مطلب نہیں کہ آدمی آدمی کو کافر کہتے پھریں چنانچہ روایت نمبر 29 ملاحظہ ہو کہ صحابہ کرامؓ نے بغیر عبارت یعنی آیت و حدیث کے بغیر کسی کو کافر نہ کہنے پر گفتگو فرمائی ہے۔ اور خراسان میں بعض برادرانِ دائرہ کی نسبت حضرت امامناؑ کی خدمت میں شکایت پیش ہوئی کہ شہر میں جا کر لوگوں کو کافر کہتے پھرتے ہیں تو حضرتؑ نے اُن لوگوں کو سزا دینے کا حکم صادر فرمایا تھا اور یہ روایت متفق علیہ ہے۔

اِسی طرح تبلیغِ دین میں موعظۂ حسنہ کے جو اُصول ہیں اُن کی پوری پوری پابندی کی جاتی تھی۔ روایت (40) میں ملاحظہ ہو کہ

ایک ضدی عالم حضرت مہدی علیہ السلام سے بے ہودہ بحث کر رہا تھا ایک برادر نے تنگ ہو کر عرض کیا کہ میرا نجیؑ! آپؑ کیوں سر خالی فرمارہے ہیں۔ فرمایا بندہ کو خدائے تعالیٰ نے اِسی لئے تو بھیجا ہے۔

امامنا علیہ السلام نے اپنی صداقت کی تفہیم کے لیے ہر ممکن طریقہ اختیار فرمایا ہے۔ چنانچہ روایت نمبر (83) ملاحظہ ہو کہ حضرتؑ کی عادتِ شریفہ تھی کہ بیانِ قرآن کے وقت اہلِ فہم کو قریب بلایا کرتے تھے اگرچہ وہ مفلس و محتاج ہی کیوں نہ ہو۔ آپؑ کے صحابۂ کرامؓ کا بھی یہی طریقہ تھا۔ روایت نمبر (41) کے ملاحظہ سے ظاہر ہو گا کہ حضرت سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ سے بیانِ قرآن کے وقت یا خانگی ملاقات کے وقت کوئی شخص بے ڈھنگا سوال کرتا تو آپؓ اُس کو سوال کا طریقہ بتلاتے اور سمجھاتے کہ تمہارے سوال کا یہ مقصد ہو گا۔ لیکن تنگ نہ ہوتے تھے۔ بلکہ کسی مہاجرؓ نے بھی سوال کرنے والے سے بیزاری نہیں کی اور نہ کسی کو سوال سے باز رکھا ہے اور نہ کسی کو اپنی بات پر اعتقاد رکھنے پر مجبور کیا ہے۔ بلکہ فرمایا کرتے کہ جو بات مشکل ہو اُس کی تحقیق کر لیا کرو ورنہ وبال تمہاری گردن پر رہے گا۔

نیز روایت (57) ملاحظہ ہو کہ ایک عالم عہدہ دار سے حبِ دنیا کفر ہونے پر بحث ہوئی تھی۔ اِس نے ضد سے اپنے آپ کو محبِ دنیا قرار دینے کی کوشش کی تو آپؑ نے تین بار تفہیم فرمائی کہ تم کلمہ گو ہو تم میں ایسی صفت نہیں ہونی چاہیئے جس کی قرآن مذمت کر رہا ہو۔ اِس پر بھی وہ مصر رہا تو اُس نوبت پر بھی آپؑ نے یہ نہ فرمایا کہ میں تم کو کافر کہتا ہوں بلکہ فرمایا خدائے تعالیٰ کے حکم سے تم کافر ہیں۔ اِس پر قرآنِ شریف کی آیت بھی آپؑ نے سنادی۔

کسی فرد یا کسی فعل کے اچھا ہونے یا برا ہونے کا معیار احکامِ شرع ہیں۔ اہلِ سنت کا یہی عقیدہ ضابطہ ہے۔

الحسن ما حسنه الشرع والقبح ما قبحه الشرع۔

یعنی جس کو شرع اچھا قرار دے وہی اچھا ہے۔ جس کو برا قرار دے وہی برا ہے۔

بے حکمِ شرع آب خوردن خطا است☆☆ و گر خوں بریزی بفتویٰ روا ست (سعدیؒ)

حاصل یہ کہ احکامِ شرع کی رؤ سے مہدیٔ موعودؑ کا انکار کفر ثابت ہے اور اِس کا اطلاق بلالحاظِ قلت و کثرت ہو گا جیسا کہ ہر خلیفتہ اللہ کی بعثت کے وقت دنیا کے انسان مؤمن و کافر دو جماعتوں میں تقسیم ہوتے آئے ہیں۔

روایت(51) کی توضیح "قَاتِلُوْا وَ قُتِلُوْا" کی روایات میں(176، 177) کے تحت تفصیلاً بیان ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور روایت (50 تا 55) میں مخالفین کے گھر جانے کی ممانعت وغیرہ سے متعلق جو بیان ہے اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت امام علیہ السلام سے خصوصاً قاضی و علماء و مشائخین نے سخت مخالفت برپا کی تھی۔ اور اِس کا زیادہ تر سبب یہ تھا کہ حضرتؑ کے احکام و تعلیمات کے لحاظ سے اُن لوگوں کی روش پر از روئے دین کاری ضرب لگ رہی تھی انکار، مکر و فریب اور اُن کی دنیا پرستی اور بد اعمالیاں بے نقاب ہو رہی تھیں۔ ایسی صورت میں امام علیہ السلام نے اپنے متعبین کو اُن لوگوں سے روابط نہ رکھنے کی ہدایت فرمائی۔ کیوں کہ مہدوی جہاں جاتے تھے تو اُن کو الٹی حجتوں سے برگشتہ کرنے کی کوشش کرتے یا اُن کو جھگڑے میں مبتلا کر دیتے تھے اس لیے امامؑ نے فتنہ و فساد سے بچانے کی تدبیر اختیار فرمائی۔

اور روایت(55) میں یہ آیت بھی بیان ہوئی ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾ (سورۃ ال عمران)

ترجمہ:- اے لوگو! جو ایمان لا چکے ہو اگر تم اہلِ کتاب سے کسی فریق کی پیروی اختیار کرو گے تو وہ تمہارے ایمان کے باوجود تم کو کفر کی حالت کی طرف پھیر دیں گے۔

اِس سے یہ بات معلوم ہو رہی ہے کہ مخالفین کی صحبت، اہلِ ایمان کے لئے مضر ہوا کرتی ہے اِس لیے بھی حضرتؑ نے منع فرمایا ہے۔ علماء و مشائخین کی طرف سے اِس شدت کی مخالفت کے بارے میں حضرت محی الدین ابنِ عربیؒ نے فتوحاتِ مکیہ کے باب 33 میں پہلے ہی پیشگوئی فرمادی تھی کہ:-

ازاخراج ھٰذاالامام فلیس له عدو مبین الالفقها خاصة لانهم لا یبقی ریا ستهم۔

ترجمہ:- جب امام مہدیؑ کا ظہور ہو گا تو خصوصاً فقہاو علماء ہی اُن کے کھلے دشمن ہوں گے کیوں کہ اُن کی حکومت باقی نہ رہے گی۔

☆☆☆☆☆

Roman: Tauzih-e-Riwayaat Dar Bayan-e-Inkaar-e-Mahdi AHS

Inkaar-e-Mahdi-e-Mau'ood Kufr hone ke bare mein jo Riwayaat Bab Duwwam mein bayan huwi hain un ke mutaliq kisi mazeed Tashreeh ki zaroorat nahin. Riwaya (3) ki tauzih mein Aayat-e-Kareema :-

" اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ " **ke tahet bahes ki ja chuki hai. Is ke ilawah jab ke Baisat-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS ki zaroorat Ahaadees-e-Rasoolullah SAWS se bhi sabit hai to Baisat-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS ya Baisat ke ba'ad Zaat-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS ka Inkaar fil-haqeeqat Ahaadees-e-Shareefah ka Inkaar hoga. Aor yeh yaqeenan Kufr hai.**

ان احادیث وجود المهدی و خروجهٖ فی اٰخرالزمان و انه من عترة رسول الله من ولد فاطمة بلغت حدالتواتر المعنوی فلا معنی لانکارها۔ومن ثم وردمن کذب بالدجال فقد کفرومن کذب بالمهدی فقد کفرواه ابوبکر الاسکاف فی فواید الاخبارو ابوالقاسم اسمعیل فی شرح السیر۔(اشاعة فی اثیرالساعة)

Translation:- Ya'ni Mahdi AHS ka wujood aor Aakhir zamane mein un ka khurooj hone aor Aal-e-Rasool wa Aal-e-Fatima RZ se hone ke bare mein Aahadees Tawatur-e-Maanawi ka darja rakhti hain is ke inkar ki koi wajhe nahin hosakti. Isi liye (Yeh Hadees) warid huwi hai ke jis ne (Ikhraaj) -e-Dajjal ka Inkar kiya Kafir hai aor jis ne Mahdi AHS ka Inkar kiya Kafir hai. Abu Bakar Askaf ne Fawaid-ul-Akhbar mein Abul Qasim Ismael ne Sharah-ul-Sier mein is ki Riwayat ki hai.

Mutawatiraat Mujib-e-Yaqeen hote hain in ka Inkaar bil-ittefaaq Kufr hai. Mahdi-e-Mau'ood AHS se muta'liq a Ahaadees ke Tawatur-e-

Ma'nawi ko Tasleem karliya gaya hai is liye Aamad-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS ka aor Aamad ke ba'ad Zaat-e-Mahdi-e-Mau'ood ka Inkaar Kufr-e-Musallam hai. Yeh Inkaar az-roo-e-Shariya Kufr to hai laikin is ka yeh matlab nahin ke Aadmi Aadmi ko Kafir kahte phirein chunache Riwayat Number 29 mulaheza ho ke Sahaba-e-Kiram RZ ne baghair Ibarat ya'ni Aayat wa Hadees ke baghair kisi ko Kafir na kahne par guftugo farmaee hai. aor Khurasan mein ba'az Biradara-e-Daira ki nisbat Hazrat Imamuna AHS ki khidmat mein shikayat paish huwi ke shaher mein jakar logaun ko Kafir kahte phirte hain to Hazrat AHS ne un logaun ko saza dene ka Hukm sadir farmaya tha aor yeh Riwayat muttafiq ilaih hai.

Isi tarha tableegh-e-deen mein muaez-e-hasana ke jo osool hain in ki poori pabandi ki jati thi. Riwayat 40 mein mulaheza ho ke aik Ziddi Aalim Hazrat Mahdi AHS se be-huda bahes kar-raha tha aik biradar ne tang ho-kar arz kiya ke Miranji! Aap kuin sar khali farma-rahe hain. Farmaya Bande ko Khuda-e-Ta'ala ne isi liey to bhaija hai.

Imamuna AHS ne apne Sadaqat ki tafheem ke liey har mumkin tareeqa ikhtiyaar farmaya hai. Chunache Riwayat number 83 mulaheza ho ke Hazrat AHS ki a'dat-e-sharifah thi ke Bayan-e-Qur'aan ke waqt Ahle-Fahm ko qareeb bulaya karte the agar-che woh muflis wa muhtaaj hi-kuin-na-ho. Aap AHS ke Sahaba-e-Kiram RZ ka bhi yahi tareeqa tha. Riwayat number 41ke mulaheze se zahir hoga ke Hazrat Syed Khunmir RZ se Bayan-e-Qur'aan ke waqt ya khangi mulaqaat ke waqt koi shakhs be-dhanga suwal karta to Aap RZ us-ko suwal ka tareeqa batlate aur samjhate ke tumhare suwal ka yeh maqsad hoga. Laikin tang na hote the. Bulke kisi Muhajir RZ ne bhi suwal karne wale se be-zaari nahin ki aur na kisi ko suwal se baaz rakha hai aur na kisi ko apni baat par aiteqaad rakhne par majboor kiya hai. bulke farmaya karte ke jo baat mushkil ho us-ki tahqeeq karliya karo warna wabal tumhari gardan par rahega.

Neez Riwayat 57 mulaheza ho ke aik Aalim Ohdedaar se Hubb-e-Duniya Kufr hone par bahes huwi thi is ne Zid se apne-aap ko Muhibb-e-Duniya qarar dene ki koshish ki to Aap AHS ne teen bar tafheem farmaee ke tum

Kalimah-Go ho tum mein aisi sifat nahin honi chahhiye jis-ki Qur'aan mazammat kar-raha-ho. Is-par bhi woh musir raha to uss naubat par bhi Aap AHS ne yeh na farmaya ke mein tum ko Kafir kahta huin balke farmaya Khuda-e-Ta'ala ke Hukm se tum Kafir hain. Is-par Qur'aan-e-Shareef ki Aayat bhi Aap AHS ne sunadi.

Kisi fard ya kisi fail ke achcha hone ya na hone ka ma'yar Ahkaam-e-Shara' hain Ahl-e-Sunnat ka yahi aqeedah zabeta hai.

الحسن ما حسنه الشرع والقبح ما قبحه الشرع۔ **Ya'ni jis ko Shara' achcha qaraar de wahi achcha hai. Jis ko bura qaraar de wahi bura hai.**

بے حکمِ شرع آب خوردن خطا است ☆☆ و گر خوں بریزی بفتویٰ روا ست (سعدیؒ)

Hasil yeh ke Ahkaam-e-Shara' ki roo' se Mahdi-e-Mau'ood AHS ka Inkaar Kufr sabit hai aor is ka Itlaaq Bila Lehaaz-e-Qillat wa Kasrat hoga. Jaisa ke Khalifatullah ki bai'sat ke waqt duniya ke insan Mo'min wa Kafir do jama'taun mein taqseem Hote Aaye hain.

Riwayat 51 ki tauzih "قَاتِلُوْا وَ قُتِلُوْا" ki tauzih ki Riwayaat **mein 176,177 ke tahet tafseelan bayan hogi. In Sha Allahu Ta'ala aur Riwayat 50-55 mein Mukhalifeen ke ghar jane ki muma'niyat waghairah se muta'liq jo bayan hai is se Zahir hota hai ke Hazrat Imamuna AHS se khusoosan Qazi wa Ulama wa Masha-yekheen ne sakht mukhalifat barpa ki thi. Aor is ka ziyadah tar sabab yeh tha ke Hazrat AHS ke ahkaam wa talimaat ke lehaz se un-logaun ki rawish par az rooey-Deen kari zarab lag rahi thi inkaar, makr wo faraib aor un-ki Duniya-Parasti aur Bad-Aamaaliyan be-niqaab ho-rahi thein. Aisi soorat mein Imamuna AHS ne apne Muta'bieen ko un-logaun se rawabita na rakhne ki Hidayat farmaee. Kuin-ke Mahdavi jahan jaate the to un-ko olti hujjataun se bargashtah karne ki koshish**

karte ya un-ko jhagde mein mubtela kardete the is-liey Imamuna AHS ne Fitna wa Fasad se bachne ki tadbeer ikhtiyar farmaee.

Aor Riwayat 55 mein yeh Aayat bhi bayan huwi hai.

يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًامِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُواالْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾ (سورة اٰل عمران)

Translation:- Aey logo jo Iman lachuke ho agar tum Ahl-e-Kitab se kisi fareeq ki pairavi ikhtiyaar karoge to woh tumhare Eiman ky bawajood tum ko kufr ki halat ki taraf phair deinge.

Is-se yeh baat maloom ho rahi hai ke Mukhalifeen ki sohbat, Ahl-e-Eiman ke liey muzir huwa karti hai. Is-liey bhi Hazrat AHS ne mana' farmaya hai. Ulama wa Mashayekheen ki taraf se is-shiddat ki mukhalifat ke bare mein Hazrat Muhiyuddin Ibn Arabi RA ne Futuhaat-e-Makkiya ke Bab 33 mein pahle hi pai-sheengoee farmadi thi ke:-

ازاخراج هٰذاالامام فليس له عدو مبين الالفقها خاصة لانهم لا يبقى ريا ستهم۔

Translation:- jab Imamuna Mahdi AHS ka Zahoor hoga to khusoosan Fuqaha wa Ulama hi un-ke khule dushman honge kuin-ke un-ki hukumat baqi na rahe-gi.

☆☆☆☆☆

Disavowal of Mahdi AHS

There is no need for any further elucidation about the parables wherein the disavowal of Hazrat Mahdi Mau'ood AHS has been called Kufr (Infidelity). We have already discussed the Quranic Verse, "Afaman-kaana'alaa Bayyi-na-tim-mir-Rabbi-hii "…. under the Parable 3. Besides, while the need for the advent of Hazrat Mahdi AHS has been proved also by the Traditions of Prophet Muhammad SAWS , the disavowal of the advent of Hazrat Mahdi AHS or the zaath of Hazrat Mahdi AHS after his advent would be tantamount to the disavowal of the relevant Traditions of

the Prophet Muhammad SAWS. And this is obviously is Kufr (Infidelity). The Traditions about the existence (wujood) of Hazrat Mahdi AHS, his emergence (Khurooj) in the Last Era and his being from among the descendants of Hazrat Fatima RZ and Prophet Muhammad SAWS have the rank of the constancy in meaning and there is no reason why they should be disavowed. Hence, this "Tradition of the Prophet SAWS is that he who disavowed of the emergence of Dajjal (Anti-Christ) is a Kafir and he who disavows Hazrat Mahdi AHS is a Kafir." Abu Bakr Askaf and Abul Qasim As-hal have reported this in their books, Fawaid-ul-Akhbar and Sharah as-Sier, respectively. The Traditions with constancy are always reliable. The constancy in the meaning of the Traditions about Hazrat Mahdi AHS has been established. Hence, the disavowal of the advent of Hazrat Mahdi AHS and of his zath after his advent is admittedly Kufr. It is also Kufr under the rules of Shariat, but it does not mean that one goes around calling people as Kafir. Please note that in Parable 29 that the Companions of Hazrat Mahdi AHS had discussed the question of not calling anybody a Kafir without explaining, with reference to the relevant Quranic Verses and the Traditions of Prophet SAWS, why one is called a Kafir. Further, some people had complained to Hazrat Mahdi AHS that his companions went into the city in Khurasan and called people Kafir. Hazrat Mahdi AHS had ordered that such people should be punished. This parable is unanimously accepted as true.

Similarly, all the principles of delivering the sermons for the propagation of the religion were strictly followed. Please note that an adamant scholar was asking silly questions of Hazrat Mahdi AHS and a brother of the daira, disgusted at the situation, requested Hazrat Mahdi AHS, "Miranji, why are you wasting your time with him?" Hazrat Mahdi AHS, however, told the brother, "Allah Most High has sent this servant to waste his time in such discussions."

Hazrat Mahdi AHS adopted every possible means to explain the truth of his mission. It was his habit to call the intelligent people, even if they were

poor and needy, to come and sit near him at the time of the Bayan of Qur'aan. That was the practice of his companions too. Similar was the practice of Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ, during the Bayan of Qur'aan or at personal meetings. If somebody asked irrelevant or badly phrased questions, Bandagi Miyan RZ would rephrase his question and

would say, "This was the purpose of your question." But he would not be disgusted. No Migrant-Companion/Muhajir RZ of Hazrat Mahdi AHS would be disgusted at the questionings. None was prohibited from asking. Nor did they insist on accepting any belief. They used to ask their companions to get their doubts clarified. Otherwise, they said, "The blame would be on you." Hazrat Mahdi AHS was discussing with an official, who was also a scholar, the question of the love of the world being infidelity. The scholar-official adamantly tried to prove that he had love for the world. Hazrat Mahdi AHS tried thrice to convince him that he (the official) recited the Islamic testification, "There is no god but God, "La ilaha illa Llah," and that he should not have any love of the world, an attribute the Qur'aan had forbidden, in him. In spite of all this, he insisted on his love for the world. But, even at this stage, Hazrat Mahdi AHS did not tell him, "I call you a kafir." All he said was, "Then you are a Kafir under the command of Allah." And he recited a (relevant) Quranic Verse to bring home his point.

The norms to judge whether a person or a deed is good or bad are the rules of Shariyat. This is the belief of the Ahl-e-Sunnat.

الحسن ما حسنه الشرع والقبح ما قبحه الشرع۔

Whatever the Shariyat decrees to be good is good. That which Shariyat decrees as bad is bad.

بے حکمِ شرع آب خوردن خطا است ☆☆ و گر خوں بریزی بفتویٰ روا ست (سعدیؒ)

In short it concludes, according to Shariyat, the Disavowal of Hazrat Mahdi AHS is proved to be Kufr/Infidelity, and this applies without

consideration of its quantum, as has happened at the advent of every Viceregent of Allah/ Khalifatullah, when the people of the world are divided into two groups: Momineen and Kafireen/Believers and Disavowers or Infidels.

The explication of the parable 51 will come under the head, "Explica

-tions/Explanations of parables 176 and 177 " pertaining to fought and fallen Wa qaatalu wa Qutilu, Allah willing. In parables 50 to 55, there is restriction on visiting the houses of the opponents of Hazrat Mahdi AHS. This shows that the Qazis, the Ulama and Mashayekheen had become the bitter opponents of Hazrat Mahdi AHS. The reason behind the opposition was that the teachings and commands of Hazrat Mahdi AHS had, from the point of view of the religion, very adversely affected them. Their love for the world, Evil Deeds, cheating and deceit were being exposed day in and day out. In these circumstances, Hazrat Mahdi AHS had advised his followers to avoid contacts with them, because, whenever the Mahdavis went to them, they tried to mislead them with their false arguments or involve them in disputes. Hence, Hazrat Mahdi AHS devised a way to avoid tension and strife.

In parable 55, a Quranic Verse is quoted. It says,

يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًامِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُواالْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾ (سورة اٰل عمران)

“O’ you who believe! Were you to obey some of those who have been given the Book, they would turn you unbelievers after you have believed.” This shows that the company of the opponents becomes harmful to the believers. Hence, Hazrat Mahdi AHS interdicted his follow- ers. Hazrat Muhiyuddin Ibn Arabi RA had already predicted the severe opposition to the Imam AHS from the Ulama and Mashayakheen thus: “The Ulama and the Fuqaha will particularly be the open enemies Hazrat Mahdi AHS after his advent because their influence/athouraty among the people will diminish.”

☆☆☆☆☆

توضیح روایات دربیانِ اقتدائے منکرین

اقتدائے منکرین جائز نہ ہونے کے بارے میں جو روایات (42 تا 49) بیان ہوئی ہیں اُن پر تبصرہ کی چنداں ضرورت نہیں کیونکہ انکارِ مہدیٔ موعودؑ از روئے احکام شرعیہ کفر ثابت ہے اس لیے منکرین کی اقتداء ناجائز ہونا کسی بحث کا محتاج نہیں۔ ائمہ اربعہؒ کے اختلافات جن مسائل میں پائے جاتے ہیں وہ اگرچہ کہ فروعی اختلافات ہیں اِس کے باوجود مسائل کے احکام کی وجہ ایک امام کا پیرو، دوسرے امام کے پیرو کی اقتداء نہیں کر سکتا کیوں کہ ایک امام کے مسئلہ کے تحت وضو ہو جاتا ہے اور دوسرے امام کے تحت نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں آخر الذکر امام کا پیرو اول الذکر امام کے پیرو کی اقتداء نہیں کرے گا کیونکہ اِس کے امام کے مسئلہ کے حکم کے لحاظ سے اِس کی نماز بے وضو قرار پاتی ہے جب کہ فروعی مسائل کے اختلاف کی یہ صورت ہے تو مہدیٔ موعودؑ کی ذات سے اختلاف جو کہ اُصولِ دین سے اختلاف کے حکم میں داخل ہے یقیناً مانعِ اقتداء ہے۔ خصوصاً نمازِ پنجگانہ ایسی عبادت ہے جس کے لیے امام صحیح الاعتقاد ہونا ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆

ROMAN: TAUZIH RIWAYAAT DAR BAYAN-E-IQTEDA-E-MUNKIREEN

Iqteda-e-Munkireen Jaez na hone ke bare mein jo Riwayaat 42,43, 44,45, 46,47,48,49 bayan huwee hain un par tabsere ki chandan zaroorat nahin kuin ke Inkaar-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS az roo-e-Ahkaam-e-Shariya Kufr sabit hai is liye Munkireen ki Iqteda' na jaez hona kisi bahes ka muhtaaj nahin. Aemma-e-Arbaa' RA ke ikhtelaf jin masael mein paye jate hain woh agar che Faroee ikhtelafaat hain is ke ba-wujood masael ke ahkaam

ki wajhe aik Imam ka pairo dosre Imam ke pairo ki Iqteda' nahin kar sakta kuin ke aik Imam ke masa 'le ke tahet Wuzu ho jata hai. Aor dosre Imam ke tahet nahin hota. Aisi surat mein Aakhir-uz-Zikr Imam ka pairo Awwal-ul-Zikr ke pairo ki Iqteda nahin

kare ga kuin ke is ke Imam ke mas'ale ke Hukm ke lehaz se is ki Namaz be Wa-zu qaraar pati hai jab ke Faroee masael ke ikhtelaf ki yeh surat hai to Mahdi-e-Mau'ood AHS ki zath se Ikhtelaf jo ke Osool-e-Deen se Ikhtelaf ke Hukm dakhil hai yaqeenan ma'ne-e-Iqtedaa' hai. khusoosan Namaz-e-Panj-gaana aisi ibadat hai jis ke liye Imam Sahin-ul-Aeteqaad hona zaroori hai.

Following Disavowers in Prayers

42. O friend! Know it well that Hazrat Mahdi AHS has prohibited joining prayers (Namaz) led by those who disavowed him. He has said that "If you have said prayers under the leadership of such a person by mistake, say your prayers again."

43. It is narrated that at the time when opposition was on the increase at the town of Thatta (in Sindh province, now in Pakistan) to such an extent that a battle appeared to be imminent, some of the companions told Hazrat Mahdi AHS that they had said their prayers (Namaz) in the leadership of a person, opposed to Hazrat Mahdi AHS. Hazrat Mahdi AHS instructed, "Say your prayers again." A question was raised, "What should we do if we are one or two." Hazrat Mahdi AHS said, "Go in a group and say your prayers in your congregation (ba- Jama'at)."

If Hazrat Mahdi AHS were to send somebody on an errand, he would send at least two persons, so that they could say their prayers in congregation (ba-jama'at).

44. Further, it is narrated that all the migrant-companions (of Hazrat Mahdi AHS), including Bandagi Miyan Syed Khundmir, Miyan Nizam, Miyan Ne'mat, Miyan Malikjeo, Miyan Abu Bakr and Bandagi Miyan Syed Salamullah and others (Allah may be pleased with them all), met at Bhadriwali Village at the time of Asr (late afternoon) prayers. The topic under discussion was that "If a person says his prayers under the leadership (Imamat) of a munkir (non-Mahdavi), we would call him a khariji (out-caste). After this, Miyan Nizam RZ asked Miyan Abu Bakr RZ and Miyan Syed Salamullah RZ, What is your practice because opponents (Mukhalifeen) also live in your Daira." Bandagi Miyan Syed Salamullah RZ was annoyed and said, "We will deal with the situation when we encounter with it." Bandagi Miyan Nizam RZ said, smiling, "You have become a kharij in this majlis."

45. Further, it is narrated that Hazrat Mahdi AHS said, "Why do you go to a place where you have to say your prayers in the leadership (Imamat) of a Munkir?"

46. Further, it is narrated that Bandagi Miyan Shah Nizam RZ was delivering his sermon inviting people to (join the religion). After the sermon was over, he stood up and said, "Hazrat Mahdi AHS has said, "Why do you go to a place where it becomes necessary (for you) to say your prayers in the Iqtida of a Munkir (a person who has disavowed Hazrat Mahdi AHS)?"

47. Further, it is narrated that in the town of Nahrvala, Shaikh Ahmad Muallim (teacher) advanced (towards the niche Mehrab) to lead the Maghrib prayers. Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ pulled him back, saying, "You are a Munkir-e-Mahdi AHS saying prayers in your leadership is not permitted."

48. Further, it is narrated that a teacher expressed the desire to lead the prayers in the congregation (Majlis) of Bandagi Miran Syed Mahmood RZ.

A brother of the Daira pulled him back saying, "You are a Munkir of Mahdi AHS, saying prayers in your Iqtida is not permitted."

49. Further, it is narrated that Imam-e-Zaman, Khalifat-ur-Rahman (that is, Hazrat Mahdi AHS) was free from bid'at (innovations) and was the one who revived iman and sunnat (faith and practice of Prophet SAWS) and eradicated false customs and religions. His Companions had assembled after the Zuhr (afternoon) prayers. One of them said, "Why did Hazrat Mahdi AHS say his Friday and festival (Eid) prayers in the leadership (Imamat) of the Munkireen if saying the prayers in the leadership of Munkireen was not permitted (Najaiz)?" After this, Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ, Bandagi Miyan Shah Ne'mat RZ and others said, "We will not go into all that. We will do what Hazrat Mahdi AHS has asked us to do. And we will not do what Hazrat Mahdi AHS has asked us not to do." There is no need to comment on the illegality of following disavowers of Hazrat Mahdi AHS as leaders in daily congregational obligatory ritual prayers, which is dealt with in parables 42 to 49,1 (quoted above) because the disavowers of Hazrat Mahdi AHS have been proved to be Kafirs (Infidels) under the Rules of Shariat and this renders any discussion on the matter superfluous. The differences among the four Imams of Fiqh on any given issue relate to practical aspects of religious doctrine and are of a minor nature. Despite this, the follower of one Imam cannot follow the follower of another Imam in congregational prayers, because according to one Imam Wuzu (Ablutions) may be perfect while according to another Imam it may not be perfect. In such a case, the follower of the latter Imam will not follow the follower of the former Imam in congregational prayers, because the prayer-leader is be-Wuzu (without ablutions) according to the ruling of the latter Imam. When the situation is so serious even in the minor differences, the disavowal of Hazrat Mahdi AHS, which is a point of controversy in the principles of religion, the following of a disavower in congregational prayers is taboo. In the ritual obligatory prayers said five

times a day in congregation, it is necessary that the prayer-leader should be of correct beliefs (Sahih-ul-Iteqaad).

☆☆☆☆☆

توضیح روایات در بیانِ عشق

کہنے کو تو عشق ایک معمولی لفظ ہے لیکن مجاز و حقیقت، امکان اور وجوب کے عجیب و غریب نازک معانی و مطالب کا حامل ہے۔ فلاسفہ اور علمائے محققین نے اِس پر بہت طویل و دقیق بحثیں کی ہیں۔ ہم یہاں اِس کی ایک اہم نوعیت کا اجمالاً بقدر ضرورت ذکر کرتے ہیں جس سے حضرتِ خاتمین علیہما السلام کا مرتبہ اور اُن کی بنیادی خصوصیات کا علم ہو سکے گا۔

بحر العلوم علامہ شمسی مرحومؒ نے جلاء العنیین میں لکھا ہے:-

"واضح ہو کہ عشق کمالِ محبت کا نام ہے۔ اگر یہ صفت ممکنات میں نفوس "ناطقہ" سے متعلق کی جائے تو "زولِ علم و عقل" کے ساتھ پائی جاتی ہے۔ اِلَّا مَاشَاء اللہ اگر واجب تعالیٰ سے متعلق کی جائے تو کمالِ محبت، کمالِ علم کے ساتھ ماننا لازم ہو گا۔ یہاں (یہاں یعنی جب اِس کا تعلق واجب تعالیٰ سے ہو) اُس عشق کی بحث ہے جو ظہورِ حقیقت واجب تعالیٰ کا مقتضی ہو۔ واجب تعالیٰ کے عشق سے مراد وہ تحریک ذاتی ہے جو باطن واجب تعالیٰ کے ظہور کا سبب بنے۔ اِس کے یہ معنی ہیں کہ ایک ذات کے دو اعتبار ہیں۔ ایک اعتبارِ باطن دوسرا اعتبارِ ظاہر ہے۔ اعتبارِ اول سے مراد عاشق اور اعتبارِ ثانی سے مراد معشوق ہے۔ پس تجلیِ ذاتی کی تحریک سے ذات کا باطن ایک صیقل دار آئینہ بن گیا۔ جس میں باری تعالیٰ کے وجودِ ظاہر کا حسن جلوہ گر ہو گیا۔"

فخر الدین اعراقی نے "لمعات" میں بیان فرمایا ہے کہ:-

خود را درآئینہ عاشقی من حیث باطن الوجود الذی من خواصہ الامکان و معشوق من حیث ظاھر الوجود

الذی من لوازمه الوجوب۔ برخود عرض کرد و حسنِ خود را من حیث ظاہر الوجود بر نظر خود من حیث باطن الوجود جلوہ داد۔؟

لیکن بعض محققینِ صوفیہ مثلاً شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ اور مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ وغیرہ کا مذہب یہ ہے کہ زیرِ بحث نوعیت میں عاشق و معشوق میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اور تفصیلی دقیق بحث کے بعد یہ ثابت کیا گیا ہے کہ ایجادِ عالم کی یہی علت ہے۔ غرض صوفیہ کرام کے قول کے مطابق، عالمِ شہادت کی ہر جنس کا ظہور ہر ایک خاص اسم باری تعالیٰ سے ہوا ہے۔ اور حضرتِ انسان کا ظہور اسمِ جامع یعنی اسم "اللہ" سے ہوا ہے۔ حضرت شیخ اکبرؒ نے فتوحاتِ مکیہ جلد ثانی میں اِس کی بہت تفصیل بیان فرمائی ہے۔

اِس لحاظ سے عام افراد انسانی اگرچہ مظہر شیون الوہیت ہیں تاہم انبیاء علیہم السلام کا وجود اِس ظہور میں ممتاز ہے۔ سب کمالاتِ الوہیت و آثار اُن کے معجزات میں عرفان مآب ہستیوں کو نظر آتے ہیں۔

حاصلِ کلام یہ کہ محققینِ صوفیہؒ کا یہی مذہب ہے کہ آنحضرت ﷺ عشقِ حقیقی کے مظہرِ کامل ہیں۔ اِس مختصر اجمالی بحث سے واضح ہو جاتا ہے کہ موجوداتِ عالم میں عشق کی اکمل مظاہر ذات سرورِ کائناتؐ ہے۔ اور یہی حبِ ذاتی اور عشقِ حقیقی مبداء ولایتِ محمدیہؐ ہے۔ جسے عام اصطلاح میں تعینِ اول کہتے ہیں۔ اِس ولایت سے حضرت خاتم الانبیاء سرورِ کائنات موصوف ہیں اور اِس کے خاتم حضرت مہدیٔ موعود علیہ السلام ہیں۔ یعنی خاتمین علیہما السلام کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ حبِ ذاتی اور عشقِ حقیقی کے اکمل مظاہر ہیں۔

اِسی لیے شیخ محی الدین اکبرؒ نے "خصوص" میں حدیث کنت بیناء أدم بین الماء والطین (میں نبیؐ اُس وقت تھا جب کہ آدمؑ کی مٹی خمیر کی جا رہی تھی) کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

وغیرہ من الانبیاء ماکان نبیا لاحین بعث و کذالک خاتم الاولیاء کان ولیاء أدم بین الماء و الطین وغیرہ من الاولیاء ما کان ولیاء الا بعد تحصیل شرائط الولایة۔

ترجمہ:-(ازلی نبیؐ ہونے کی خصوصیت حضرت رسول اللہ ﷺ ہی کے لیے مخصوص ہے) آپؐ کے سوائے جتنے انبیاء ہیں نبی اُس وقت ہوتے ہیں جب کہ اُن کی بعثت ہو۔ اور اِسی طرح خاتم الاولیاءؑ اُس وقت سے ولی ہیں جب کہ آدم کی مٹی وہ خمیر کی جارہی تھی۔ خاتم الاولیاءؑ کے سوائے جو ولی ہوتے ہیں وہ اُس وقت ہوتے ہیں جب کہ اُن کو ولایت کی شرائط کی تحصیل ہو۔ اِس سے ظاہر ہے کہ جس طرح تمام انبیاء و مرسلین کی نبوت و رسالت میں اور حضرت خاتم النبیینؐ کی نبوت و رسالت میں مراتب و خصوصیات کا فرق ہے "تِلْکَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ"(سورۃ البقرہ-253) یعنی یہ حضرتِ مرسلین ایسے ہیں کہ ہم نے اُن میں بعضوں کو بعضوں پر فوقیت بخشی ہے۔

اِسی طرح تمام اولیاء کی ولایت اور حضرت مہدی علیہ السلام کی ولایت میں مراتب و خصوصیات کا فرق ہے۔ اور یہ دونوں قدسی صفات ہستیاں ازل ہی سے مرتبہ بسملہ پر فائز ہیں۔

خاتمِ ولایتِ محمدیہؐ کہنے کا یہ مطلب نہیں کہ حضرت مہدی علیہ السلام کے بعد ولایتِ عامہ بھی جاری نہ رہے گی کیونکہ مذہبِ مہدویہ میں دیدارِ خدا ممکن اور جائز ہے اور طلبِ دیدارِ خدا فرض ہے اور "دیدارِ خدا" "قربِ الٰہی" "ولایتِ عامہ" کا مفہوم ایک ہی ہے جب دیدارِ خدا ممکن ہے تو اُس کے یہ معنی ہیں کہ "قربِ الٰہی" یعنی ولایت سے بھی مشرف ہونا ممکن ہے۔ اور اِسی لیے "طلبِ دیدارِ خدا" فرض کی گئی ہے۔ حضرت مہدی علیہ السلام صرف ولایتِ محمدیہؐ کے خاتم ہیں جس کی ازلی خصوصیت آپؑ کو منجانب اللہ حاصل ہے۔

نفوسِ ناطقہ کے لحاظ سے صفتِ عشق کا اطلاق کمالِ محبت کے بعد کیا جاتا ہے۔ یعنی محبت کی انتہا پر عشق کی ابتداء ہوتی ہے۔ مندرجہ ذیل توضیحات سے ظاہر ہوگا کہ فرایضِ ولایت کا تعلق فی الحقیقت عشق ہی کے لوازم سے ہے۔

روایت(189) ملاحظہ ہو کہ امامنا علیہ السلام نے فرمایا:- طالب پر وہ کیا چیز فرض ہے جس کی وجہ خدا کو پہنچ سکے۔

پھر آپؑ ہی نے جواب فرمایا کہ وہ عشق ہے۔ عشق کس طرح حاصل ہو سکتا ہے! فرمایا کہ "دل کی توجہ ہمیشہ خدائے تعالیٰ کی طرف قائم رکھنے سے حاصل ہوتا ہے"۔

اور ایک موقع پر بطورِ تمثیل فرمایا کہ:-

"ایک شخص کا لڑکا گم ہو جائے تو والدین کے دل میں کس قدر تشویش پیدا ہو جاتی ہے اور اُن کا کیا حال ہو جاتا ہے؟ طالبانِ خدا نے عرض کیا کہ میرا نجیؑ والدین کو اپنے لڑکے کی محبت میں کھانا پانی سب زہر ہو جاتا ہے۔ نیند نہیں آتی جب تک لڑکا ہاتھ نہ آئے اُس کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔ امامناعلیہ السلام نے فرمایا۔ بھائیو! خدا کی طلب اور اُس کے عشق میں اُن والدین کی سی کیفیت ہو جانا چاہیے۔ پھر فرمایا لڑکے کا عشق تو بہت بڑا ہے ایک سوئی کے گم ہو جانے پر اُس کی تلاش میں جتنی توجہ کی جاتی ہے اتنا بھی خدا کی طرف متوجہ ہو جاؤ تو خدا کو پہنچ سکو گے۔" (شواہد اولایت)

اور روایت (218) ملاحظہ ہو کہ ایک دفعہ خراسان میں امامناعلیہ السلام عشق کا بیان فرما رہے تھے مولانا درویش محمدؓ نے جامہ چاک کرتے ہوئے نعرہ لگایا کہ ہم عشق کہاں سے لائیں۔ آپؑ نے فرمایا بندہ عشقِ کسبی کا بیان کر رہا ہے۔ کام کرو تا کہ عشق حاصل ہو سکے۔ عشقِ عطائی تو پیغمبروںؑ کا مقام ہے۔

دوسری روایات سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ امامناعلیہ السلام کی خدمت میں وہبی عشق سے سرفراز ہستیاں بھی موجود تھیں۔ روایت ہے کہ ایک روز میاں فہیم مہاجر رضی اللہ عنہٗ نے سیدنا علیہ السلام سے عرض کیا کہ میاں سید خوندمیرؓ و میاں عبدالمجیدؓ ہاتھ ملائے ہوئے باتیں کر رہے ہیں۔ اور زیادہ وقت ذکر اللہ میں نہیں بیٹھتے۔ آپؑ نے فرمایا:-

" نشستن کارِشما است که شما کاسب ہستید و کارِ ایشاں دیگر است۔ ایشاں را عطاست"
(انتخاب الموالید باب 11)

اِس سے معلوم ہوا کہ کاسب اور عطائی دونوں قسم کے صحابہؓ تھے۔ عشقِ وہبی کے لیے کسب کی ضرورت نہیں ہوتی صرف فیضِ صحبت کافی ہو جاتا ہے۔

چنانچہ روایت ہے کہ حضرت بندگی میاں سید محمود ثانیِ مہدیؓ کی عمرِ شریف 18 یا 19 سال کی تھی کہ آپؓ نے حجرہ کے باہر سے اِس "تعلیمِ بلاواسطہ" کا ذکر جو عطائے منصبِ مہدیت کے بارے میں حضرت امامناعلیہ السلام اپنی زوجۂ محترمہ بی بی الہدادی

رضی اللہ عنہا سے بیان فرمارہے تھے۔ سنتے ہی جذبۂ حقانی طاری ہو گیا بے ہوش ہو گئے۔ امامنا علیہ السلام کو منجانب اللہ خبر ہوئی تو گود میں اٹھا کر حجرے میں لے گئے۔ بی بیؓ سے فرمایا کہ دیکھو سید محمودؓ کا گوشت، پوست، استخواں بال بال اِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ہو گیا ہے۔ جب ہوش آیا تو آپؑ نے ذکرِ خفی کی تلقین کی۔ اور اُسی وقت بی بیؓ اور فرزندِ ارجمندؓ نے تصدیقِ مہدیتؑ کا شرف حاصل کیا۔

نیز حضرت سید خوندمیرؓ کی نسبت آپؑ نے فرمایا:-

" بھائی سید خوندمیر به استعدادِ تمام آمده بودید چراغ دان ، فتیله و روغن موجوده بود اما ہمیں یک کار افروختن باقی مانده بود۔ اکنوں از چراغِ ولایتِ محمدی روشن کرده است"۔

اِسی لیے امامنا علیہ السلام نے ایک دفعہ یہ بھی فرمایا کہ: " تصدیقِ بنده بینائی خدا " (حاشیه انصاف نامه)

اور اِسی لیے بعض صحابہؓ کو آپؑ نے پیغمبروں کے مقام کی بشارت دی ہے۔ اور حضرت رسول اللہ ﷺ نے بھی قومِ مہدیؑ کی نسبت ایسی ہی پیشگوئی فرمائی ہے۔ چنانچہ امام فخر الدین رازیؒ نے تفسیرِ کبیر میں ایک حدیث بیان کی ہے کہ:-

قال رسول الله صلی الله علیه و سلم انی لا عرف قوما هم بمنزلتی فقال الاصحاب کیف یکون یا رسول الله انت خاتم النبین و لا نبی بعدک فقال لیسوا من الانبیاء ولٰکن یغبطهم الانبیاء بقربهم و مقعدهم من الله وهم المتحابون فی الله۔ (جلد ثانی)

ترجمہ:- حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں ایسی قوم کو جانتا ہوں جو میری منزل میں ہے۔ اصحابؓ نے عرض کیا یا! رسول اللہ ﷺ ایسا کیسا ہو سکے گا جب کہ آپؐ خاتم النبیین ہیں اور آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں۔ آپؐ نے فرمایا وہ لوگ انبیاء تو نہیں ہیں لیکن اللہ سے اُن کے قرب و مقامِ قرب کی وجہ سے انبیاء اُن پر رشک کریں گے۔ اور وہ حق تعالیٰ سے محبت رکھنے والے ہونگے۔

گویا یہ حدیثِ شریف قرآنِ مجید کی آیت " فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰهُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّهُمْ وَ یُحِبُّوْنَهٗ "(سورة المآئدة۔54)

یعنی اللہ ایسی قوم کو لائے گا جس سے اللہ محبت رکھتا ہو اور وہ اللہ سے محبت رکھتے ہوں) کی تفسیر واقع ہوئی ہے۔ ہم اِس آیت اور حدیث پر فضائلِ صحابہؓ سے متعلقہ روایات کی توضیح میں بحث کریں گے انشااللہ تعالیٰ۔

مقامِ غور ہے کہ انسان کی اِس سے بلند معراج بھی ممکن ہے؟ کہ وہ خدا کا محب ہو اور خدا اُس کا۔ قرآن نے انسانیت کے ارتقاء کا جو تصور پیش کیا ہے اِس سے بڑھکر بھی کوئی فلسفہ ہے جو انسانوں کو اِس کے سوائے اِس سے بلند تر مرتبہ پر فائز کر سکے۔

عشق دمِ جبرئیل ، عشق دلِ مصطفیٰ ☆☆☆ عشق خدا کا رسول ، عشق خدا کا کلام
عشق کی مستی سے ہے پیکرِ گل تابناک☆☆☆ عشق ہے صہبائے خام ، عشق ہے کاس الکرام
عشق فقیہہِ حرم ، عشق امیرِ جنود ☆☆☆ عشق ہے ابن السبیل اس کے ہزاروں مقام

غرض عشق و محبتِ الٰہی فی الحقیقت بدنِ اسلام کی روح ہے۔ حضرت امام علیہ السلام کی تعلیمات، بے روح علمیت کے خلاف ایک جہادِ عظیم ہیں۔ جو لوگ محض ظاہری شعائر کی پابندی کو اسلام سمجھ رہے تھے اور اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کے بجائے بندوں کی حاکمیت میں گرفتار تھے ایک بے روح جسد کو زندہ قالب سمجھ رہے تھے اُن کے لئے ہدایت ہیں۔

عقل و دل و نگاہ کا مرشدِ اولیں ہے عشق ☆☆ عشق نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات

(اقبالؔ)

قرآنِ مجید کا مخاطب عقل بھی ہے قلب بھی ہے۔ بلکہ عقل سے زیادہ قلب مخاطب ہے کیونکہ قلبی شہادت ہی ایمان بالغیب کی حامل ہو سکتی ہے۔ قرآن سے ہدایت پانے والوں کے لیے یہی شرطِ اولیں اور یہی اُن کے ارتقاء کا معیار ہے۔

" هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٢﴾ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ ۔۔الخ"(سورۃ البقرہ ۔2-3)

اللہ تعالیٰ نے اپنے وجود کو صرف عقلی حیثیت سے تسلیم کرنا کافی نہیں قرار دیا بلکہ خالق کے ساتھ محبت پیدا کرنے کی تلقین بھی فرمائی ہے۔ جس کے بغیر محض عقلی بیعت کی بنا، پر انسان ایک جسدِ بے روح کی حیثیت میں رہ جاتا ہے۔ اِسی لیے فرماتا ہے کہ

"وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ "---الخ (سورة المآئدة۔35) (یعنی اللہ تعالیٰ کو پہنچنے کے لیے وسیلہ تلاش کرو) تقویٰ کے ساتھ ساتھ بموجب آیت " كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ" ﴿119﴾ (سورة التوبة۔119)

صحبتِ صادقین کی برکت سے عشق و محبتِ الٰہی کا صحیح اور قریب ترین راستہ معلوم کیا جاسکتا ہے ورنہ ایک غیر مربوط انسان کو ہزارہا خطرات، صدہا وساوس اور بیسیوں حوادث بہت جلد گمراہ کرسکتے ہیں۔ "بیعت" شیخ کے واسطہ سے عبد و معبود کے درمیان ایک سلسلہ محبت قائم کرنے والا ذریعہ ہے۔ اور یہ ایسا وسیلہ ہے جس سے قالبِ بے جان میں حقیقی زندگی حاصل ہو سکتی ہے۔

اِسی لیے دورِ نبوت میں بھی بیعت کا عمل جاری تھا اور دورِ ولایت میں بھی۔ تا ایں دم بفضلِ خدائے تعالیٰ جاری ہے۔ اور تا قیامت جاری رہے گا۔

د یں نہ گردو پختہ بے آدابِ عشق ** د یں بگیر از صحبتِ اربابِ عشق (اقبالؔ)

آیات و احادیث سے یہ امر ثابت ہے کہ دنیا میں جب صالحین و راشدین کا وجود ختم ہو جائے گا تو سمجھ لو کہ وہی وقت وقوعِ قیامت کا ہے۔

حاصلِ کلام یہ کہ امامنا علیہ السلام کی تعلیمات مثلاً طلبِ دیدارِ خدا، ترکِ دنیا، توکل، ذکرِ کثیر، صحبتِ صادقاں، عزلت، ہجرت وغیرہ امور فی الحقیقت عشق و محبتِ الٰہی کے لوازم ہیں اور ہر عاشق کو خواہ وہ کسی کا عاشق ہو فطرتاً ایسے ہی مسائل کا حامل ہونا لازم ہے۔ اور از خود اِس میں یہ کیفیات پیدا ہوتی جاتی ہیں بشرطیکہ عشق کی لو پیدا ہو چکی ہو۔ یہ ایسی بات ہے کی جس کو ہر شخص بآسانی سمجھ سکتا ہے اِس لیے مزید تشریح ہم موجبِ طوالت سمجھتے ہیں۔

یا وسعتِ افلاک میں تکبیرِ مسلسل ☆☆☆ یا خاک کے آغوش میں تسبیح و مناجات

وہ مذہبِ مردانِ خود آگاہ و خدا مست ☆☆☆ یہ مذہبِ ملا و جمادات و نباتات اقبالؔ

☆☆☆☆☆

Roman: Tauzih Riwayaat dar Bayan-e-Ishq

اللہ تعالیٰ کی ذات منزہ عن التشبیہات ہے۔ کوئی تمثیل ممکن نہیں۔ صرف تفہیم کی خاطر ہم یہاں ایک نوعیت کا ذکر کرتے ہیں۔ کلمۂ توحید، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، اوامر و نواہی سے متعلقہ عام مسائل پر اعتقاد و عمل، مطیعِ خدا و رسول ہونے کے لیے

کافی ہے۔اِس کے باوجود بعض مؤمنین ایسے بھی ہوتے ہیں جن میں عرفان اور وصال الی المطلوب کی طلب پیدا ہوتی ہے۔

اِس کے لیے عشق و محبتِ الٰہی کے لوازم اور کاملین صادقین کے فیضِ صحبت اور اُن کی تعلیم و تربیت پر صدقِ دل سے پورے طالبِ صادق کی شان میں عمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔اِن تمام شرائطِ عشق و محبت کی پابندی کے بعد بھی مقصد کا حاصل ہونا صرف فضلِ الٰہی پر منحصر رہتا ہے اور بس۔

ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوۡالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ﴿29﴾ (سورۃ الحدید) اللہ تعالیٰ نے انسان کو قوتِ متخیلہ عطا فرمائی ہے۔اِس کی وجہ سے تصورات حاصل ہوا کرتے ہیں جو چیز اُس کے سامنے ہو اُس کا تصور تو "حواسِ ظاہریہ" کے ذریعہ ہو جاتا ہے لیکن جو سامنے موجود نہ ہو اُس کا ذکر کیا جائے اور اُس کی خصوصیات و علامات بیان کی جائیں تو ذہن میں بوجہ ما اُس چیز کا تصور پیدا ہو جانا ایک لازمی امر ہے۔مثلاً جنگ کا محاظ ہم نے دیکھا نہیں لیکن وہاں کے حالات اور ہتیاروں کی خصوصیات بیان کی جاتی ہیں تو اُن اُمور کی نسبت ایک تصور قائم ہو جاتا ہے۔اگر وہاں کی تصاویر سامنے ہوں تو اُس صورت میں جو تصور قائم ہو گا بلحاظ صحت اول الذکر تصور کے مقابلہ میں قابلِ ترجیح ہو گا۔سب سے زیادہ صحیح تصور تو اِسی صورت میں ہو سکے گا جب کہ ہم خود جنگ کے محاذ پر پہنچ کر بچشمِ خود معائنہ کریں۔تصور کی اِس مجمل گفتگو کے بعد یہ سمجھنا زیادہ آسان ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وجود کے بارے میں رسولوں اور صحائف کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی صفات و خصوصیات سمجھائی گئی ہیں۔ دنیا میں اُس کی قدرت کے گوناگوں مظاہرات پر سے اُس کے وجود کا یقین پیدا کیا گیا ہے۔جس کا اِقرار اولین شرطِ اسلام قرار دی گئی ہے۔اِس اہتمامِ اقرار کے بعد انسان کے ذہن میں اللہ کے وجود کے متعلق بوجہ ما تصور پیدا ہونا بھی فطری امر ہے۔یہ تصور جس انسان میں زیادہ سے زیادہ قریب الصحت ہو گا اِقرارِ توحید کے منازل میں اُس کا مقام آگے ہو گا۔

بحر العلوم علامہ شمسی مرحوم نے لکھا ہے:-

"وجود اور صفاتِ باری تعالیٰ چونکہ حکما و صوفیہ کے پاس عینِ ذاتِ باری تعالیٰ ہیں تو محال ہے کہ باری تعالیٰ کا تصور بالکنہ یا بکہنہ ہو سکے مگر تصور بالوجہ و بوجہ محال نہیں کیونکہ مخلوقات اور اُن کے آثار میں غور کرنے سے تصور بالوجہ اور تصور بوجہ کا

حصول ممکن ہے۔اِسی واسطے اللہ تعالیٰ نے مخلوق میں فکر و غور کرنے کا حکم دیا ہے۔(تنویر الہدایہ 16)

کسی ملک کی رعایا اپنے حاکم کی حکومت میں زندگی بسر کر رہی ہے وہاں کے قوانین کی پابندی، سزا و جزا کو قبول کرتے ہوئے پوری اطاعت کر رہی ہے۔اِس لحاظ سے وہ سب لوگ مطیع و فرمانبردار رعایا کی حیثیت رکھتے ہیں۔ان ہی میں بعض لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے قلوب میں یہ جذبہ مؤجزن ہوتا ہے کہ بادشاہ کے مقرب و منظورِ نظر بننے کا شرف و اعزاز حاصل کریں۔اِس مقصد کے حصول کے لیے امن و امان اور عام اجتماعی سیاسی قوانین کے علاوہ دوسرے طریقے ایسے بھی اختیار کرنے پڑتے ہیں کہ مقربِ بارگاہِ سلطانی بننے میں سہولت حاصل ہو۔اِسی کے ذرائع اور وسائل کی جستجو میں منہمک رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔اِس سارے مراحل کے طئے ہو جانے کے باوجود، تقرب کا اعزاز عطا ہونے کی درخواست کا منظور ہونا صرف لطف و کرمِ سلطانی کا محتاج رہا کرتا ہے۔

زبان سے کلمۂ توحید کہہ دینے رسول و قرآن پر ایمان لانے اور حتیٰ المقدور قوانین کا اتباع کر لینے سے داخلِ اسلام تو ہو جاتا ہے لیکن یہ عامیوں کا درجہ ہے۔دوسری صورت اُن علما و متکلمین و فلاسفہ کی ہے جو دلائل و براہین سے وجودِ باری تعالیٰ ثابت کرتے ہیں۔تیسری صورت اُن عارفین کی ہے جو استدلالی طریقہ کو ناقص سمجھتے اور دیدار کے طالب ہوتے ہیں۔گویا علم الیقین سے عین الیقین زیادہ کامل ہے اور اُس سے زیادہ حق الیقین کا درجہ ہے۔امام فخر الدین رازیؒ فرماتے ہیں:-

ان القلوب الصافية مجبولة على حب معرفة الله على اكمل الوجوه و اكمل طوق المعرفة هوالروية
(تفسیرِ کبیر جلد 3 صفحہ 243)

ترجمہ:- بے شک صاف قلوب، اللہ تعالیٰ کی معرفت کامل ترین درجہ پر حاصل کرنے کے لیے فطرۃً مائل ہیں اور معرفت کا کامل ترین طریقہ۔رویت ہے: گفت ایں علم و ہنر گفتم کہ پوست ☆☆ گفت حجت چیست؟ گفتم روئے دوست

گفت دین عامیاں؟ گفتم شنید ☆☆ گفت دین عارفاں؟ گفتم کہ دید (اقبالؔ)

علم سے متعلقہ احکام کے باب میں عشق و علم اور علومِ مکاشفہ و علومِ شرعیہ پر تفصیلی بحث کی جائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ حضرت بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ نے عقیدۂ شریفہ میں تحریر فرمایا ہے کہ:-

نیز حکم کردہ است کہ از ہریکے مرد و زن طلبِ دیدارِ خدا فرض است تا آنکہ بچشمِ سر یا بچشمِ دل یا درخواب نہ بیند مومن نباشد مگر طالب صادق۔۔۔الخ

ترجمہ:- نیز امامنا علیہ السلام نے حکم دیا ہے کہ ہر مرد و عورت پر طلبِ دیدارِ خدا فرض ہے۔ چشمِ سر یا چشمِ دل سے یا خواب میں خدا کو جب تک نہ دیکھے مومن نہ ہوگا مگر طالبِ صادق (پر بھی ایمان کا حکم ہے)۔

مومن کی یہ خصوصیت درجاتِ یقین کے اعتبار سے ہے۔ لیکن مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے اِس سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ مذہبِ مہدویہ میں بجز دیدارِ خدا کے مومن نہیں ہو سکتا اور مہدویوں پر خوب طعن ہرزہ کیا ہے۔ اور دیدارِ خدا کے بارے میں بھی اُنھوں نے اختلاف کیا ہے اور اِس کو مسلماتِ اہلِ سنت کے مغائر قرار دیا ہے۔۔۔۔ناظرین

خود محسوس فرمالیں گے کہ یہ غلط الزام ہے۔ کیونکہ فرمانِ مذکور الصدر میں "دیدارِ خدا" کو فرض نہیں کہا گیا ہے بلکہ "طلبِ دیدار" فرض قرار دی گئی ہے اور دیدار پر ایمان کا انحصار بھی نہیں کیا گیا ہے۔ "مگر طالبِ صادق" کے الفاظ اِس کے شاہد ہیں۔

اِس کے علاوہ نقلیاتِ میاں عبدالرشیدؓ میں اِسی مضمون کی صاف و صریح روایت موجود ہے کہ:- "حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا مؤمنِ حقیقی وہ شخص ہے جو بینا ہو، چشمِ سر سے یا چشمِ دل سے یا خواب میں۔ اگر اِن تینوں میں سے ایک بینائی بھی حاصل نہ ہو اور پوری طلب رکھتا ہو کہ بینائی روزی ہو تو ایسے مؤمن پر بھی ایمان کا حکم ہے"۔ ملاحظہ ہو روایت (188)۔

اِسی مضمون کی ایک اور توضیحی روایت بیان ہوئی ہے جس میں "ظالم النفسہٖ" مقتصد اور سابق بالخیرات کی تفسیر بیان ہوئی اور جبروتی، ملکوتی، لاہوتی اِن تینوں مقامات کے ذکر کے بعد یہ الفاظ بیان ہوئے ہیں کہ:-

ہریکے ازیں سہ مقام ندارد و طلب و سعی ہم ندارو ماتم نمی کند آں از گروۂ مہدی نباشد از مدعیاں و مکذباں ناشد (روایت 223)

اِس سے ظاہر ہے کہ جو لوگ دیدارِ الٰہی سے مطلق مشرف نہ ہوئے ہوں اُن سے نفسِ ایمان کی نفی نہیں کی گئی ہے مگر افسوس کہ مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے یہ الزام عاید کیا ہے کہ جن مہدویوں کو دیدار حاصل نہیں وہ سب کافر ہیں۔ حالانکہ اِسی قسم کے احکام کی مثالیں آیات و احادیث میں بھی موجود ہیں مثلاً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿47﴾ (سورۃ المآئدۃ)

ترجمہ:- اللہ نے جو کچھ نازل فرمایا ہے جو لوگ اِس کے مطابق فیصلہ / حکم نہ کریں وہ فاسق ہیں۔

حدیثِ شریف ہے کہ:-

لا ایمان لمن لا امانة له ولا دین لمن لا عهدله۔

ترجمہ:- جس شخص میں امانت نہ ہو اُس کو ایمان نہیں ہے جس میں عہد کی پابندی نہ ہو اُس کو دین نہیں۔

ایضاً :- المسلم من سلم المسلمون من یدہٖ و لسانه۔

ترجمہ:- مسلمان وہی ہے جس کے ہاتھ سے اور جس کی زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

ایضاً:- من ترک الصلوٰۃ متعمداً فقد کفر۔

ترجمہ:- جس نے عمداً نماز ترک کی وہ کافر ہوا۔

ایضاً:- لیس بمومن مامن بات شبعاناو جارہ جایع۔

ترجمہ:- وہ شخص مومن نہیں جس کا ہمسایہ بھوکا ہو اور خود پیٹ بھر کھا کر رات گزارے۔

ایسی بہت ساری مثالیں ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا اِن احکام کی اتباع جن مسلمانوں میں نہ پائی جائے وہ مسلمان و مومن نہیں کہلائے جاسکتے ؟ اِس کا جو کچھ جواب ہو گا وہی ہمارا جواب ہے۔

اللہ کا دیدار چشمِ سر یا چشمِ دل سے یا خواب میں ہونے کے بارے میں مہدویہ کا جو مسلک ہے وہ بھی مسلمات اہلِ سنت کے مغائر نہیں ہم اِس کی بھی مختصراً توضیح دیتے ہیں۔

شرح مواقف جو علم کلام کی مشہور کتاب ہے اُس میں دیدار کے متعلق یہ بیان کیا گیا ہے:-

اجتمعت الائمة من اصحابنا علیٰ ان رویة اللہ تعالیٰ فی الدنیا و الاٰخرة جائزة عقلاً واختلفوا فی جوازها سمعا فی الدنیا فاثبة بعضهم و نفاه اٰخرون۔

ترجمہ:- اللہ تعالیٰ کی رویت، دنیا و آخرت میں عقلاً جائز ہونے پر ہمارے ائمہؒ کا اجماع ہے۔ اور بہ اعتبارِ نقل دنیا میں جائز ہونے پر اختلاف ہے۔ بعض نے دنیا میں دیدار ہونے کو ثابت کیا ہے اور بعض نے اِس کی نفی کی ہے۔

اور شرح عقاید میں لکھا ہے کہ:-

هٰذا مشعر بامکان الروية فی الدنیا ۔ یعنی یہ اِشارہ ہے اِس بات کا کہ دنیا میں رویت ممکن ہے۔

اور علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد میں ذکر کیا ہے کہ:-

اما الاجماع فاتفاق الامة قبل حدوث المخالفین علیٰ وقوع الروية۔

ترجمہ:- مخالفین پیدا ہونے کے پہلے اُمتِ محمدیہؐ نے وقوعِ رویت پر اتفاق کیا ہے۔

ایضاً :- حتی روی حدیث الروية احدو عشرون رجلاً من کبارالصحابة رضی اللہ عنهم۔

ترجمہ:- رویت کی حدیث اکیس جلیل القدر صحابیوں سے مروی ہے۔

قرآنِ مجید میں دیدارِ الٰہی سے متعلق جو آیتیں ہیں اُن میں سے ہم یہاں صرف ایک آیت کی بحث پر اکتفا کرتے ہیں اور یہ ایسی آیت ہے کہ جس پر معرکتہ الآرا بحثیں ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿103﴾ (سورة الانعام)

ترجمہ:- ابصار اُس کا (اللہ تعالیٰ کا) اِدراک نہیں کرسکتے اور وہ ابصار کا اِدراک کرتا ہے اور وہ لطیف خبیر ہے۔

بعض جماعتوں نے اِس آئیہ شریفہ سے نفیِ رویت پر استدلال کیا ہے اور مفسرینِ اہلِ سنت نے اِس سے دیدارِ الٰہی کا ثبوت بیان کیا ہے۔ چنانچہ امام فخر الدین رازیؒ نے تفصیلاً بحث کرتے ہوئے متعدد دلائل سے ثابت کیا ہے کہ اِس آیت سے دیدارِ الٰہی کی نفی نہیں بلکہ تائید ہوتی ہے۔

واضح ہو کہ کسی شئے کو دیکھنے کی عموماً دو صورتیں ہوتی ہیں ایک یہ کہ شئے کا جتنا حصہ نظر کے مقابل ہو اتنا ہی دیکھا جاسکے۔ دوسری یہ کہ شئے کے سارے اطراف و جوانب بہ یک نظر دیکھ سکیں۔ اِس لحاظ سے رویت کی دو قسمیں ہوئیں۔ (1) رویتِ لا مع الاحاطہ (2) رویت مع الاحاطہ۔ دوسری صورت کو ادراک کہتے ہیں۔۔۔ اِس توضیح سے ظاہر ہے کہ آئیہ شریفہ میں اِدراک کی نفی کی گئی ہے جو بالکل درست ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات بے حد و نہایت ہے اِس لئے اِس ذات کا اِدراک یعنی اُس کی رویت مع الاحاطہ

یقیناً ممتنع ہے۔ اِسی لیے اِدراک کی نفی کی گئی ہے لیکن اِس اِدراک کی نفی سے نفسِ رویت کی نفی کا ثبوت نہیں ہو سکتا۔ اِس کے قطع نظر نفیِ رویت پر دلالت کرنے والی صاف و صریح کوئی آیت قرآنِ مجید میں موجود ہی نہیں ہے۔ امام موصوف کا استدلال ملاحظہ ہو:-

فنقول المرئی اذا کان له حدونهاية و ادرکه البصر بجميع حدوده و جوانبه و نهاياته کان ذالک الابصار احاط به فتسمتی هٰذه الروية ادراکا اما اذالم يحط البصر بجوانب المولیٰ لم تسم تلک الروية ادرکا۔ فالحاصل ان الروية جنس تحتها نوعان روية مع الاحاطه و روية لا مع الاحاطه۔ والروية مع الاحاطة هوالمسماة بالادراک فنفی الادراک يقيد نفی نوع واحد من نوعی الروية۔ و نفی النوع لا يوجب نفی الجنس فلم يلزم من نفی الادراک عن الله نفی الروية من الله فهذا وجه حسن مقبول فی الاعتراض علیٰ کلام الخصم (تفسیرِ کبیر الجزءالرابع صفحه 170)

ترجمہ:- ہمارا اِستدلال یہ ہے کہ جب کوئی شئے محدود ہو اور اُس کے پورے حدود و جوانب و نہایات کا بصر نے اِدراک کر لیا ہو تو

گویا بصر نے شئے کا احاطہ کر لیا۔ ایسی رویت کو اِدراک کہتے ہیں۔۔ لیکن اگر بصر شئے نے شئی کے پورے جوانب کا احاطہ نہ کیا تو ایسی رویت کو اِدراک نہیں کہا جاتا۔ حاصل یہ کہ رویت جنس ہے جس کے تحت دو نوع ہیں۔ ایک رویت مع الاحاطہ۔ دوسری رویت لا مع الاحاطہ۔ اور رویتِ مع الاحاطہ کو اِدراک کہا جاتا ہے۔ پس نفیِ اِدراک سے دونوعوں میں صرف ایک نوع کی نفی متعین ہو چکی۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ نوع کی نفی سے جنس کی نفی لازم نہیں آتی۔ پس اِدراک اللہ کی نفی سے "رویۃ اللہ" کی نفی نہیں لازم آتی اور یہ دلیل خصم کے اعتراض کے جواب میں اچھی و مقبول ہے۔

علماء پر مخفی نہیں کہ تمام اکابرِ اہلِ سنت، بلا اختلاف نفسِ مسئلۂ دیدارِ الٰہی کے قائل ہیں اور آخرت میں دیدار سے مشرف ہونے کے بارے میں بھی سب متفق و معتقد ہیں۔ البتہ بعض کو اختلاف ہے تو دنیا میں دیدارِ الٰہی کے شرف کے بارے میں ہے۔۔ لیکن یہ بھی کوئی ایسا مشکل امر نہیں کیونکہ جو خدائے قدیر جس طرح قیامت میں جن مؤمنین کو دیدار سے مشرف ہونے کے قابل نظر عطا فرمانے کی قدرت رکھتا ہے وہی خدا اِس دنیا میں بھی ایسی نظر عطا کرنے سے ہر گز عاجز نہیں۔!!!

امام محی الدین ابن عربیؒ فرماتے ہیں:-

فعلم انه كلما جازوقوعه فى المنادوفى الدار الآخرة جازو قوعه و تعجيله لمن شاء فى اليقظة و الحيٰوة الدنيا۔ (فتوحاتِ مكيه باب 64)

ترجمہ:- معلوم ہوا کہ جب دیدار کا وقوع، خواب میں اور آخرت میں جائز ہے تو جس شخص کو اللہ چاہے بیداری اور اِس زندگانی، دنیا میں بھی اُس کے لیے دیدار کا وقوع جائز ہے۔ حضرت بایزید رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

ان الله اجتجب عن القلوب كما اجتجب عن الابصار فان اوقع تجليا فابصروا لفوا د واحد (عرايس البيان)

ترجمہ:- اللہ تعالیٰ جس طرح آنکھوں سے حجاب میں ہے اُسی طرح قلوب سے بھی حجاب میں ہے۔ پس اگر وہ اپنی تجلی ڈالے تو پھر آنکھ اور دل دونوں ایک ہیں۔

حضرت جامیؒ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

دیدِ محمدؐ نہ بچشمِ دگر ☆☆☆ بلکہ ہمیں چشمِ سر و چشمِ سر

حضرت خواجہ بندہ نواز رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت شیخ سہروردی رحمتہ اللہ علیہ کی ایک کتاب کی شرح لکھی ہے جس کا نام " آداب المریدین" ہے۔اِس میں دیدار سے متعلق یہ لکھا گیا ہے:-

و اجماع صوفیان است که خدائے تعالیٰ بدیں چشمے که برروئے است ایں صدقه که ہست و روشنائی که دریں حدقه که ہست ہمبریں روشنائی که خدائے را خواہنددید ۔۔۔ من که محمد حسینی ام می گویم که خدائے را بزرگاں باشند که ہم دردنیا بچشمِ دل بینند۔۔۔۔ثابت شد که طالب صادق و مشتاق واثقِ جمالِ حضرت سبحانہٗ و تعالیٰ بلا کیف و کیفیته دردنیا بیند۔(آداب المریدین)

ترجمہ:- یعنی اِس بات پر صوفیوں کا اجماع ہے کہ اِن آنکھوں سے جو کہ چہرہ پر ہیں اور اِنھیں حدقوں سے کہ جن میں روشنائی ہے اِسی روشنائی سے اللہ تعالیٰ کو دیکھ سکتے ہیں۔ میں جو کہ محمد حسینی ہوں کہتا ہوں کہ ایسے بزرگ بندے بھی ہیں کہ جنھوں نے اِس دنیا میں خدا کو چشمِ دل سے دیکھا ہے۔(اِس کے بعد آگے چل کر تحریر فرماتے ہیں کہ) ثابت ہے کہ طالبِ صادق اور مشتاقِ واثق حضرت سبحانہٗ تعالیٰ کے جمال کو اِس دنیا میں دیکھ سکتا ہے۔

آدمی دید است باقی پوست است ☆☆☆ دیدآں باشد که دید دوست است (مولانا رومؒ)

اِس مختصر بحث سے ظاہر ہو چکا کہ مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے دیدارِ الٰہی کے بارے میں مہدویہ کے مسلک کو مسلمۃِ اہلِ سنت سے مغائر قرار دینے کی جو کوشش کی بہر جہت غلط ہے۔ البتہ بات صرف اِتنی سی ہے کہ طلبِ دیدارِ خدا کی فرضیت، اہلِ سنت میں متعارف نہیں تھی حضرت امام علیہ السلام نے بحکمِ خدا فرض قرار دیا ہے اور اِس کے مزید ثبوت کے طور پر قرآنِ مجید کی آیات بھی بیان فرمائی ہیں۔۔ یہاں ایک شرعی ضابطہ پیشِ نظر رکھنا کافی ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ جس امر کا حکم دے اور جس امر

سے منع کرے اور اُس کی خلاف ورزی کی سزا دوزخ قرار دے تو اُس حکم کی اِتباع کرنا اور اُو امر ممنوع کو ترک کرنا فرض ہو گا۔

بحر العلوم علامہ شمسی مرحوم نے اِس ضابطہ پر تنویر الہدایہ میں بحث کی ہے:- اللہ تعالیٰ دیدار سے متعلق فرماتا ہے:-

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿110﴾ (سورة الكهف)

ترجمہ:- جو شخص اپنے رب کی لقاء (دیدار) کا اُمیدوار ہو تو وہ عملِ صالح (ترکِ دنیا و ترکِ شرک) کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

"لقاء" کے معنوں میں بھی علماء نے بہت بحث کی ہے۔ بعض نے "ثواب" اور بعض نے "رجوع الی اللہ" مراد لی ہے۔ اصل یہ ہے کہ علمائے متقدمین متکلمین کے زمانے میں یونانی فلسفہ کی عالمِ اسلام میں شہرت ہو چکی تھی اور غیر مسلم علماء کی طرف سے اِنہیں اُصول پر اعتراضات کئے جارہے تھے۔ اِس لئے علماء کا زیادہ وقت اِنہیں مباحث میں گزر رہا تھا۔ اور فلسفہ کی عام مقبولیت کی وجہ علمائے معقول نے یہ دعویٰ کر دیا کہ شرایع انبیاء علیہم السلام فلسفہ سے بالکل مطابق ہیں۔ اِس دعویٰ کی بناء پر اِن کے لیے لازم ہو گیا کہ مسائلِ شرعیہ کو مباحثِ فلسفہ سے مطابق کریں اِس کام کے لیے اُنھیں شرایع الہیہ میں ہزاروں تاویلیں کرنی پڑیں دیدارِ الٰہی کے بارے میں معتزلہ وغیرہ کے اختلاف کی بھی یہی وجہ ہے کہ شرائطِ رویت جو فلسفہ میں مذکور ہیں اُن کے لحاظ سے رویتِ باری تعالیٰ کو اگر ممکن و جائز قرار دیا جائے تو اللہ تعالیٰ کے لیے جسم اور لوازم ہونا لازم آئے گا جو صحیح نہیں۔ اِس لیے اُنھوں نے کمالِ تنزیہ کے نظر کرتے امکانِ رویتِ باری تعالیٰ سے انکار کیا۔ اور رویت سے متعلقہ آیتوں کے الفاظ میں تاویلات کی تکلیف اٹھائی۔ اگرچہ اشاعرہ نے معتزلہ کے رد کی کوشش کی ہے لیکن اُن کے بعض اِستدلالات بھی لغزش سے بری نہیں ہیں۔ اِن سب خرابیوں کی علت وہی فلسفہ سے مطابق کرنے کی کوشش ہے۔

"اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کو نور سے موصوف کیا ہے اور یہ فرماتا ہے کہ اللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور نور ایسا ہے کہ ادنیٰ و اعلیٰ اُس کو محسوس سمجھتے ہیں۔ اور اِس کو اشرفِ محسوسات جانتے ہیں بلکہ نور کی وجہ سے دوسری چیزوں کا بھی اِدراک کرتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنا نام نور رکھا ہے اور نور کی جہت سے سب قسم کی اشیا کی رویت ہوتی ہے تو اِسی نور ہونے کی جہت سے

اللہ تعالیٰ کی ذات بھی جائز الرویت ہو گی اور جو جائز الرویت ہو اُس کی طلب محال نہیں۔ پس معتزلہ کے سارے اعتراضات جن کی بناء اُصولِ عقلیہ پر ہے اور جن کا منشاء کمالِ تنزیہ ہے اس تقریر سے اُٹھ گئے اور اشاعرہ کے اُن تاویلات کی بھی ضرورت نہ رہی جو توجیہ و تاویلِ آیت " لَنْ تَرَانِیْ " میں پیش کرتے ہیں۔ (تنویر الہدایہ صفحہ 138)

اِس کے علاوہ جب کہ تمام فلاسفہ اِس امر میں متفق ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات "مادی جسم اور لوازم" سے بری ہے تو رویتِ باری تعالیٰ کے بارے میں رویت کی اِن شرائط کی بحث ہی بے سود ہے جو مادی جسم اور اُس کے لوازم سے تعلق رکھتی ہیں ورنہ یہ قیاس مع الفارق کے حکم میں ہو گا جس کا نتیجہ ثبوت کبھی صحیح نہیں ہو سکتا۔ اِس سے ظاہر ہے کہ "لقاء" کے لغوی معنی "دیدار" کو چھوڑ دینا اور محض مادی جسم کی شرائطِ رویت کو پیشِ نظر رکھ کر بے جا تاویلات میں مبتلا ہونا درست نہیں۔ اِسی لیے امام رازیؒ نے ضرار بن عمرو الکوفی کا بیان نقل کیا ہے کہ:-

وانما یری بحاسة مادمة یخلقها الله تعالٰی بالبصر (تفسیر کبیر الرابع 171)

ترجمہ:- بے شک ایک چھٹی قوتِ حاسہ کے ذریعہ (اللہ تعالیٰ کی) رویت حاصل ہو گی جسے اللہ بصر میں پیدا فرما دیگا۔

آگے چل کر امام رازیؒ نے بعض لوگوں کے اِس خیال کی کہ "اہلِ جنت" قربت کی وجہ دیدار سے مشرف اور اہلِ نار دوری کی وجہ محروم رہتے ہیں، تردید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:-

بل لا ته یخلق الرویة فی عیون اهل الجنة ولا یخلقها فی عیون اهل النار (جلد رابع 173)

ترجمہ:- بلکہ اِس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اہلِ جنت کی آنکھوں میں رویت کی صلاحیت پیدا فرماتا ہے اور اہلِ دوزخ کی آنکھوں میں نہیں پیدا فرماتا۔

فرض جو حکمِ قرآنِ مجید اور حدیثِ متواتر سے ثابت ہو عام ازیں کہ وہ تنزیہی ہو یا تشبیہی اِس پر ایمان لانا فرض ہے خواہ ہماری عقل اِس کے معنی دریافت کر سکے یا دریافت سے قاصر رہے۔

عقل کو تنقید سے فرصت نہیں ☆☆☆ عشق پر اعمال کی بنیاد رکھ (اقبالؔ)

پس عشق کا اقتضاء احکام کی تقلید کے سوائے کچھ نہیں۔

حاصلِ کلام یہ کہ "لقاء" کے معنی "دیدار" ہیں اِس کے سوائے دوسرے معانی بیان کرنا تاویلاتِ بعیدہ ہیں اِسی لیے آیتِ مذکورہ کی تفسیر میں امام فخر الدین رازیؒ لکھتے ہیں:-

واصحابنا حملوا لقاء الرب علی روية (تفسير كبير جلد 5 صفحه 761)

ترجمہ:- یعنی ہمارے ساتھیوں نے لقائے رب کو رویت پر محمول کیا ہے۔

صاحبِ بیضاوی نے لکھا ہے کہ:- يامل حسن لقاءله (جلد 1 صفحه 55)

ترجمہ:-یعنی اللہ کا حسن لقاء کا آرزو مند ہے۔

اِس کے علاوہ ایسی آیت بھی ملتی ہے جس میں دیدار کی آرزو نہ کرنے والے کا ٹھکانہ دوزخ قرار دیا گیا ہے:-

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَ نَا وَرَضُوْا بِا لْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ اطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۙ﴿7﴾
اُولٰٓئِكَ مَاْوٰهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿8﴾ (سورة يونس)

ترجمہ:-جو لوگ ہمارے لقاء (دیدار) کی اُمید نہیں رکھتے اور حیاتِ دنیا سے خوش ہو گئے اور اُسی پر مطمئن ہو گئے اور جو لوگ ہماری نشانیوں سے غافل ہیں اُن سب کا ٹھکانہ اُن کے اعمال کی وجہ سے دوزخ ہے۔

امام فخر الدین رازیؒ نے اِس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ:-

واعلم ان حل فرجا علی الخوف بعيد لان تفسير الغد بالهند غير جالزولا مقع هيا من حل ارجفاء علىٰ ظاهره الجة (تفسير كبير جلد 4 صفحه 502)

ترجمہ:- واضح ہو کہ رجاء کا خوف پر محمول کرنا بعید ہے کیونکہ ضد کی تفسیر ضد سے کرنا جائز نہیں ہے۔اور اِس میں شک نہیں

کہ یہاں رجاء کو اُس کے ظاہری معنی پر محمول کرنے میں کوئی مانع نہیں ہے۔

حاصل یہ کہ دیدارِ الٰہی کی اُمید نہ رکھنے اور حیاتِ دنیا سے خوش و مطمئن ہو جانے کی سزا دوزخ قرار دی گئی ہے لہٰذا طلبِ دیدارِ خدا کو فرض تسلیم کرنا ہو گا۔ اِس بحث کے قطعِ نظر جب کہ مہدیٔ موعودؑ خلیفۃ اللہ، مامور من اللہ ہیں اور کتاب اللہ و سنتِ رسول اللہ کی پیروی تعلیمِ بلاواسطہ سے کرتے ہیں جس کا بیان روایت 9 اور 10 کی توضیح میں کیا جا چکا ہے ملاحظہ ہو۔ اِس لحاظ سے آپؑ جس امر کو فرض قرار دیں گے واجب العتقاد و العمل ہو گا۔

روایت (227) (3) ملاحظہ ہو کہ حضرت امام علیہ السلام نے فرمایا بندہ حضرت رسول اللہ ﷺ کے قدم بقدم چلتا آیا ہے اور بینائیِ چشمِ سر و بینائیِ چشمِ دل میں آنحضرتؐ کی پوری پوری متابعت رکھتا ہے اور چشمِ سر و چشمِ دل کی اطلاقیت اِس درجہ پر پہنچ چکی ہے کہ) ایک ایک رونگٹا آئینہ و چشم بن چکا ہے۔ اور آپؑ کے صحابی حضرت سید خوندمیرؓ نے ایک دفعہ فرمایا:- اللہ تعالیٰ نے بندہ کے ایک ایک بال کو دو دو آنکھیں عنایت کیں جن سے میں نے خدا کو دیکھا۔ اِسی لیے امام علیہ السلام نے آپؓ کو یہ بشارت بھی دی کہ "برادرم سید خوندمیر فنا فی اللہ شدہ بہ بقا باللہ رسیدند" فنا فی اللہ رویتِ چشمِ سر ہے اور بقا باللہ "موبمو" درائے موبمو" اِس سے ظاہر ہے کہ رویت کی دو قسم ہیں۔ اگر بلاوسطہ ہو تو وہ رویتِ مطلقہ ہے اگر بالواسطہ ہو تو مقیدہ۔

رویتِ مطلقہ، ناظرِ تجلیِ ذات کو حاصل ہوتی ہے اور وہی مسلمِ تام ہے۔ اِسی لیے مہدویہ کے پاس ثابت ہے کہ ناظرانِ تجلیِ ذات اور مسلمانانِ تام خاتمین علیہم السلام ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا:-

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ قف عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۰۸ (سورۃ یوسف)

ترجمہ:- کہدے (اے محمدؐ) یہ میرا راستہ ہے۔ اللہ کی طرف بصیرۃ (دیدار) پر میں بلاتا ہوں اور وہ شخص بھی بلائے گا جو میرا تابع (تام) ہے اور سبحان اللہ ہم دونوں مشرک نہیں ہیں۔ اِس آیت میں لفظِ "انا" سے مراد ذاتِ رسول اللہ ﷺ اور "مَنِ

اَتَّبَعَنِیْ "سے مراد ذاتِ مہدیٔ موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے چونکہ اِن حضرتؑ کی رویت میں اصطلاحی شرک کا بھی شائبہ نہیں رہا ہے اِس لیے "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَمَا اَنَامِنَ الْمُشْرِکِیْنَ" کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جو مسلمنِ تام ہونے پر ہدایۃً دلالت کر رہے ہیں۔ خاتمین علیہما السلام کے سوائے جن صحابہؓ کے حق میں مسلمنِ تام۔ فنائے تام۔ ناظرِ تجلّیِ ذات کی بشارت پائی جائے وہ بشارت، بصدقہ خاتم ولایتِ محمدیہؐ خاص مرتبہ کی حامل ہوگی۔ باقی جتنے ناظرینِ صفاتی ہیں اُن پر رویتِ مقیدہ کا اطلاق ہوگا جو بالواسطہ ہوا کرتی ہے۔

امامنا علیہ السلام نے یہ جو فرمایا: "ہر کہ خدائے را مقید بیند مشرک است" یہاں شرکِ شرعی نہیں بلکہ اصطلاحی شرک مراد ہے۔ صوفیۂ محققینؒ کے پاس بھی یہ نوعیت مسلم ہے اِن کی اصطلاح میں یہ ایسا شرک ہے جسے شرفِ رویتِ باری تعالیٰ حاصل رہتا ہے۔ مگر یہ رویت بلاواسطہ نہیں بلکہ بالواسطہ ہے۔ رویتِ بلاواسطہ تو خاتمینؑ ہی کی خصوصیت ہے۔

سیدِ کل صاحبِ اُم الکتاب ☆☆ پرد گیہا بر ضمیرش بے حجاب

گرچہ عینِ ذات را بے پردہ دید ☆☆ رَبِّ زِدنی از زبانِ اُو چکید

(اقبالؒ)

☆☆☆☆☆

Roman Translation

Tauzihaat-e-Riwayaat dar Bayan-e-Talab-e-Deedar-e-Khuda

Allahu Ta'ala ke wujood aur us-ke Wahdaniyat par Iman wa aeteqaaed ke baad us-ki Talab paida hona aik fitri lazimah hai. Insan ki Nafsiyaat ka ilm rakhne wale is-baat se inkaar na kar-sakeinge ke har insan mein zauq-e-talab ka jazbah fitratan maujood hai. Jis ki wajhe sadha, hazaar-ha

maqasid dauraan-e-umr mein hasil hote jate hain laikin zauq-e-talab mein fraq nahin aata, mutmaen nahin hone pata. Badi sanadein hasil karne ke liye nehayat inhemaak wa mehnat ke saath koshish kiye jata hai. Jab yeh hasil hojaein to talab ka jazbah khatam nahin hojat, bade ohde, izzo-jah, daulat wa sarwat, ahl-wo-ayaal ki talab paida ho-jati hai. Yeh hasil ho-jaein to phi kisi na kisi talab ki taraf mayal ho-jata hai. Is-tarha hasaraun maqasid hasil hote chale jate hein phir bhi tishnagi-e-talab maujood— sukoon wa itmenaan nadard.

Is na-qabil-e-inkaar haqeeqat par gaur karna chahiye ke aakhi insan ke liye woh kaunsa maqsad hai jis ke hasil ho-jane ke baad Jazba-e-Talab itna sair ho jaye ke phir kisi dosri talab ki zaroorat hi na rahe. Sukoon wa itmenaan-e-qalb naseeb ho-jaye. Qur'aan-e-Majeed ke is mazmoon par gaur karne ki zaroorat hai jis mein yeh wazeh kiya gaya hai ke Azal hi mein hum se kiya jawab liya gaya tha.

اَلَسۡتُ بِرَبِّكُمۡ ؕ قَالُوۡا بَلٰى ۛۚ (سورۃ الاعراف۔ 172) yani kiya mein tumbara Rab nahin huin? Sab ne jawab diya ke kuin nahin. (be-shak tu-hi hamar Rabb hai). Is-se zahir hai ke Azal hi-mein us-ki Ruboobiyat ka iqraar kar-chuke hain.

Is jahan mein aane ke ba'ad insan mein zauq-e-talab ka paya jana aor duniya ka kisi bade see bada faedah hasil ho-jane ke bawajood sukoon wa itme'naan-e-qalb ka naseeb na hona is amr ka baiyyan saboot hai ke is talab ka asal ta'luq usi Rububiyat se hona chahiye jis ka hum iqraar karchuke hain magar aql ki galat rahbari aor gumrah maahole ke asarat ne ziyadh tar insanaun ko gair-ullah ka parastar banadiya. Aor aise hazaaraun asbaab-e-parastish paida hogaye. Khawh kisi ki parastish ki taraf mael ho-jaein laikin kisi qabil-e-parastish wa qabil-e-ibadat wajood ki talab wa justujoo ka fitri mailaan to paya jata hai…. Jo log Munkireen-e-Khuda hain un-se Nizam-e-Kaenaat ke asbaab wa alal par bahes ki jaye to woh bhi yeh haqeeqat tasleem karne par majboor nazar aate hain ke aik taaqat zaroor hai jo is-Nizam-e-Kaenaat ki illat-ul-amal hai. Goya yeh "Allah" ke munkir hain laikin us-lafz ke mafhoom ko maan-ne par

majboor hain is-liye yeh bhi ma'loom huwa ke duniya mein koi Khuda ka munkr nahin. Istelahaat wa tasaw-wuraat ka farq hai is ki wahjhe Aeteqadaat wa Amaliyaat mein bhi bahut bada farq hogaya hai.

Isi liye Qur'aan-e-Majeed mein mazkoor hai ke:-

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿87﴾ (سورة الزخرف)

Translation:- aor agar tum un-se poocho kis-ne paida kiya hai to woh zaroor yahi kaheinge ke "Allah" to phir yeh kahan bahke phir rahe hain.

Garz insan mein jo zauq-e-talab maujood hai is-ko isi Khuda-e-Wadahu-La-Shareek ki taraf rujoo' kiya jaye jis-ki wajhe aisa sukoon wa intme'naan naseeb ho-sakta hai ke Gairullah ki talab ka zauq hi nahi rahne pata. Allahu Ta'ala farmata hai:-

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿27﴾ ق صلے اِرْجِعِيْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿28﴾ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ﴿29﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿30﴾ ع (سورة الفجر)

Translation:- Aey Nafs-e-Mutmaenna apne Rab ki taraf Razi ba-Raza ban kar Rujoo' ho-ja. Apne Khua ke Bandaun mein shamil ho-ja aur "Jannat-e-Deedar mein dakhil ho-ja.

Insan jis tarah nafa'-bakhsh wa mahfooz kun Mahsoosaat se muhabbat rakhte hai isi tarha un-mawaraye mahsoosaat omore se bhi muhabbat karta hai jin ke fazl wa kamal ka ilm hojye. Rustum ko agarche dekha nahin laikin us-ke kamal-e-taqat aur kamal-e-shuja'at ka aaj bhi ilm hota hai to us-ki qadr-wo-muhabbat ka mailaan paida jo-jata hai aur yeh koi naee baat nahin. Har shakhs tasleem karega ke kisi ke fazl-wo-kamal ka zikr ho-to us-ki ta'areef wa tauseef aur izhaar-e-qadr ki taraf mayal ho-jata hai. Isi tarha us-zaat-e-Wahdahu-La-Shareek ke muzahir-e-qudrat se jab ke us-ke kamal-e-layazal ka ilm ho-jaye laziman muhabbat aur us-ke ahteram ka jazbah paida ho-sakta hai. Isi liye hum ne kaha ke Allahu Ta'ala ke wajood aur us-ki wahdaniyat par iman wa aeteqaad ke ba'ad us-ki Talab Paida hona aik fitri lazimah hai.

Har shakhs ki muhabbat aur talab ka ta'aluq asbaab wa aghraaz ki nauwiyataun ka ta'be raha karta hai. Har aik ki muhabbat aur us-ke darahaat-e-eiqaan ki haisiyat se muhabbat ke maratib badte jate hain. Ba'az log sirf zaheri nizam-e-ibadaat wa mua'milaat ki had tak muzahira-e-muhabbat wa ita'at par iktefa karte hain. Aor ba'az ke jazbati unsur mein itna inqlaab paida ho jata hai ke woh un hudood se oopar taraqqi chate hain.

Allahu Ta'ala ki zaat Munazzah-Anat-Tash-bihaat hai. koi tamseel mumkin nahin. Sirf tafheem ki khatir hum yahan aik nau-wiyat ka zikr karte hain.

Kisi mulk ki ria'ya apne Hakim ki Hukumat mein zindagi basar kar-rahi hai wahan ke qawaneen ki pabandi, saza wa jaza ko qabool karte huwe poori ita'at kar rahi hai. is lehaz se who sab log mutee' wa farma-bardar ria'ya ki haisiyat rakhte hain. Inhi mein ba'az log aise bhi hote hain jin ke quloob mein yeh jazbah mua'jzan hota hai ke Bade-Sha ke muqarrib wa Manzoor -e-Nazar ban-ne ka sharf wa aezaaz hasi karein. Is maqsad ke husool ke liye amn wa aamaan aur a'am ijtema'ee siyasi qawaneen ke alawah dosre tariqe aise bhi ikhtiyaar karne padte hain ke Muqarrib-e-Bargah-e-Sultani ban-ne mein suhulat ho. Isi ke zara'ye aor wasael ki justujo mein munhamik rahne ke zaroorat hoti hai. Is sare marahil ke taye hojane ke bawajood, taqarrub ka aezaaz ata hone ki darkhwast ka Manzoor hona sirf Lutf-wa Karam-e-Sultani ka muhtaaj raha karta hai.

Kalimah-e-Tawheed, Namaz,Roza, Hajj, Zakat, O'amr wa Nahi se mutaliqah aam masael par aeteqaad wa amal, mute-e-khuda wa Rasool hone ke liye kafi hai. Is-ke bawajood ba'az Mo'mineen aise bhi hote hain jin mein Irfaan aur Wisaal aur Wisaal Ilal-Matloob ki talab paida hoti hai. Is ke liye Ishq wa Muhabbat-e-Ilahi ke lawazim aur Kamileen, Sadiqeen ke Faiz-e-Sohbat aur un-ki Ta'leem wa Tarbiyat par Sidge Dil se poore Talib-e-Sadiq ki Shaan mein Amal karne ki Zaroorat hoti hai. In tamaam Sharayat-e-Ishq wa Muhabbat ki pabandi ke ba'ad bhi maqsad ka hasil hona sirf Fazl-e-Ilahi par munhasir rahta hai aur bas.

ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿29﴾ (سورۃ الحدید)

Allahu Ta'ala ne insan ko Quwat-e-Mutkhilah ata faramee hai. Is ki wajhe se tasawuraat hasil huwa karte hain jo cheez us-ke samne ho us-ka tasawur to "Hawas-e-zahirah" ke zariye ho-jata hai laikin jo samne maujood na ho us-ka zikr kiya jaye aor us-ki khususiyaat wa alamaat vayan ki jaein to zahn mein bawajhema us cheez ka tasawur paida ho jaja aik lazimi amr hai. Maslan jung ka mahaaz hum ne dekha nahin laikin wahan ke halat aor hatiyaraun ki khususiyaat vayan ki jati hain to un-omoore ki nisbat aik tasawur qaem hoja hai. Agar wahan ki tasaweer samne huin to us-soorat mein jo tasawur qaem hog aba-lehaz-e-sahet awwaluz-zikr tasawur ke muqabile mein qabil-e-tarjeeh hoja. Sab-se ziyadah sahih tasawur to isi soorat mein ho-sakega jab ke hum khud jung ke mahaz par pahunch kar ba-chash-e-khud mua'enah karein. Taswur ki is mujmil guftugu ke ba'ad yeh samajhna ziyadah aasan ho-ja-ta hai ke Allahu Ta'ala ke wujood ke bare mein Rasoolaun aor Sahaef ke zarye Allahu Ta'ala ki Sifaat wa Khususiyaat samajhaee gaee hain. Duniya mein is ki Qudrat ke gun-na-gun muzahiraat par se is-ke wajood ka yaqeen paida kiya gaya hai. Jis ka iqraar awaleen Shart-e-Islam qaraar di-gaee hai. Is Ihtemaam-e-Iqraar ke ba'ad insan ke zahn mein Allah ke wajood ke mutaliq bawajhe-ma-tasawur paid hona bhi fitri amr hai. Yeh tasawur jis insan mein ziyadah se ziyadah qareebus-sahet hoga iqraar-e-tawheen ke manazil mein is-ka maqam aage hoga.

Bah-rul-uloom Allama Shamsi Marhoom ne likha hai:- "Wujood aor Sifaat-e-Bari-Ta'ala chunke Hukma wa Sufiyah ke pas Ain-e-Zaat-e-Bari-Ta'ala hain to muhaal hai ke Bari-Ta'ala ka tasawur bil-kuna y aba-kunah hosakega magar tawur bil-wajhe w aba-wajhe muhaal nahin kuin-ke Makhlooqaat aor un-ke Aasaar meingaur karne se tasawur bil-wajhe aur taswur ba-wajhe ka husool mumkin hai. Isi waste Allahu Ta'ala ne Makhlooq mein fikr wa gaur karne ka Hukm diya hai.(Tanweerul-hidaya 16)

Zaban se Kalimah-e-Tawheed kah dene-se Rasool wa Qur'aan par Iman lane aor hatal-maqdoor qawaneen ka iteba'a karlene se dakhil-e-Islam to hojata hai laikin yeh a'amiyaun ka dardah hai. Dosri surat un-Ulama wa mutakallimeen wa filasifah ki hai jo dalael wa baraheen se wajood-e-Bari ta'ala sabit karte hain. Teesri surat un Aarifeen ki hai jo istedlaali tariqe ko naqis samjhte aor Deedar ke talib hote hain. Goya Ilmul-Yaqeen se Ainul-Yaqeen ziyada camil hai aor us-se ziyada Haqqul-Yaqeen ka daradah hai. Imam Fakhrud-din Razi RH farmate hain.

ان القلوب الصافية مجبولة على حب معرفة الله على اكمل الوجوه و اكمل طوق المعرفة هوالروية (تفسیرِ کبیر جلد 3 صفحہ 243)

Translation:- Be-shak saf quloob, Allahu Ta'ala ki mua'rifat Kamil tareen darajhe par hasil karne ke liey fitratan mael hain. Aor Mua'rifat ka Kamil tareen tareeqa. Riwayat hai:-

گفت ایں علم و ہنر گفتم کہ پوست ☆☆ گفت حجت چیست؟ گفتم روئے دوست

گفت دین عامیاں ؟ گفتم شنید ☆☆ گفت دین عارفاں ؟ گفتم کہ دید (اقبالؔ)

Ilm se mutaliqah ahkaam ke baab mein Ishq wa Ilm aor Uloom-e-Mukashifah par tafseeli bahes ki jaegi. In Sha Allahu Ta'ala. Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ ne Aqeedah-e-Sharifah mein tahreer farmaya hai ke:-

نیز حکم کردہ است کہ از ہریکے مرد وزن طلبِ دیدارِ خدا فرض است تا آنکہ بچشمِ سر یا بچشمِ دل یا درخواب نہ بیند مومن نباشد مگر طالب صادق۔۔۔الخ

Translation:- Neez Imamuna AHS ne Hukm diya hai ke har mard wa aurat par talab-e-deedar-e-Khuda farz hai. Chashm-e-sar ya Chashm-e-dil se ya Khwab mein Khuda ko jab tak na dekhe Mo'min na-hoga magar Talib-e-Sadiq (par bhi Iman ka Hukm hai).

Mo'min ki yeh khusoosiyat darjaat-e-yaqeen ke aetebar se hai. Laikin Muallif-e-Hadiya-e-Mahdavia ne is se yeh nateejah akhaz kiya hai ke

Mazhab-e-Mahdavia mein ba-juz dedear-e-Khuda ke Mo'min nahin hosakta aur Mahdaviyaun par khoob ta'an wa tahazzud kiya hai. Aor Deedar-e-Khuda ke bare mein bhi un-huin ne ikhtelaf kiya hai aor is-ko musallimaat-e-Ahle-Sunnat ke mugaer qaraar diya hai. Naazireen khud mahsoos farmaleinge ke yeh galat ilzaam hai. Kuin-ke Farman-e-Mazkurus-sadr mein "Deedar-e-Khuda" ko farz nahin kaha gaya hai balke "Talab-e-Deedar" farz qaraar di-gaee hai aur Deedar par Iman ka inhesar bhi nahin kiya gaya hai "Magar Talib-e-Sadiq" ke alfaaz is-ke shahid hain.

Is-ke ilawah Naqliyat-e-Miyan Abur-Rasheed RZ mein isi mazmoon ki saaf wa sareeh riwayat maujood hai ke:- Hazrat Mahdi AHS ne farmaya Mo'min-e-Haqeeqi woh shakhs hai jo Beena ho, Chashm-e-Sar se Ya Chashm-e-Dil se Ya Khwab mein. Agar in-teenaun mein se aik Beenaee bhi hasil na ho aur poori Talab rakhte ho ke Beenaee Rosi ho to aise Mo'min par bhi Iman ka Hukm hai. "Mulaheza ho Riwayat (188).

Isi mazmoon ki aik aor tauzihi Riwayat bayan huwe hai jis mein "ظالم النفسہٖ" muqtasad aor sabiq bil-khiraat ki Tafseer bayan huwe aor Jabrooti, Malakooti, Lahooti in teenaun maqamaat ke zikr ke ba'ad yeh alfaz bayan huew hain ke:

ہریکے ازیں سہ مقام ندارد و طلب و سعی ہم ندارو ماتم نمی کند آں ازگروۂ مہدی نباشد از مدعیاں و مکذباں ناشد (روایت 223)

Is-se zahir hai ke jo log Deedar-e-Ilahi se mutaliq Musharraf na huew hon un-se Nafs-e-Iman ki nafi nahin ki-gaee hai magar afsos ke Muallif-e-Hadiya-e-Mahdavia ne yeh ilzam ayad kiya hai ke jin Mahdaviyaun ko Deedar hasil nahin who sab Kafir hain. Hanlan-ke isi qism ke Ahkaam ki misalein Aayaat wa Ahadees mein bhi maujood hain maslan Allahu Ta-aala farmata hai:

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿47﴾ (سورۃ المآئدۃ)

Translation:- Allah ne jo kuch Nazil farmaya hai jo log us-ke Muabiq Faislah/Hukm na-karein who Fasiq hain.
Hadees-e-Shareef hai ke:

(1) لا ایمان لمن لا امانة له ولا دین لمن لا عهدله۔ **Translation: Jis shakhs mein Amanat na ho us-ko Iman nahin hai, jis mein Ahed ki pabandi na ho us-ko Deen nahin.**

(2) المسلم من سلم المسلمون من یدہٖ و لسانه۔ **ایضاً :- Translation:- Musalman wahi hai jis ke haath se aor jis-ki zaban se dosre Muslaman mahfooz rahein.**

(3) من ترک الصلوٰة متعمداً فقد کفر۔ **ایضاً:- Translation:- Jis ne amadan Namaz tark ki woh Kafir huwa.**

(4) لیس بمومن مامن بات شبعاناو جارہ جایع۔ **ایضاً:- Translation:- Woh shakhs Mo'min nahin jis ka hamsaya bhooka ho aor khud pait bhar kha kar raat guzaare.**

Aisi bahut sari misalein hain. Ab suwal yeh hai ke kiya in Ahkaam ki Itteba' jin Musalmanaun mein na paee jaye woh Muslaman wa Mo'min nahin kahlaye jasakte? Is ka jo bhi jawab hoga wahi hamara jawab hai.

Allah ka Deedar chashm-e-sar ya chashm-e-dil ya khawb mein hone ke bare mein Mahdavia ka jo Maslak hai who bhi Musallimaat-e-Ahl-e-Sunnat ke mughaer nahin hum is ki bhi mukhtesar tauzih dete hain.

Sgarag Muaqif jo Ilm-e-Kalam ki mash-hoor kitab hai us-mein Deedar ke muta'liq yeh bayan kiya gaya hai:-

ها سمعا اجتمعت الائمة من اصحابناعلیٰ ان رویةالله تعالیٰ فی الدنیا و الاٰخرة جائزة عقلاً واختلفوا فی جواز فی الدنیا فاثبة بعضهم و نفاه اٰخرون۔

Translation:- Allahu ta-aala ki ru'yat, Duniya wa Aakhirat mein aqlan jaez hone par hamare Aemma RA ka Ijma' hai. Aor ba-Aetebar-e-Naql Duniya mein jaez hone par ikhtelaf hai. Ba'az ne Duniya mein Deedar hone ko sabit kiya hai aur Ba'az ne is ki Nafi ki hai. Aor Shara-e-Aqayed

mein likha hai ke:- هٰذا مشعر بامكان الروية فى الدنيا ۔ **yani yeh isharah hai is-baat ka ke Duniya mein Ru'yat mumkin hai. Aor Allama Taftazani RA ne Sharah-e-Maqasid mein zikr kiya hai ke:-**

Translation:- اما الاجماع فاتفاق الامة قبل حدوث المخالفين علىٰ وقوع الروية۔ **Mukhalifeen paida hone ke pahle Ummat-e-Muhamadiya SAWS ne woqoo-e-ru'yat par ittefaaq kiya hai.**

ایضاً :- حتى روى حديث الروية احدو عشرون رجلاً من كبارالصحابة رضى الله عنهم۔

Translation:- Ru'yat ki hadis akkees (21) jaleelul qadr Sahabiyaun RZ se marwi hai. Qur'aan-e-Majeed mein Deedar-e-Ilahi se mutalliq jo Aayatein hain un-se hum yahan sirf aik Aayat ki bahes par iktefaa karte hain aor yeh aise Aayat hai ke jis par Ma'rekatul Aaraa bahsein huwee hain. Allahu Ta-aala farmata hai:-

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ز وَهُوَيُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَاللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿103﴾ (سورة الانعام)

Translation:- Absar us-ka (Allahu Ta-aala ka) idraak nahin kar sakte aor woh absar ka idraak karta hai aor woh Lateef Khabeer hai.

Ba'az jamataun ne is-Aaya-e-Shareefah se nafi-e-Ru'yat par istedlaal kiya hai aur Mufassireen-e-Ahl-e-Sunnat ne-is se Deedar-e-Ilahi ka saboot bayan kiya hai. Chunache Imam Fakhruddin Raazi RA ne tafseelan bahes karte huwe muta'did dalayal se sabit kiya hai ke is-Aayat se Deedar-e-Ilahi ki nafi nahin balke Ta'eed hoti hai.

Wazeh ho ke kisi shaye ko dekhne ki omooman do sooratein hoti hain aik yeh ke shaye ka jitna hissa nazar ke muqabil ho utna hi dekha jasake. Dosri yeh ke kisi shaye ke sare atraaf wa jawanib ba-yak nazar dekh sakein. Is lehaaz se Riwayat ki do qismein huwein. (1) Ru'yat-e-La-Ma'al-Ihaatah (2) Ru'yat-e-Ma'al-Ihaatah. Dosri soorat ko Idraak kahte hain.

Is-Tauzih se Zahir hai ke Aaya-e-Sharifah mein Idraak ki nafi ki gaee hai jo bulkul durust hai. Kuin-ke Allahu Ta-aala ki zath Be-hadd-o-Nehayat

hai is-liye is zath ka Idraak yani us-ki Ru'yat Ma'al-Ihaatah yaqeenan mumtane' hai. Isi-liye Idraak ki nafi ki gaee hai laikin is-Idraak ki nafi se Nafs-e-Ru'yat ki nafi ka saboot nahin hosakta. Is-ke qata'-e-nazar Nafi-e-Ru'yat par dalalat karne wali saaf wa sareeb koi Aayat-e-Qur'aan-e-Majeed maujood hi nahi hai. Imam Mausoof ka istedlaal mulahezah ho:-

افنقول المرئی اذاکان له حدونهایة و ادرکه البصر بجمیع حدوده و جوانبه و نهایاته کان ذالک الابصار احاط به فتسمتی هٰذه الروية ادراکا ۔ امااذالم یحط البصر بجوانب المولیٰ لم تسم تلک الروية ادرکا۔ فالحاصل ان الروية جنس تحتها نوعان روية مع الاحاطه و روية لا مع الاحاطه۔ والروية مع الاحاطة هوالمسماة بالادراک فنفی الادراک یقید نفی نوع واحد من نوعی الروية۔ و نفی النوع لا یوجب نفی الجنس فلم یلزم من نفی الادراک عن الله نفی الروية من الله فهذا وجه حسن مقبول فی الاعتراض علیٰ کلام الخصم (تفسیرِ کبیر الجزءالرابع صفحه 170)

Translation:- Hamara istedlaal yeh hai ke jab koi shaye mahdood ho aor us-ke poore hudood wa jawaanib wa nehaayaat ka Basr ne Idraak karliya ho to goya Basr ne shaye ka aehaatah karliya. Aise Ru'yat ko Idraak kahte hain. Laikin Basr shaye ne shaee ke poore jawanib ka aehaatah na kiya to aisi Ru'yat ko Idraak nahin kaha jata. Hasil yeh ke Ru'yat Jins hai jis ke tahet do nau' hain. Aik Ru'yat Ma' al-Ihaatah dosri Ru'yat-La- Ma' al-Ihaatah. Aur Ru'yat Ma' al-Ihaatah ko Idraak kaha jata hai. Pas nafi-e-Idraak se do nao'aun mein sirf aik nao' ki nafi muta'yin hochuki. Aor qaedah yeh hai ke Nao' ki nafi se Jins ki nafi lazim nahin aati. Pas Idraakullah ki nafi se "روية الله" RU'YATULLAH ki nafi lazim aati aor yeh daleel-e-khism ke aeteraaz ke jawab mein achchi wa maqbool hai.

Ulama par makhfi nahin ke tamaam Akabir-e-Ahl-e-Sunnat, bila Ikhtelaf nafs-e-masala-e-Deedar-e-Ilahi ke qayal hain aor Aakhirat mein dedear se Musharraf hone ke bare mein bhi sab muttafiq wo mo'teqid hain. Albatta ba'az ko ikhtelaaf hai to duniya mein Deedar-e-Ilahi ke sharf ke bare mein hai. Laikin yeh bhi koi aisa mushkil amr nahin kuin-ke jo Khuda-e-Qadeer jis-tarha Qiyamat mein jin Mo'mineen ko Deedar se musharf hone

ke qabil nazar ata farmayane ki Qudrat rakhta hai wahi Khuda is-Duniya mein bhi aisi nazar ata karne se hargiz A'ajiz nahin.!!!

Imam Mohiuddin Ibn Arabi RA farmate hain:-

فعلم انه کلما جازوقوعه فی المنادوفی الدار الآخرة جازو قوعه و تعجیله لمن شاء فی الیقظة و الحیٰوة الدنیا۔
(فتوحاتِ مکیه باب 64)

Translation:- Maloom ho ke jab Deedar ka wuqoo, khwab mein aor Aakhirat mein jaez hai to jis shakhs ko Allh chahe baidaari aor is zindagani, Duniya mein bhi is ke liye Deedar ka wuqoo jaez hai. Hazrat Ba-Yazeed RA farmate hain:-

ان اللہ اجتجب عن القلوب کما اجتجب عن الابصار فان اوقع تجلیا فابصرو الفوا دو احد (عرایس البیان)

Translation:- Allahu Ta-aala jis tarha Aankhaun se hijab mein hai usi-tarha Quloob se bhi hijab mein hai. Pas agar woh apni Tajalli Dale to Phir Aankh aur Dil dono aik hain. Hazrat Jaami RA farmate hain:-

دیدِ محمدؐ نه بچشمِ دگر ☆☆☆ بلکه ہمیں چشمِ سر و چشمِ سر

Hazrat Khawja Banda Nawaz RA ne Hazrat Shaikh Sahar-Wardi RA ki aik Kitab ki sharah likhi hai jis ka naam "Aadaabul Murideen" hai. Us-mein Deedar se mutalliq yeh likha hai:-

واجماع صوفیان است که خدائے تعالیٰ بدیں چشمے که برروئے است ایں صدقه که ہست وروشنائی که دریں حدقه که ہست ہمبریں روشنائی که خدائے را خواہنددید --- من که محمد حسینی ام می گویم که خدائے را بزرگاں باشند که ہم دردنیا بچشمِ دل بینند----ثابت شد که طالب صادق و مشتاق واثقِ جمالِ حضرت سبحانه و تعالیٰ بلا کیف و کیفیته دردنیا بیند۔(آداب المریدین)

Translation:- Yani is-baat par Sufiyaun ka ijma'a hai ke in-Aankhaun se jo ke chehre par hain aor in-hein Hadqaun se ke jin mein raushini hai isi raushnaaee se Allahu Ta-aala ko dekh sakte hain. Mein jo ke Muhammad Husaini huin kahta hun ke aise Burzrug Bande bhi hain ke jinhuin-ne is-Duniya mein Khuda ko chasm-e-dil se dekha hai. (is ke baad aage chal-kar

tahreer farmate hain ke) Sabit hai ke Talib-e-Sadiq aur Mushtaaq-e-Wasiq Hazrat-e-Subhanahu Ta-aala ke jamal ko is-Duniya mein dekh sakta hai.

آدمی دید است باقی پوست است ☆☆☆ دیدآں باشد که دید دوست است (مولانا رومؒ)

Is Mukhtesar bahes se zahir hochuka ke Muallif-e-Hadiya-e-Mahdavia ne Deedar -e-Ilahi ke bare mein Mahdavia ke Maslak ko Musallimaat-e-Ahle-Sunnat se mughaer qarar deni ki jo koshish ki bahar-jahat galat hai. Albatta baat sirf itni-si hai ke Talab-e-Deedar-e-Khuda ki Farziyat, Ahl-e-Sunnat mein muta'aruf nahin thi Hazrat Imamuna AHS ne ba-Hukm-e-Khuda Farz qaraar diya hai aur is ke mazeed sabot ke taur par Qur'aan-e-Majeed ki Aayaat bhi bayan farmaee hain… yahan aik Sharaee Zabetah paish-e-nazar rakhna kafi hai woh yeh ke Allahu Ta-aala jis Amr ka Hukm de-aur jis Amr se Mana' kare aor us-ki Khilafwarzi ki saza dozakh qaraar de-to us Hukm ki Itteba' karna aur Oo-Amr mamnoo' ko tark karna Farz hoga. Bahrul-Ulooom Allam Shamsi Marhoom ne is-Zabete par Tanveerul Hiydaya mein bahes ki hai. Allahu Ta-aala Deedar se mutalliq farmata hai.:-

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿110﴾ (سورة الكهف)

Translation:- Jis ko apne Parwardigaar ke Deedar ki tamanna ho os par wajib hai ke Amal-e-Saleh (Tark-e-Duniya/Tark-e-Shirk wa khudi) kare aor uss-ki Ibaadat mein kisi ko shareek na jane.

"لقاء LIQA' " ke ma'naun mein bhi Ulama' ne bahes ki hai. Ba'az n e "Sawab"

aor ba'az ne "Rujoo'-Ilallah muraad li-hai. Asal yeh hai ke Ulama-e-Mutaqaddi-meen-e-Mutakallim ke zamane mein Unaani Falsafah ki Aalam-e-Islam mein shuhrat ho-chuki thi aor Ghair Muslim Ulama' ki taraf se inhein Osool par aeterazaat kiye jar-rahe the. Is-liye Ulama' ka ziyadah waqt in-hein mubahis mein guzar raha tha. Aor Falsafe ki-aam

maqbooliyat ki wajhe Ulama-e-Ma'qool ne yeh Dawa kardiya ke Sharaaye Ambiya' Alaihimussalam Falsafa se bilkul muta'biq hain. Is dawe ki bina par in-ke liye lazim hogaya ke Masael-e-Shariyah ko Mubahis-e-Falsafah se muta'biq karei is-kaam ke-liye unhuine Shara'ye Ilahiyah mein Hazaraun Taweelein kari padein Deedar ke bare mein "Mo'tzilah" waghairah ke Ikhtelaf ki bhi yahi wajhe hai ke Sharayat-e-Ru'yat jo Falsafeh mein mazkoor hain un-ke lehaaz se Ru'yat-e-Bari Ta-aala ko agar mumkin wa jaez qaraar diya jaye to Allahu Ta-aala ke liye jis aor lawazim hona lazim aayega jo sahih nahin. Is-liye unhuin-ne Kamal-e-Tanziya karte Imkaan-e-Ru'yat-e-Bari se inkaar kiya. Aor Ru'yat se mutalliqa Aayataun ke alfaz mein Taaveelaat ki takleef uttaee. Agar che "Ashaaerah ne Mo'tzilah" ke rad-ki koshish ki hai. Laikin un-ke Ba'az Isted-laalaat bhi laghzish se bari nahin hain. In sab kharabiyaun ki Illat wahi Falsafe se mutaabiq karne ki kooshi hai.

Allahu Ta-aala ne apni Zaath ko Noor se Mausoof kiya hai aor yeh farmata hai ke اللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ **aor Noor aisa hai ke adnaa wa Aalaa us-ko mahsoos samjhte hain. Aor is-ko Ashraf-e-Mahsoosaat jante hain balke Noor ki wahje se dosri cheezaun ka bhi Idraak karte hain. Jab Allahu Ta-aala ne apna naam Noor rakha hai aor Noor kijahet se sab qism ki ashyaa ki Ru'yat hoti hai to usi-Noor hone ki jahet se Allahu Ta-aala ki zaath bhi Jaezur-Ru'yat hogi aor jo Jaezur-Ru'yat hogi ho us-ki Talab muhaal nahin. Pas Mo'tezilah ke sare aeterazaat jin ki bina' Osool-e-Aqliyah par hai aor jin ka mansha' kamaal-e-tanziya hai is-taqreer se ot-h-gaye aor Ashae'rah ke un-Taaveelaat ki bhi zaroorat na rahi jo taujeeh wa Taaweel-e-Aayat "** لَنْ تَرَانِیْ **" mein paish karte hain. (Tanveerul Hidaya Safah 138)**

Is-ke ilawah jab ke tamaam Filasifah is-amr mein muttafiq hain ke Allahu Ta'ala ki Zaath "Maaddi Jism aor Lawazim" se bari hai to Ru'yat-e-Bari Ta-aala ke bare mein Ru'yat ki in-sharayat ki bahes hi be-sud hai jo Maddi-Jism aur us-ke lawazim se-ta'luq rakhti hain warna yeh qiyas

Ma'ul Fariq ke Hukm mein hoga jis ka nateejah-e-saboot kabhi Sahi nahin hosakta. Is-se zahir hai ke "لقاء LIQA'" ke laqhwi ma'ni "Deedar" ko chod dena aor mahez Maddi Jism ki Sharayat-e-Ru'yat ko paish-e-nazar rakh kar be-jaa Taaweelaat mein mubtela hona durust nahin. Isi liye Imam Raazi RA ne Zaraar bin Umr-ul-Koofi ka bayan naql kiya hai ke:-
وانما برى بحاسة مادمة يخلقها الله تعالٰى بالبصر (تفسير كبير الرابع 171) **Translation: Be-shak aik chati Quwat-e-Hassah ke zarye (Allahu Ta-aala ki) Ru'yat hasil hogi jise Allah Basr mein paida farmadega.**

Aage chal-kar Imam Raazi RA ne ba'az logaun ke is-khiyal ki ke "Ah-le-Jannat" qurbat ki wajhe Deedar se Musharraf aor Ah-le-Naar doori ki wajhe mahroom rahte hain, tardeed karte huwe likha hai ke:-

بل لا ته يخلق الروية فى عيون اهل الجنة ولا يخلقها فى عيون اهل النار (جلد رابع 173) **Translation:**
Balke is-ki wajhe yeh hai ke Allahu Ta-aala Ah-le-Jannat ki Aankhaun mein Ru'yat ki salahiyat paida farmata hai aor Ah-le-Dozakh ki aakhaun mein nahin paida farmata. Farz jo Hukm-e-Qur'aan-e-Majeed aur Hadees-e-Mutawatir se sabit ho aam azein ke woh Tanzeehi ho-ya Tashbeehi is par Iman lana Farz hai khwa' hamari aql is-ke ma'ni daryaaf karsake ya daryaft se qasir rahe.

عقل کو تنقید سے فرصت نہیں ☆☆☆ عشق پر اعمال کی بنیاد رکھ (اقبالؔ)

Pas ishq ka iqteza' Ahkaam ki Taqleed ke siwaye kuch nahin.

Hasil kalam yeh ke "Liqaa' لقاء" ke ma'ni "Deedaar" hain is-ke siwaye dosre mua'ni bayan karna Taaweelaat-e-Baeedah hain isi liye Aayaat-e-Mazkurah ki Tafseer mein Imam Fakhruddin Raazi RA likhte hain:-
واصحابنا حملو القاء الرب على روية (تفسير كبير جلد 5 صفحه 761)

Translation:- Yani hamare sathiyaun ne Liqaa'-e-Rabb ko Ru'yat par muhmil kiya hai. Sahib Baizavi ne likha hai ke:(يامل حسن لقاءله (جلد 1 صفحه 55)
Translation:- Yani Allah ka Husn Liqaa' ka Aarzooman hai.

Is ke ilawah aisi Aayat bhi milti hai jis mein Deedar ki Aarzoo na karne walay ka thikana Dozakh qaraar diya gaya hai.

اِنَّ الَّذِیۡنَ لَا یَرۡجُوۡنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوۡا بِالۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا وَاطۡمَاَنُّوۡا بِہَا وَالَّذِیۡنَ ہُمۡ عَنۡ اٰیٰتِنَا غٰفِلُوۡنَ ۙ﴿۷﴾ اُولٰٓئِکَ مَاۡوٰىہُمُ النَّارُ بِمَا کَانُوۡا یَکۡسِبُوۡنَ ﴿۸﴾ (سورۃ یونس)

Translation:- Jo log hamare Liqaa' (Deedar) ki ummeed nahin rakhte aor Hayat-e-Duniya se khush hogaye aor usi-par mutma'in hogaye aor jo log hamari Nishaniyaun se gafil hain un-sab ka thikana ua-ke a'amaal ki wajhe se Dozakh hai. Imam Fakharuddin Raazi RA ne is Aayat ki Tafseer mein likha hai ke:-

واعلم ان حل فرجا علی الخوف بعید لان تفسیر الغد بالهند غیر جالزولا مقع هیا من حل ارجفاء علیٰ ظاہرہ الجۃ
(تفسیر کبیر جلد 4 صفحہ 502)

Translation:- Wazeh ho ke Raja' ka khawf par mahmool karna baeed hai kuin-ke Zid ki Tafseer Zid se karna jaez nahin hai aor is-mein shak nahin ke yahan Raja' ko us-ke zahiri ma'ani par mahmool karne mein koi maane' nahin hai. Hasil yeh ke Deedar-e-Ilahi ki umeed na rakhne aur Hayat-e-Duniya se khush wa mutma'in ho-jane ki saza Dozakh qaraar di-gaee hai lehaza Talab-e-Deedar-e-Khuda ko Farz tasleem karna hoga. Is-bahes ke qata'-e-nazar jab ke Mahdi-e-Mau'ood Khalif-atullah, Mamoor Minallah hain aur Kitabullah wa Sunnat-e-Rasoolullah ki pairawi Ta'aleem-e-Bilawasitah se karte hain jis ka bayan Riwayat 9 aur 10 ki tauzih mein kiya jachuka hai mulahezah ho. Is lehaz se Aap AHS jis Amr ko Farz qaraar deinge Wajibul Aeteqaad wal Amal hoga.

Riwayaat (3)(227) mulahezah ho ke Hazrat Imamuna AHS ne farmaya

Banda Hazrat Rasoolullah SAWS ke qadam ba-qadam chalta aayaa hai aur Binaaee-e-Chasm-e-Sar wa Binaaee-e-Chasm-e-Dil mein Aan-Hazrat SAWS ki poori mutabe'at rakhta hai aor Chasm-e-Sar wa Chasm-e-Chasm-e-Dil ki Itlaaqiyat is-darjah par phunch chuki hai ke aik Raungta Aaena wa Chasm ban chuka hai. Aor Aap AHS ke Sahabi Hazrat Syed

Khundmir RZ ne aik dafa' farmaya:- Allhahu Ta-aala ne Bandae ko aik baal ko do aankhein inaayat kein jin se mein ne Khuda ko dekha. Isi liye Imamuna AHS ne Aap RZ ko yeh Basharat bhi di ke:-

"برادرم سید خوندمیر فنا فی اللہ شدہ بہ بقا باللہ رسیدند" **Translation:- "Biradaram Syed Khundmir Fana-Fillah shuda ba-Baqa-Billah Raseedand." Fana-Fillah Ru'yat-e-Chasm-e-Sar hai aur Baqa-Billah "Moo-ba-Moo daraye Moo-ba-Moo" is se zahir hai ke Ru'yat ki do qism hain. Agar Bila-Wasitah ho to who Ru'yat-e-Mutlaqah hai agar Bil-Wasitah ho to Muqaiy-yadah. Ru'yat-e-Mutlaqah, Nazi-e-Tajalli-e-Zaat ko hasi hoti hai aor wahi Musalman-e-Taam hai. Isi liye Mahdavia ke pas sabit hai ke Naziraan-e-Tajalli-e-Zaat aor Musalmanaan-e-Taam Khatimain Alaihimas-Salam hain. Allhu Ta-aala ne jo farmaya :-**

